☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 28 جمادی الاول 1446ھ 02 دسمبر 2024ء 16 مگھر 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 47

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

26 نومبر کے تمام ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، عطا تارڑ

پی ٹی آئی کی جانب سے اپنی ناکامی چھپانے کے لیے جھوٹی کہانیاں بنائی گئیں، اسلام آباد میں ناکامی پر جھوٹ بولا جارہا ہے

خفیہ رپورٹس تھیں فائنل کال کی آڑ میں قتل وغارت کی جائے گی، تحریک انصاف کے احتجاج میں 37 افغان شہری تھے، وفاقی وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے 26 نومبر کے تمام ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ کا کہنا تھا پی ٹی آئی کی جانب سے اپنی ناکامی چھپانے کے لیے جھوٹی کہانیاں بنائی گئیں، اسلام آباد میں ناکامی پر جھوٹ بولا جارہا ہے، ریاست کبھی گھٹنے نہیں ٹیکتی، ریاست کا کام ہی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک بھر میں سوشل میڈیا سروسز سست روی کا شکار

عام صارفین، آن لائن کاروبار، بیرون ممالک آئی ٹی کی سروسز دینے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا

اسلام آباد/لاہور/کراچی/پشاور (این این آئی) ملک بھر میں سوشل میڈیا سروسز ایک بار پھر سست روی کا شکار رہیں جس کے باعث صارفین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا، آن لائن کاروبار، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور بیرون ممالک آئی ٹی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

پی ٹی آئی نے ایک ایجنڈے پر پاکستان کو کمزور کیا، رانا تنویر حسین

پی ٹی آئی نے ایک ایجنڈے پر پاکستان کو کمزور کیا اور آج پھر مخصوص ایجنڈے پر کام کر رہی ہے، وفاقی وزیر

شیخوپورہ (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار و نیشنل فوڈ سکیورٹی رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان تیزی سے معاشی ترقی کر رہا ہے اور دنیا ہماری معاشی پروگرام کو سراہا رہی ہے، ملکی تاریخ میں پہلی بار سٹاک ایکسچینج میں کاروباری سرگرمیوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سندھ کے یوم ثقافت پر مبارکباد

سندھ پاکستان اور دنیا کے کونے کونے میں موجود سندھی بہن بھائیوں کو سندھی ثقافتی دن پر مبارکباد پیش کرتی ہوں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سندھ کے یوم ثقافت کے موقع پر خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ سندھ پاکستان اور دنیا کے کونے کونے میں موجود سندھی بہن بھائیوں کو سندھی ثقافتی دن پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے پیغام میں سندھی یوم ثقافت پر محنتی اور مہمان نواز سندھی بہن بھائیوں کو اہل پنجاب کا سلام پیش کیا اور کہا کہ سندھ کی اجرک، سندھی ٹوپی، دلکش موسیقی، شاعری اور پاکستانی کی ثقافتی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں۔ سندھ کی خوبصورت اور قدیم تہذیب وثقافت سب کے لئے دلکشی کا سبب ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سندھ کی ثقافت منفرد اور تنوع سے مالا مال ہے۔

ایڈز کے مریض نفرت نہیں ہمدردی کے مستحق ہیں، مریم نواز شریف

ایڈز کی روک تھام، جانچ اور علاج تک رسائی میں عدم مساوات کو ختم کرنا ہوگا، عالمی دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایڈز سے بچاؤ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ایڈز اہم سماجی اور اقتصادی مسئلہ ہے، بچاؤ کے لئے سب کو کاوشیں کرنا ہوں گی۔ اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ایڈز سے متاثرہ افراد کے علاج اور رہنمائی کو یقینی بنا کر معاشرے کا کارآمد شہری بنانا ہمارا عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایڈز کے مریض نفرت نہیں ہمدردی کے مستحق ہیں۔ ایڈز کی روک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا مہم پاکستان میں انتشار بدامنی، تفرقہ بازی کو فروغ دے رہی ہے، وزارت داخلہ

پاک فوج کا پر تشدد ہجوم سے براہ راست ٹکراؤ نہیں ہوا، وزارت داخلہ

اندرون اور بیرون ملک ایسے عناصر کا متعلقہ قوانین کے تحت احتساب کیا جائے گا، پرتشدد مظاہرین سے 18 خودکار ہتھیاروں سمیت 39 مہلک ہتھیار برآمد ہوئے ہیں، پکڑے گئے شرپسندوں میں تین درجن سے زائد غیرملکی اجرتی شامل ہیں

ڈیوٹی پر متعین تین رینجرز اہلکاروں کو گاڑی چڑھا کر شہید کیا گیا، پرتشدد مظاہرین نے ایک پولیس اہلکار کو بھی شہید کیا، پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر ایک منظم پراپیگنڈہ شروع کر دیا ہے

من گھڑت سوشل میڈیا مہم کے دوران پرانے اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے تیار کردہ جھوٹے کلپس کا استعمال بھی کیا جارہا ہے، بدقسمتی سے غیرملکی میڈیا کے بعض عناصر بھی اس پروپیگنڈہ کا شکار ہو گئے ہیں، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا مہم پاکستان میں انتشار بدامنی اور تفرقہ بازی کو فروغ دے رہی ہے، اندرون اور بیرون ملک ایسے عناصر کا متعلقہ قوانین کے تحت احتساب کیا جائے گا، پرتشدد مظاہرین سے 18 خودکار ہتھیاروں سمیت 39 مہلک ہتھیار برآمد ہوئے ہیں، پکڑے گئے شر پسندوں میں تین درجن سے زائد غیر ملکی اجرتی شامل ہیں، ڈیوٹی پر متعین تین رینجرز اہلکاروں کو گاڑی چڑھا کر شہید کیا گیا، پرتشدد مظاہرین نے ایک پولیس اہلکار کو بھی شہید کیا، پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر ایک منظم پراپیگنڈہ شروع کر دیا ہے، من گھڑت سوشل میڈیا مہم کے دوران پرانے اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس سے تیار کردہ جھوٹے کلپس کا استعمال بھی کیا جارہا ہے، بدقسمتی سے غیر ملکی میڈیا کے بعض عناصر بھی اس پروپیگنڈہ کا شکار ہو گئے ہیں۔ اتوار کو وزارت داخلہ سے جاری پریس ریلیز کے مطابق 21 نومبر کو اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی حکومت کو امن وامان ہر قیمت پر قائم رکھنے کی ہدایت کی، ہائی کورٹ نے وزیر داخلہ کو ہدایت کی کہ وہ امن وامان کے حوالے سے پی ٹی آئی قیادت سے رابطہ کریں، بیلاروس کے صدر اور اعلیٰ سطحی چینی وفد کے دورے کے پیش نظر پی ٹی آئی کو متعدد بار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

سابق رکن قومی اسمبلی علی حسن گیلانی کار حادثے میں جاں بحق

کار میں سوار چار افراد شدید زخمی، ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

بہاولپور (بیورو رپورٹ) بہاولپور کی تحصیل احمد پور شرقیہ سے تعلق رکھنے والے سابق رکن قومی اسمبلی علی حسن گیلانی کار حادثے میں جاں بحق ہو گئے جبکہ ان کے ساتھ کار میں سوار چار افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں ٹی ایچ کیو ہسپتال احمد پور شرقیہ منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو کے مطابق علاقہ نبی پور احمد پور روڈ پر علی حسن گیلانی کی گاڑی تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر سڑک کنارے کھڑے منی ٹرک سے جا ٹکرائی جس کے باعث علی حسن گیلانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

پی ٹی آئی پر پابندی بہت بڑی غلطی ہوگی، شاہ محمود قریشی

پیپلز پارٹی، مولانا فضل الرحمان اور محمود خان اچکزئی کا شکریہ کہ انہوں نے پابندی کی بات کو مسترد کیا، گفتگو

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانا صوبے میں نفرت پھیلانے کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے وائس چیرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب وچیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افیئرز امجد ملک ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ذیابیطس شوگر کے پیدائشی مریض بچوں کیلئے مفت انسولین کی فراہمی کا پراجیکٹ

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ٹاپ ون ڈایابیٹک بچوں کو انسولین ان کے گھر پر ہی پہنچائی جائے گی۔ چیف منسٹر مریم نواز پروگرام کے تحت ٹاپ ون ڈایابیٹک بچوں کے رجسٹریشن کا آغاز

ننھے بچے پھول کی مانند ہوتے ہیں، مرجھانے نہیں دیں گے، ماں ہوں بچوں کی تکلیف اور بیماری کا شدت سے احساس ہے، مریم نواز

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ذیابیطس/شوگر کے پیدائشی مریض بچوں کے لئے مفت انسولین کی فراہمی کا پراجیکٹ کا لانچ کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ٹاپ ون ڈایابیٹک بچوں کو انسولین ان کے گھر پر ہی پہنچائی جائے گی۔ چیف منسٹر مریم نواز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد سے پی آئی اے کی 5 پروازیں منسوخ

ملک کے مختلف ایئر پورٹس سے 27 ملکی اور غیرملکی پروازیں تاخیر کا شکار ہوگئیں

اسلام آباد (این این آئی) آپریشنل وجوہات کی بنا پر آج اسلام آباد سے پی آئی اے کی 5 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق ملک کے مختلف ایئرپورٹس سے 27 ملکی اور غیرملکی پروازیں تاخیر کا شکار ہیں۔ کراچی سے اسلام آباد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

لکی مروت: تھانہ پر دہشتگردوں کی فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

پولیس کی جوابی فائرنگ کرنے پر دہشت گرد فرار ہو گئے، سرچ آپریشن جاری

لکی مروت (این این آئی) خیبر پختون خوا کے شہر لکی مروت میں تھانہ پیزو پر دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں اہلکار کرامت اللہ شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق پولیس کی جوابی فائرنگ کرنے پر دہشت گرد فرار ہوگئے۔ پولیس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی تحریک مزید مضبوط ہوگئی، بیرسٹر سیف

حکومت سمجھتی ہے بربریت سے تحریک کمزور ہوگئی تو یہ ان کی بھول ہے، بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ ڈی چوک احتجاج کے بعد بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی تحریک مزید مضبوط ہوگئی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت سمجھتی ہے بربریت سے تحریک کمزور ہو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

پی ٹی آئی نے سات دسمبر کو احتجاج کی کوئی کال نہیں دی، شیخ وقاص اکرم

بانی چیئرمین کی ہدایت کے بعد ہی اگلا لائحہ عمل طے ہوگا، ترجمان کی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ اسد قیصر نے سات دسمبر کو احتجاج کی کوئی کال نہیں دی۔ ترجمان پی ٹی آئی نے کہا کہ کسی نئے احتجاج کا اعلان نہیں کیا گیا، بانی چیئرمین کی ہدایت کے بعد ہی اگلا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

جتھوں سے فیڈریشن پر چڑھائی کرنے والے این آر او نہیں ملتے، عظمیٰ بخاری

بانی پی ٹی آئی اور ان کی جماعت کو ختم کرنے کے لیے بشریٰ بی بی کافی ہے

پی ٹی آئی کے کارکنوں کے اصل مجرم علی امین اور بشریٰ بی بی ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (سمعیہ فیاض) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جتھوں سے فیڈریشن پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اسلام آباد میں پفوا چیریٹی بازار کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان مرکزی جمعیت اہلحدیث کے امیر سینیٹر ساجد میر سے ملاقات کر رہے ہیں

فتنہ گروہ کی پسپائی عوام کو ریلیف دینے میں مزید تیزی آئے گی، شہباز شریف

اوورسیز پاکستانیز دل کے انتہائی قریب ہیں، وزیراعظم سے وائس چیئرپرسن او پی سی پنجاب بیرسٹر امجد ملک کی ملاقات

شہباز شریف نے بیرسٹر امجد ملک کو وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی

لاہور (این این آئی) وائس چیئر پرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب اور چیف کوارڈی نیٹر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

لاہور، ازبکستان کے سفیر پی سی ایم ای اے کے دورہ کے موقع پر اظہار خیال کر رہے ہیں

سپیکر ملک احمد خان کی جامعہ سلفیہ میں مرکزی امیر ساجد میر سے ملاقات

مدارس علوم دینیہ، اسلامی اقدار کے محافظ ہیں، دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں، ملک احمد خان

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے مرکزی جمعیت اہلحدیث کی مرکزی درسگاہ جامعہ سلفیہ میں مرکزی امیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر سے ملاقات کر کے مدارس کے کردار اور ان کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں یاسین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

سیاسی مخالفین کی ترجیح فساد پھیلانا، (ن) لیگ کا مشن معاشی ترقی ہے، احسن افضل کھوکھر

بانی پی ٹی آئی اور ان کی جماعت ہر صورت ملکی ترقی کا سفر روکنا چاہتے ہیں، رہنما مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ سیاسی مخالفین کی ترجیح فساد پھیلانا جبکہ مسلم لیگ (ن) معاشی ترقی کا سفر تیز کرنا چاہتی ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کی جماعت ہر صورت ملکی ترقی کا سفر روکنا چاہتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

حکومت، اپوزیشن کو ایک میز پر بیٹھنا ہوگا، چودھری بابر وحید

وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی، وائس چیئرمین پنجاب بار

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری بابر وحید نے کہا ہے کہ سیاسی پولرائزیشن معاشرے اور معیشت کیلئے زہر قاتل ہے، حکومت اور اپوزیشن کو معاملات کے حل کیلئے ایک میز پر بیٹھنا ہوگا، وکلاء قیادت حالات میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

بلاول بھٹو زرداری کا مخدوم سید علی حسن گیلانی کے ٹریفک حادثے میں کے انتقال پر دکھ و افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق ایم این اے مخدوم سید علی حسن گیلانی کے ٹریفک حادثے میں کے انتقال پر دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ سوگوار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

وی پی اینز کی رجسٹریشن کیلئے کب تک توسیع کی گئی یہ وزارت داخلہ کا معاملہ ہے، حفیظ الرحمن

وی پی اینز کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ گزرنے کے بعد بلاک نہیں کیا جائیگا، چیئرمین پی ٹی اے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے چیئرمین میجر جنرل (ر) حفیظ الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت نے ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورکس کو رجسٹر کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کی منظوری دے دی۔ میڈیا رپورٹ میں چیئرمین پی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پاک روس بین الحکومتی کمیشن کا اجلاس (آج) سے ماسکو میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور روس کے بین الحکومتی کمیشن کا اہم اجلاس آج (پیر) سے ماسکو میں شروع ہوگا۔ پاکستان سے وفاقی وزیر توانائی سردار اویس خان لغاری کی سربراہی میں 11 رکنی وفد شریک ہوگا۔ دوروزہ اجلاس میں 3 ارب ڈالرز پی ایس جی پی پروجیکٹ (پاکستان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

پی ٹی آئی قیادت میدان سے بھاگی، غریب کارکن پکڑے گئے، فیصل کریم کنڈی

بلوچستان کی طرح باقی اسمبلیاں بھی شاید پی ٹی آئی پر پابندی کی قرارداد منظور کریں گی، انٹرویو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ شرپسند جماعتوں پر ماضی میں بھی پابندی لگی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارلیمان سمجھتی ہے کہ پی ٹی آئی پر پابندی لگنی چاہیے تو پھر لگے گی۔ فیصل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

غیر آئینی اقدامات کے باعث ملک کے دو صوبے بدامنی کے حوالے سے متاثر ہیں، مفتی اسعد محمود

اسلام آباد میں احتجاج کے دوران پیدا ہونیوالی صورتحال پر تشویش ہے، سابق وفاقی وزیر

احمد یار (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے فرزند سابق وفاقی وزیر و سابق سینیٹر مفتی اسعد محمود نے کہا ہے کہ غیر آئینی اقدامات کے باعث ملک کے دو صوبے بدامنی کے حوالے سے متاثر ہیں، ملک میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

ہماری حکومت میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

سی ٹی ڈی نے ہزاروں دہشت گرد کارروائیاں ناکام بنائیں، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ہماری حکومت میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی، سی ٹی ڈی نے ہزاروں دہشتگرد کارروائیاں ناکام بنائیں، پراسیکیوشن بہتر کام کر رہی ہے انھیں سلام پیش کرتا ہوں۔ کاؤنٹر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

وزیر اعظم کا مخدوم سید علی حسن گیلانی کے ٹریفک حادثے میں انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے سابق رکن قومی اسمبلی مخدوم سید علی حسن گیلانی کے ٹریفک حادثے میں انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم نے مخدوم سید علی حسن گیلانی کی وفات پر دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

راولپنڈی، معاون خصوصی وزیر اعظم برائے انسانی حقوق مشعال ملک تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

وزیر اطلاعات کی وزارت اطلاعات کے سینئر افسر محمد صالح خان کے والد کی نماز جنازہ میں شرکت

چارسدہ (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ وثقافت عطاء اللہ تارڑ نے اتوار کو یہاں وزارت اطلاعات کے سینئر افسر محمد صالح خان کے والد کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ پرنسپل انفارمیشن آفیسر مبشر حسن بھی وفاقی وزیر اطلاعات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

عمران خان کی زندگی کو بشریٰ بی بی، علی امین گنڈاپور سے خطرہ ہے، فیصل واوڈا

عمران خان کی جان کو خطرے کا پہلا ثبوت مفرور بھگوڑے قاسم سوری کا ٹوئٹ ہے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر سینیٹر فیصل واوڈا نے دعویٰ کیا ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیر اعظم عمران خان کی زندگی کو ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور اور ان کے حواریوں سے خطرہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

اسحاق ڈار نے دفتر خارجہ میں وویمن ایسوسی ایشن چیریٹی بازار کا افتتاح کر دیا

اتوار کو دفتر خارجہ میں چیریٹی بازار کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے دفتر خارجہ میں وویمن ایسوسی ایشن چیریٹی بازار کا افتتاح کر دیا۔ اتوار کو دفتر خارجہ میں چیریٹی بازار کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی وزیر اعظم و وزیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

ملک کے بیشتر شہروں میں سردی بڑھ گئی، اسکردو میں پارہ منفی 6 ڈگری تک گر گیا

شدید برف باری کے باعث شاہراہ کاغان کو ناران جانے والے سیاحوں کے لیے بند کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے بیشتر شہروں میں سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں سردی میں شدت آرہی ہے، اسکردو میں پارہ منفی 6 ڈگری تک چلا گیا جبکہ گلگت میں درجہ حرارت ایک ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ ڈپٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

کرم فائرنگ سے مزید 6 افراد جاں بحق، ہلاکتیں 30 ہو گئیں

186 افراد زخمی ہو چکے ہیں، پشاور پاراچنار مرکزی شاہراہ سمیت آمد و رفت کے راستے بند

ضلع کرم کی مرکزی شاہراہ اور پاک افغان خرلاچی بارڈر پر بھی آمد و رفت بند ہے

کرم (این این آئی) ضلع کرم میں قبائل کے درمیان گیارہویں روز بھی جھڑپیں جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق جھڑپوں میں مزید 6 افراد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

خیبر پختونخوا سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز، 8 خارجی دہشتگرد ہلاک، 2 جوان شہید

ضلع بنوں کے علاقے بکا خیل میں آپریشن کے دوران 5 خارجی ہلاک اور 9 زخمی ہو گئے، ضلع خیبر میں کی گئی، 3 خارجی ہلاک ہوئے، 2 دہشت گردوں کو گرفتار بھی کیا گیا

ضلع خیبر میں آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں پنجاب کے دارالحکومت لاہور سے تعلق رکھنے والے 25 سالہ کیپٹن محمد ذوہیب الدین نے جام شہادت نوش کیا

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے 2 مختلف اضلاع میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے 8 خارجی دہشت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26


چنیوٹ، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کراچی، سی ویو پر آئل ریفائنری کی پائپ لائن میں لیکیج، تیل سڑک پر پھیل گیا

لیکیج کی اطلاع پر آئل ریفائنری اور ڈی ایچ اے کا عملہ تیل کے رساؤ کے مقام پر پہنچا تھا

کراچی (این این آئی) کراچی میں سی ویو پر آئل ریفائنری کی پائپ لائن میں لیکیج کے باعث فرنس آئل سڑک پر پھیل گیا تاہم کچھ دیر بعد لائن کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

ٹانک: بارش کی وجہ سے کمرے کی چھت گر گئی، 3 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں باپ، بیٹا اور بیٹی شامل ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ڈی پی او

ٹانک (این این آئی) ٹانک میں بارش کی وجہ سے ایک مکان کے کمرے کی چھت گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ڈی پی او کی جانب سے بتایا گیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

ایس آئی ایف سی کی تعاون سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال

نیویارک چیمبر آف کامرس کا سرمایہ کاری کیلئے ٹیکسٹائل، لیدر، سرجیکل، آئی ٹی کے شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار

لاہور (این این آئی) سپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل کے تعاون سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے میں مدد ملی ہے۔ رپورٹ کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

حیدرآباد، گلوکارہ سندھ کے یوم ثقافت کے حوالے سے تقریب میں پرفارم کر رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

ملک پر حکمرانی کا حق صرف ریاست کے منتخب نمائندوں کا ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

اختلاف رائے کے نام پر کسی کا گھر جلانا ناقابل قبول ہے، ملک محمد احمد خان

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں تقریب تقسیم انعامات سے خطاب

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں تقریب تقسیم انعامات و اسناد میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ اس ملک پر حکمرانی کا حق ریاست کے منتخب نمائندوں کا ہے اور اختلاف رائے کے نام پر کسی کا گھر جلانا ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ادارے ملک میں امن وامان برقرار رکھنے پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ سیاست کے نام پر گراؤ جلاؤ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا کیونکہ سیاست افراتفری اور انتشار کا نام نہیں بلکہ عوامی خدمت کا ذریعہ ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے جامعہ سلفیہ کی لائبریری کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ علم کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور قوم کی ترقی میں لائبریریاں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ تقریب میں امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر، ناظم اعلیٰ مولانا عبدالرشید حجازی، پرنسپل جامعہ سلفیہ پروفیسر یاسین ظفر، ڈاکٹر حافظ عبدالکریم، حافظ صہیب میر محمدی سمیت مقامی علماء اور معزز شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

کابینہ میں پی ٹی آئی پر پابندی، گورنر راج کا فیصلہ نہیں ہوا' قیصر احمد شیخ

سب کو دو قدم پیچھے ہٹنا چاہیے تاکہ سیاسی ماحول بہتر ہو' وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

چنیوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پر پابندی یا خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا فیصلہ نہیں ہوا، گورنر راج سیاسی استحکام کا راستہ نہیں ہے، سیاسی جماعتوں پر پابندیاں ماضی میں کارگر نہیں رہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کابینہ میں پی ٹی آئی پر پابندی یا گورنر راج کا فیصلہ نہیں ہوا، اب بھی سیاسی استحکام کے لئے بات چیت کا راستہ اپنانا چاہیے، جمہوریت میں پرتشدد سیاست کی گنجائش نہیں ہوتی، پرتشدد احتجاج سیاسی جماعتوں کا راستہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنا حق ہے لیکن معمولات زندگی متاثر نہیں ہونے چاہئیں، سیاسی استحکام کے بغیر پاکستان اپنے ہمسایہ ملکوں کی طرح ترقی نہیں کرسکتا ہے، سب کو دو قدم پیچھے ہٹنا چاہیے تاکہ سیاسی ماحول بہتر ہو۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی ملک ترقی کرنے لگتا ہے، سیاسی افراتفری پیدا کردی جاتی ہے، 1970 کے بعد سے ہر الیکشن پر سوالات اٹھائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین، کوریا اور بھارت نے پاکستان کے معاشی ماڈل سے ترقی حاصل کی، پاکستان کے پاس کے اس وقت ترقی کے بہت بڑے مواقع ہیں۔

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ڈی جی ایم انیس صاحب، زیڈ او نصیر صاحب، یوسی 177 کے سپروائزر تنویر صاحب نے تیج گڑھ گاؤں کا وزٹ کیا

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) یوسی 177 تیج گڑھ گاؤں میں DGM انیس صاحب نے۔ زیڈ او نصیر صاحب نے وزٹ کیا اور ایکسیویٹر مشینری لگوا کر صفائی کروائی اور لوڈر رکشے پر کوڑا کرکٹ لے جانے کا انتظام کیا یوسی 177 کے سپروائزر تنویر صاحب اور اٹینڈنس چیکر شانی کو بہت شاباش دی اور علاقے کی معروف عزیز شخصیات وائس چیئرمین چوہدری طفیل صاحب۔ جنرل کونسلر نعیم صاحب نے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران بالا اور سپروائزر تنویر صاحب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

ایک محنت کش خاتون گاہکوں کو متوجہ کرنے کیلئے انگور سجا رہی ہے

جیلوں میں قید کاٹنے والے رہنماؤں سے پارٹی اور سیاسی معاملات میں مشاورت کر لیا کریں، مسرت چیمہ

معاشی اشاریوں کو اوپر جاتا دکھانے کیلئے جو فرمائشی پروگرام چل رہا ہے عوام اس سے آگاہ ہیں' سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے پارٹی کی موجودہ قیادت کو جیلوں میں قید رہنماؤں سے پارٹی اور سیاسی معاملات میں مشاورت کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے رہنما جو اس وقت ناحق قید میں ہیں انہوں نے خط لکھ کر بہترین تجاویز دی ہیں جن پر عملدرآمد کرنا چاہیے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ جو باہر لوگ ہیں اور پارٹی کی قیادت کر رہے ہیں وہ جیلوں میں قید کاٹنے والے رہنماؤں سے پارٹی اور سیاسی معاملات میں مشاورت کر لیا کریں، یہ پارٹی کیلئے بھی اور ملک کے لئے بھی بہتر ہوگا۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ اس وقت پارٹی کو بھرپور اتحاد کی ضرورت ہے، ایک دوسرے کے بارے میں بدگمانیاں پیدا کرنے کی بجائے کندھے سے کندھا ملا کر چلا جائے تاکہ ہمارے مخالف جو منفی پراپیگنڈا کر رہے ہیں انہیں منہ توڑ جواب مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کو عوام سے کوئی سروکار نہیں اس لئے یہ جمہور کی آواز کو بھی اہمیت نہیں دیتے۔ معاشی اشاریوں کو اوپر جاتا دکھانے کے لئے جو فرمائشی پروگرام چل رہا ہے عوام اس سے اچھی طرح آگاہ ہیں، آج حالات یہ ہیں کہ لوگ دو وقت کی روٹی کھانے سے قاصر ہیں اور جعلی حکمران دودھ اور شہد کی نہریں بہا دینے کے دعویدار ہیں۔

پنجاب یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ آف ایڈمنسٹریٹو سائنسز کے زیر اہتمام تقریب تقسیم اسناد

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ آف ایڈمنسٹریٹو سائنسز کے زیر اہتمام 10ویں گریجویشن تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں بی ایس مینجمنٹ، ماسٹر آف مارکیٹنگ، اور ماسٹر آف ہیومن ریسورس مینجمنٹ پروگرامز کے 2021 کی کلاس کے فارغ التحصیل طلباء کو اعزازات سے نوازا گیا۔ پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی جبکہ پروفیسر ڈاکٹر ممتاز انور چوہدری، ڈین، فیکلٹی آف بزنس، اکنامکس، اینڈ ایڈمنسٹریٹو سائنسز، رؤف نواز، کنٹرولر امتحانات، پروفیسر ڈاکٹر کاشف راٹھور، ڈائریکٹر آئی اے ایس، حسن رؤف، ریزیڈنٹ آڈیٹر، پروفیسر ڈاکٹر یامینہ سلمان، ڈائریکٹر ایکسٹرنل لنکیجز، فیکلٹی ممبران اور طلباء نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کامیابی کے موضوعات پر اپنی گہری بصیرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے پنجاب یونیورسٹی کو ایک ایسے ادارے میں تبدیل کرنے کے لیے اپنے وژن کا خاکہ بھی پیش کیا۔

جامعہ جلالیہ رضویہ میں ہونے والی "جشن قرآن کانفرنس" سے سربراہ تحریک لبیک یارسول اللہ ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی خطاب کر رہے ہیں

قرآنی تعلیمات سے دوری کی وجہ سے ہمارا معاشرہ مختلف مسائل کا شکار ہے، ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

قرآن کی رہنمائی میں چلنے والوں کو کبھی رسوائی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا ہے، جشن عظمت قرآن کانفرنس سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سربراہ اور تحریک صراط مستقیم کے بانی ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے دارالعلوم جلالیہ رضویہ صراط مستقیم سیف اینڈ عارف سٹی کے سالانہ جلسہ دستار فضیلت کے موقع پر جشن عظمت قرآن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا: قرآنی تعلیمات سے دوری کی وجہ سے ہمارا معاشرہ مختلف مسائل کا شکار ہے۔ قرآن کی رہنمائی میں چلنے والوں کو کبھی رسوائی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا ہے۔ قرآن کتاب حکمت، کتاب ہدایت اور کتاب انقلاب ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا بندوں پر حق ہے کہ بندے اس کے احکام کی فرمانبرداری کریں۔ تمام شعبہ ہائے زندگی میں قرآن کی رہنمائی، متوسط، معتدل اور منزل رسا راستے کی طرف رہنمائی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ دینی مراکز قائم کیے جائیں اور انہیں منظم کیا جائے۔ قوم میں دینی شعور اجاگر کر کے بہترین نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ معاشرے میں مغربی تہذیب کی پیروی کا رجحان بڑا خطرناک ہے۔ اس سے بچاؤ کے لیے قرآن وسنت کی خوشبو کو عام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اجتماع میں دس حفاظ کرام کی دستار فضیلت کی گئی۔ جلسہ کا اہتمام علامہ محمد عرفان جلالی نے کیا جبکہ پیر امام بخش ندیم سیفی نے صدارت کی۔ صاحبزادہ سعدی شیرازی، علامہ محمد شعبان جلالی، حافظ محمد ذوہیب جلالی، مفتی محمد منیر احمد فیضی، علامہ احمد رضا قصوری، ڈاکٹر غلام جیلانی، محمد عبد الجبار بھٹی سمیت کثیر تعداد میں علماء و مشائخ نے شرکت کی۔

عوام کی ترقی، خوشحالی اور پاکستان کی تعمیر کیلئے اپنی کاوشیں جاری رکھیں گے' رانا جمیل منج

پاکستان کی سیاسی، معاشی اور سماجی ترقی میں پیپلز پارٹی کے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا' جنرل سیکرٹری لاہور

لاہور (سٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی، معاشی اور سماجی ترقی میں پیپلز پارٹی کے کردار کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، عوام کی ترقی، خوشحالی اور پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیاد رکھی جس کا مقصد پسے ہوئے غریب عوام کو خوشحال زندگی دینا تھا۔ ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کا ریکارڈ دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے پاکستان پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جس نے اس ملک میں جمہوریت کی مضبوطی اور پارلیمانی بالادستی کیلئے جانوں کا نذرانہ دیا۔ بھٹو نے عام آدمی کو بولنے کی طاقت اور شناخت کیساتھ ووٹ کا حق دیا۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت کی علمبردار ہے۔ آمریت کی سیاہ راتوں میں امید کا چراغ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے روشن کیا اور پھر تاریخ نے دیکھا کہ اسی چراغ کی روشنی کے طفیل جمہوریت کا وہ سورج طلوع ہوا جس نے عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان دے کر غریبوں اور مزدوروں سمیت ہر طبقے کے حالات بدل کر رکھ دیے۔ ملک میں آئین وقانون، جمہوریت کی سربلندی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے لئے پیپلز پارٹی کی جدوجہد آج بھی جاری ہے۔

معذور افراد کی بحالی کے حوالے سے حکومتی اقدامات آٹے میں نمک کے برابر ہیں

جسمانی معذوری سے لڑنے والے افراد کو کوٹہ کے مطابق نوکریاں دی جائیں

لاہور (خبر نگار) قائمقام امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی ذکر اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن پورے پاکستان میں 45 ہزار سے زائد فری وہیل چیئرز فراہم کر چکی ہے۔ ہم اس بات کا اعلان کرتے ہیں پورے پاکستان میں کوئی بھی معذور فرد جس کو وہیل چیئر چاہیے ہوگی ان کے گھروں میں وہیل چیئرز دیں گے۔ ساڑھے چھ لاکھ معذور افراد بے روزگار ہیں۔ جسمانی معذوری سے لڑنے والے افراد کو کوٹہ کے مطابق نوکریاں دی جائیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن پرعزم ہے اور ہم اس کام کو جاری رکھیں گے۔ الخدمت دکھی انسانیت کی خدمت کرتی رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معذوروں کے عالمی دن کے مناسبت سے منصورہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 9 اور 14 کے مطابق بھی بنیادی سہولیات معذوروں کا حق ہے لیکن انہیں یہ سہولیات فراہم نہیں کی جا رہی ہیں۔ پاکستان میں معذور افراد کی تعداد 90 لاکھ تک ہے۔ المیہ یہ ہے کہ معذور افراد کے حوالے سے حکومتی اقدامات آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 2017ء کی مردم شماری کے مطابق معذور افراد میں 62 فیصد مرد جبکہ خواتین 38 فیصد ہیں۔ 70 فیصد معذور افراد دیہاتی علاقوں میں رہائش پذیر ہیں جبکہ 30 فیصد افراد شہروں میں اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ معذور افراد میں 68 فیصد لوگ پڑھنے لکھنے سے قاصر ہیں اسی طرح سے 77 فیصد بے روزگار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معذور افراد کے علاج معالجے کیلئے مختلف قسم کے طریقہ کار کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ جس میں طبی، جسمانی، مواصلاتی، سماجی اور جذباتی اپروچ کو استعمال کر کے علاج کیا جاتا ہے۔ ایک غیر سرکاری سروے کے مطابق 4 سال سے 15 کی عمر کے 54 لاکھ بچے معذوری کی زندگی گزار رہے ہیں جنہیں معیاری تعلیم کی سہولت نہیں مل رہی۔ پاکستان میں 1981ء میں پہلی بار معذوری کے متعلق قانون سازی کی گئی۔

سبزی منڈی میں ایک بچی جلانے کے لیے کریٹ اکٹھے کر رہی ہے

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کا گلبرگ، شاہدرہ اور جوہر ٹاؤن میں گرینڈ آپریشن

52 فوڈ پوائنٹس، یونٹس کی چیکنگ، 32 کو 3 لاکھ 62 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے گلبرگ، شاہدرہ اور جوہر ٹاؤن میں گرینڈ آپریشن کے دوران 52 فوڈ پوائنٹس، یونٹس کی چیکنگ اور 32 کو 3 لاکھ 62 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے، ایک معروف ریسٹورنٹ بند، 500 کلو ایکسپائر ٹافیاں، بھاری مقدار میں چائنہ نمک اور ایکسپائر دودھ تلف کر دیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق جوہر ٹاؤن میں واقع معروف ریسٹورنٹ کے فریزر سے ایکسپائر اشیاء برآمد ہونے پر بند کیا گیا، سابقہ دی گئی ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے اور ملازمین کے میڈیکل ٹریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے، بدبودار کچن، صفائی کے ناقص انتظامات، کھلی نالیاں، حشرات کی بھرمار پائی گئی، آئل تبدیلی ریکارڈ، اشیاء پر تاریخ تنسیخ عدم موجود پائی گئی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق گلبرگ میں 21، شاہدرہ میں 10 اور مضافات میں 20 اور جوہر ٹاؤن میں 1 معروف ریسٹورنٹ کے خلاف کارروائی کی گئی۔

پنجاب پولیس نے تھانہ چاپری میانوالی پر خوارجی دہشتگردوں کا اچانک حملہ ناکام بنا دیا

20 سے زائد خوارجی دہشتگردوں نے تھانے کی عمارت پر اچانک حملہ کیا

لاہور/میانوالی (این این آئی) پنجاب پولیس کے جوانوں نے تھانہ چاپری میانوالی پر خوارجی دہشتگردوں کا اچانک حملہ ناکام بنا دیا، پولیس کی جوابی فائرنگ سے 4 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ دو اہلکار معمولی زخمی ہوئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا سے متصل پنجاب کی بین الصوبائی سرحد پر عیسیٰ خیل سرکل کے تھانہ چاپری پر 20 سے زائد خوارجی دہشتگردوں نے بھاری اسلحہ کے ساتھ تھانہ پر اچانک حملہ کیا۔ پولیس اور خوارجی دہشتگردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اس دوران دہشتگردوں نے تھانہ کی عمارت پر راکٹ لانچرز برسائے اور ہینڈ گرنیڈز بھی پھینکے تاہم جس میں دو پولیس اہلکار معمولی زخمی ہوئے۔ پولیس کی جوابی فائرنگ سے 4 خوارجی دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر میانوالی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب پولیس ہمہ وقت الرٹ ہے، دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر دم لیں گے، پنجاب پولیس امن دشمن عناصر کا اسی طرح جواں مردی سے مقابلہ کرتی رہے گی۔

میاں بیوی نے مبینہ گھریلو جھگڑے پر زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا

27 سالہ ماجد، 25 سالہ جمیلہ بی بی کی لاشیں مردہ خانے منتقل، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ کے علاقے فضل پارک میں میاں بیوی نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے پر زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق شاہدرہ فضل پارک میں 27 سالہ ماجد اور اس کی اہلیہ 25 سالہ جمیلہ بی بی نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے زہریلی گولیاں کھا لیں جنہیں تشویشناک حالت میں میو ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم دونوں جانبر نہ ہو سکے۔ پولیس کی قانونی کارروائی کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اہل خانہ کے بیانات کی روشنی میں مزید تحقیقات جاری ہیں۔

یو ای ٹی لاہور سمیت تمام کیمپسز میں آن کیمپس کلاسز کا دوبارہ آغاز بروز پیر 2 دسمبر سے ہوگا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور اور اس کے سب کیمپسز میں تمام انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ پروگرامز، بشمول صبح، شام، اور ویک اینڈ سیشنز، کے لیے آن کیمپس کلاسز کا دوبارہ آغاز بروز پیر 2 دسمبر سے ہوگا۔ طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ یونیورسٹی کیمپس میں حاضر ہوں اور فیس ٹو فیس لرننگ کے عمل میں فعال طور پر حصہ لیں۔ یاد رہے اس سے قبل ملکی حالات کے پیش نظر یو ای ٹی میں تمام کلاسز ہائبرڈ موڈ پر ہو رہی تھیں۔

انٹرنیٹ اور ٹیکنالوجی کے آنے کے بعد جہاں جدید ویڈیو گیمز کا زمانہ ہے وہیں اب بھی کئی سالوں پہلے تک کھیلے جانے والی روایتی گیمز بھی دیکھنے کو ملتی ہیں

باغبانپورہ میں بجلی چوروں کے خلاف بڑی کارروائی، پلاسٹک فیکٹری میں بجلی چوری پکڑ لی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے باغبانپورہ ڈویژن میں بجلی چوروں کے خلاف بڑی کارروائی کے دوران پلاسٹک فیکٹری میں بجلی چوری پکڑ لی۔ ایکسین باغبانپورہ کامران نوید کی زیر نگرانی ایس ڈی او کوٹ خواجہ سعید نعمان صدیق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بھماں جھگیاں کے علاقہ میں چیکنگ کی دوران پلاسٹک فیکٹری کا کنکشن چیک کیا گیا تو پتہ چلا کہ فیکٹری مالک نے اے بی باکس کے پوسٹل پھاڑ کر باکس کو کھولا ہوا تھا ملزم محمد شفیق ٹرانسفارمر سے ڈائریکٹ سپلائی لگا کر بجلی چوری کر رہا تھا اور محکمہ کو ماہانہ لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا رہا تھا۔ ملزم محمد شفیق موقع سے فرار ہو گیا۔ ایس ڈی او کوٹ خواجہ سعید نعمان صدیق نے کنکشن منقطع کر دیا، ٹرانسفارمر اور تار اتار کر قبضہ میں لے لی۔ محکمہ کی جانب سے ملزم کو ڈیٹیکشن بل بھی چارج کیا گیا ہے جبکہ ایف آئی آر کی درخواست بھی متعلقہ تھانہ میں جمع کروا دی گئی۔

لوئر مال کے علاقے میں مبینہ مقابلے کے دوران زیر حراست ملزم ساتھیوں کی مبینہ فائرنگ سے ہلاک

ملزم عدیل مسیح کو اسلحہ و دیگر سامان کی برآمدگی کے لئے لوئر مال کے علاقہ میں لے جایا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) آرگنائزڈ کرائم یونٹ سٹی ڈویژن کے لوئر مال کے علاقے میں مبینہ مقابلے کے دوران زیر حراست ملزم عدیل مسیح ساتھیوں کی مبینہ فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کو اسلحہ و دیگر سامان کی برآمدگی کے لئے لوئر مال کے علاقہ میں لے جایا گیا جہاں زیر حراست ملزم کے 3 مسلح ساتھیوں نے پولیس اہلکاروں پر مبینہ فائرنگ کی۔ فائرنگ کی زد میں آ کر زیر حراست ملزم عدیل مسیح شدید زخمی ہوا، ملزم عدیل مسیح ہسپتال منتقل کرنے کے دوران راستے میں دم توڑ گیا، پولیس کے مطابق ہلاک ملزم لاہور سمیت دیگر اضلاع میں 65 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ تھا، ہلاک ملزم ڈکیتی، راہزنی، پولیس مقابلے کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ تھا۔ ہلاک ملزم کی لاش کو پوسٹمارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کا مزید کہنا ہے کہ حملہ آور ملزموں کی تلاش کیلئے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی۔

لیسکو صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے ریجن بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) وزارت پاور ڈویژن کی خصوصی ہدایات پر لیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے جس کا مقصد لیسکو صارفین کو بجلی بلوں اور دیگر معاملات میں درپیش مسائل کا فی الفور ازالہ کرنا ہے۔ چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کا کہنا ہے کہ لیسکو کے آٹھوں سرکلز میں اس حوالے سے خصوصی کچہریاں لگائی جارہی ہیں۔ میڈیا اور پینافلیکسز کے ذریعے عوام الناس کو اس بابت پیشگی اطلاع بھی دی جارہی ہے۔ تمام ایس ڈی اوز اپنی ٹیم کے ہمراہ روزانہ کی بنیاد پر اپنی سب ڈویژنز میں کھلی کچہریوں کا باقاعدہ انعقاد یقینی بنا رہے ہیں۔ ایس ایز اور ایکسیئن ان کچہریوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ منعقد ہونے والی کھلی کچہریوں میں مختلف نوعیت کی کل 1121 شکایات موصول ہوئیں تمام شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر خود بھی اپنی ٹیم کے ہمراہ کھلی کچہریوں کا سرپرائز وزٹ بھی کر رہے ہیں۔ کھلی کچہریوں میں آنے والے صارفین نے لیسکو کے اس عمل کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ لیسکو آئندہ بھی صارفین کی سہولت کے لئے ہر ممکن کوششیں جاری رکھے گا۔

والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کی جانب سے اندرون لاہور کی قدیم حویلیوں کا ایک گائیڈڈ ٹور منعقد کیا گیا

مغلیہ، سکھ اور برطانوی ادوار کے دوران تعمیر کی گئی یہ حویلیاں مختلف تاریخی ادوار کے روایتی طرز زندگی، گلی محلوں کی ثقافت، اور معاشرتی پہلوؤں کی نمائندگی کرتی ہیں

لاہور (تحقیق صدیقی سے) والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کی جانب سے اندرون لاہور کی قدیم حویلیوں کا ایک گائیڈڈ ٹور منعقد کیا گیا۔ اس ٹور میں مبارک حویلی، حویلی واجد علی شاہ، پانچ منڈی بازار، نوری بلڈنگ، حویلی نونہال سنگھ، نقش سکول آف آرٹس، فقیر خانہ میوزیم، حویلی اویس میر اور حویلی بارود خانہ کا ٹور شامل تھا۔ یہ حویلیاں پرائیویٹ پراپرٹی ہیں اور عام عوام کی رسائی ان حویلیوں تک ممکن نہیں تھی۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی نے یہ ٹور منظم کر کے عام عوام کے لیے ان حویلیوں تک رسائی کو ممکن بنایا ہے۔ 120 کے قریب سیاحوں نے اس ٹور میں شرکت کی۔ سیاحوں کے لیے رنگیلا رکشہ رائڈ اور ثقافتی پرفارمنسز کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ کوک سٹوڈیو سیزن 15 کے مشہور گانے "بلاک بسٹر" سے شہرت پانے والے گروپ کی پرفارمنس سے سیاحوں نے خوب لطف اٹھایا۔ تمام سیاحوں کے لیے ریفریشمنٹ کا بھی انتظام کیا گیا اور سیاحوں کی جانب سے اس گائیڈڈ ٹور کے متعلق مثبت رائے کا اظہار کیا گیا۔ اصغر حسین، ڈپٹی ڈائریکٹر سیاحت، والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی، نے کہا، "اندرون لاہور کی قدیم حویلیاں شہر کی تعمیراتی وراثت کا ایک اہم حصہ ہیں۔ یہ نہ صرف قدیم تعمیرات کا منظر پیش کرتی ہیں بلکہ ماضی کے طرز زندگی کی جھلک بھی دکھاتی ہیں۔ ان تاریخی مقامات کا دورہ کرنا ایسا ہے جیسے وقت میں پیچھے جا کر دیکھنا کہ پرانے وقتوں میں لاہور میں لوگ کیسے رہتے اور معاشرتی ماحول کو اپناتے تھے۔ یہ دورے قدیم شہر میں مقیم امراء اور عام لوگوں کے تعمیراتی رجحانات کی عکاسی کرتے ہیں۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی اس ثقافتی ورثے کو منانے اور عوام کے سامنے پیش کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ کامران لاشاری، ڈائریکٹر جنرل، والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی، نے بھی اس گائیڈڈ ٹور پر اپنی رائے کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا، "لاہور کے تاریخی مقامات پر آنے والے سیاح ہمیشہ اندرون لاہور کی قدیم حویلیوں کی معماری نزاکتوں سے متاثر رہے ہیں۔ مغلیہ، سکھ اور برطانوی ادوار کے دوران تعمیر کی گئی یہ حویلیاں مختلف تاریخی ادوار کے روایتی طرز زندگی، گلی محلوں کی ثقافت، اور معاشرتی پہلوؤں کی نمائندگی کرتی ہیں۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی نے شہری ترقی اور جدیدیت کے باوجود اس ثقافتی ورثے کی حفاظت کے لیے نمایاں کوششیں کی ہیں۔ ٹور کو بہتر بنانے کے لیے اس میں ثقافتی پرفارمنسز بھی شامل کی گئی ہیں، جو سیاحوں کو کم قیمت پر ایک جامع اور بامعنی ٹور کا موقع فراہم کرتی ہیں۔

محکمہ اوقاف کا حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے مزار کو زونل ہیڈ کوارٹر کا درجہ دینے کا فیصلہ

محکمہ اوقاف پنجاب کی کارکردگی اور آمدن میں نمایاں اضافہ کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے صوبہ بھر کے اوقاف آرگنائزیشن کے انتظامی یونٹس کے از سر نو جائزے، وقف املاک کے انتظام وانصرام اور مختلف سرکلز میں پراپرٹیز کی تعداد میں توازن، محل وقوع کے مطابق تقسیم کے لیے ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور خالد محمود سندھو کی سربراہی میں کمیٹی قائم کی، جس میں، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف، ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ (ووقم) اوقاف، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس اوقاف، ایڈمنسٹریٹر اوقاف لاہور زون (ایسٹ) اور متعلقہ ایڈمنسٹریٹرز شامل تھے۔ کمیٹی نے زونل اور سرکل آفیسرز کی کارکردگی کو مزید موثر اور بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات کی سفارش کی، جس کے مطابق حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے مزار کو زونل ہیڈ کوارٹر کا درجہ دیتے ہوئے، آپؒ کے مزار سے ملحق 19 ہزار ایکڑ وقف اراضی کے نظام کو موثر اور مربوط بنا دیا۔ سیکرٹری اوقاف نے اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زونل آفس، دربار حضرت خواجہ غلام فرید کا قیام سرائیکی وسیب/ساؤتھ پنجاب کے زائرین اور عوام کے لیے بہت بڑا ریلیف ہے۔ دربار حضرت خواجہ غلام فرید پر زونل دفتر کے قیام سے زائرین کے لئے سہولیات میں بہتری، مانیٹرنگ کے نظام اور وقف اراضی سے ریونیو جنریشن میں اضافہ ہو گا۔ داتا دربار، بابا فریدؒ پاکپتن اور بادشاہی مسجد کے بعد یہ چوتھا زون ہے جو کسی خاص مقام یا شخصیت کے ساتھ منسوب کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ اوقاف ورکنگ گروپ نے وقف املاک کے موثر انتظام وانصرام اور علاقائی توازن پیدا کرنے، زونل دفاتر کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، زونل اور سرکل آفیسرز کے وسائل، اختیارات اور مالی اہداف کا تعین کرتے ہوئے، ملتان زون کی تشکیل نو کر کے لودھراں کو خانیوال سرکل کی بجائے، بہاولپور سرکل میں شامل کر کے، انتظامی طور پر آسانی اور عوام کیلئے سہولت پیدا کر دی۔ اسی طرح راولپنڈی زون کے تمام سرکلز کے کمرشل یونٹس اور آمدن کے اہداف کو یکساں تقسیم کر کے نئی تشکیل نو کر کے تمام سرکل آفیسرز میں ذمہ داریوں کو تقسیم کر دیا اور دربار حضرت سخی سرورؒ سے ملحق 929,31 ایکڑ اراضی کی بہتر مینجمنٹ کے لیے، اس دربار پر منیجر آفس کا قیام مجموعی بہتری کا باعث ہوگا۔ تحصیل لیاقت پور اور خانپور کی ہزاروں ایکڑ اراضی کی بہتر مانیٹرنگ کے لیے نئے انتظامی یونٹ بھی قائم کر دیے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کی روشنی میں سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی سرکردگی میں محکمہ اوقاف کے تمام شعبہ جات محنت اور موثر پالیسیوں کے ساتھ، انتظامی اور مالی خود مختاری کو مضبوط اور مستحکم رکھنے کے لیے موثر حکمت عملی کیساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ محکمہ اوقاف خطے کے صوفیاء کے مزارات کی تعمیر وترقی اور ان کی تعلیمات کو بطور خاص مشعل راہ بنانے کے لیے ہمہ وقت سرگرم عمل ہیں۔

منہالہ شادی ہال میں پاکستان پیپلز پارٹی سینئر کارکن میاں محمد نواز کے بیٹے میاں نوید احمد کے ولیمہ اور بیٹیوں کی برات کے موقع پر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی محترمہ ثمینہ خالد گھرکی، محسن بلال گھرکی، چوہدری منیر ڈوگراں، میاں صدیق اور چوہدری شان علی اور سماجی وسیاسی شخصیات نے شادی میں شرکت کی

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

سیاست افراتفری اور انتشار کا نام نہیں، ملک محمد احمد خان

اس ملک پر حکمرانی کا حق ریاست کے منتخب نمائندوں کا ہے اور اختلاف رائے کے نام پر کسی کا گھر جلانا ناقابل قبول ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی کا جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں تقریب تقسیم انعامات و اسناد سے خطاب

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں تقریب تقسیم انعامات و اسناد میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس ملک پر حکمرانی کا حق ریاست کے منتخب نمائندوں کا ہے اور اختلاف رائے کے نام پر کسی کا گھر جلانا ناقابل قبول ہے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ہمارے ادارے ملک میں امن وامان برقرار رکھنے پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاست کے نام پر گراؤ جلاؤ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا کیونکہ سیاست افراتفری اور انتشار کا نام نہیں بلکہ عوامی خدمت کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے جامعہ سلفیہ کی لائبریری کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ علم کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور قوم کی ترقی میں لائبریریاں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ تقریب میں امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر، ناظم اعلیٰ مولانا عبدالرشید حجازی، پرنسپل جامعہ سلفیہ پروفیسر یاسین ظفر، ڈاکٹر حافظ عبدالکریم، اور حافظ صہیب میر محمدی سمیت مقامی علماء اور معزز شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ماحولیاتی آلودگی، بھٹہ خشت، زہریلا دھواں سموگ کا سبب بنتا ہے، محمد یوسف

سموگ کا باعث بننے والے محرکات سے بچنے کی سعی کیجائے۔ڈائیریکٹر ایئر سیال



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) فصلوں کی باقیات و کوڑا کرکٹ جلانے والوں کیخلاف قانونی کاروائی کرنا اشد ضروری ہے کیونکہ صاف ستھرا ماحول ہر شہری کا حق ہے اور صفائی نصف ایمان ہمارے پیارے نبی کا فرمان ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈائیریکٹر ایئر سیال و سیال معروف بزنس مین محمد یوسف آف پاکستان کارگو سروسز نے میڈیا بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ سموگ سے بچاؤ اور شہریوں کی حفاظت کیلئے ہر ذمہ دار شہری کو ہر ممکن عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ سموگ ماحولیاتی آلودگی کا نتیجہ ہے اور اس کا سبب بھٹہ خشت و گاڑیوں کا زہریلا دھواں، فصلوں کی باقیات و کوڑا کرکٹ و کیمیکل شدہ باقیات کو جلائے جانا ہے۔ زہریلے دھوئیں سے کاربن مونو آکسائیڈ، نائیٹروجن آکسائیڈ، جان لیوا میتھین گیس، کاربن ڈائی آکسائیڈ وغیرہ کا اخراج ہوتا ہے جو ہیومن باڈی آرگنز و نظام تنفس سمیت آنکھ ناک گلی و جلدی امراض کا باعث بنتا ہے۔ سموگ و ماحولیاتی آلودگی کے اسباب کو دور کرنے میں حکومت کے ساتھ ہر ایک پاکستانی کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

شکر گڑھ: دو مختلف ٹریفک حادثات میں قیمتی جانیں ضائع، کئی افراد زخمی

ڈونگیاں اسٹاپ کے قریب پیش آیا، جہاں ایک بینک کی سیکیورٹی وین اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم ہوا۔

شکرگڑھ (عمران عارف سے) دو مختلف ٹریفک حادثات میں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور کئی افراد زخمی ہوئے۔ پہلا حادثہ ڈونگیاں اسٹاپ کے قریب پیش آیا، جہاں ایک بینک کی سیکیورٹی وین اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم ہوا۔ حادثے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہوئے۔ ریسکیو 1122 نے فوری طور پر ایمبولینسز روانہ کیں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال منتقل کیا، جبکہ جاں بحق شخص کی لاش بھی اسپتال منتقل کی گئی۔ دوسرا حادثہ ظفروال بائی پاس کے قریب پیش آیا، جہاں ایک بس نے سڑک کراس کرنے والے لڑکے کو ٹکر ماردی۔ ریسکیو 1122 کو اطلاع ملتے ہی ایمبولینس موقع پر بھیجی گئی، تاہم لڑکا موقع پر ہی جاں بحق ہو چکا تھا۔ جاں بحق لڑکے کی لاش کو بھی ڈی ایچ کیو نارووال منتقل کر دیا گیا۔ یہ حادثات ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور احتیاطی تدابیر اختیار نہ کرنے کی وجہ سے پیش آئے۔ عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ سڑک پر محتاط رہیں۔

خواجہ محمد آصف کی کاوشوں سے یورپ کیلئے پی آئی اے پروازیں بحال ہوئی ہیں

وفاقی وزیرِ دفاع و سول ایوی ایشن کو طاہر مجید کپور کیجانب سے مبارکباد



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور سابقہ صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ کیجانب وفاقی وزیر دفاع و شہری ہوابازی خواجہ محمد آصف کو مبارکباد دی گئی۔ اپنے میڈیا بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر دفاع و شہری ہوابازی خواجہ محمد آصف کی کاوشیں رنگ لے آئیں یورپ میں پی آئی اے کی پروازوں پر پابندی ختم ہوگئی ہے۔ یوری ایویشن سیفٹی ایسوسی ایشن نے پی آئی اے اور ایئر بلیو کو تھرڈ کنٹری آپریٹر اتھرائزیشن بھی جاری کردی گئیں۔ ثبوت پاکستان وزیر دفاع و شہری ہوابازی خواجہ محمد آصف نے قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ تاریخی دن ہے پاکستان کی سرکاری کے ساتھ ایک اور پرائیویٹ ایئر لائن بھی یورپ تک پروازیں چلائے گی۔ خواجہ محمد آصف کی قومی سطح پر انتھک و کارگر عملی کاوشوں سے نہ صرف ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ بلکہ سب سے بڑھ کر وطن عزیز کو دنیا بھر میں پزیرائی مل رہی ہے اور ہمیں بطور سیالکوٹی اپنے لیڈر پر فخر ہے۔ اس موقع پر چیئرمین لائنز کلب انٹرنیشنل طاہر مجید کپور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ہمراہ سابقہ ڈسٹرکٹ گورنر فیضان مجید کپور، سابقہ ڈسٹرکٹ گورنر شفقت چوہدری، سابقہ ڈسٹرکٹ گورنر عاشق علی باجوہ اور سابقہ صدر سیالکوٹ ٹیکس بار آفتاب حسین ناگرہ، ڈپٹی چیف وارڈنز سول ڈیفنس سیالکوٹ شبلی شیراز، محمد ابراہیم، ڈاکٹر امجد خان، ملک وحید، ڈویژن

ٹریفک حادثات میں 60 سالہ خاتون سمیت رکشہ ڈرائیور جاں بحق

مصطفیٰ آباد (علی ملک) ٹریفک حادثات میں 60 سالہ خاتون سمیت رکشہ ڈرائیور جاں بحق ہوگیا، تفصیل کے مطابق محلہ نیواں تھ کا رہائشی محمد زاہد قصور سے رکشہ پر سبزی لے آرہا تھا کہ چارہ منڈی سکول کے قریب پیچھے آنے والا تیز رفتار مزدا ڈالہ بے قابو ہو کر رکشہ پر چڑھ گیا، جس کے باعث محمد زاہد موقع پر جان کی بازی ہار گیا، پولیس نے مزدا ڈالہ کے ڈرائیور کو حراست میں لے کر لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور منتقل کر دیا، علاوہ ازیں کھڈیاں کی رہائشی خاتون سرور بی بی امام بار گاہ کے قریب سڑک عبور کرتے ہوئے قصور سے لاہور آنے والی تیز رفتار کار کی زد میں آکر جاں بحق ہو گئی جبکہ ڈرائیور کار سمیت فرار ہوگیا۔

جھنگ: بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 1 بجے تک بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 1 بجے تک 2 دسمبر کو ستی، ملھوآنہ، جبوآنہ، کوٹ خان، شاہ جیونہ، کری والا فیڈرز، 3 دسمبر کو مسن، کوٹ امیر، کوٹ سلطان، اٹھارہ ہزاری، ریواز، باغ فیڈرز، 4 دسمبر کو ملت، عمران شہید، لاشاری فیڈرز، 5 دسمبر کو رسول پور، دوسیرہ، کلیرہ، ماچھیوال، پکے والا، تریموں فیڈرز، 7 دسمبر کو نورے والا، سرگودھا روڈ، پیر کوٹ فیڈرز، 9 دسمبر کو ستی، ملھوآنہ، رسول پور، دوسیرہ، کلیرہ، جبوآنہ فیڈرز، 10 دسمبر کو ریواز، باغ، کوٹ خان، شاہ جیونہ، کری والا فیڈرز، 11 دسمبر کو ملت، عمران شہید، پیر کوٹ، نورے والا، سرگودھا روڈ ماچھیوال فیڈرز، 12 دسمبر کو پکے والا، تریموں، مسن، کوٹ امیر، کوٹ سلطان، لاشاری فیڈرز، 14 دسمبر کو اٹھارہ ہزاری، کری والا، پیر کوٹ، نورے والا فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

چوہدری نوید، آصف گورائیہ کیجانب سے سیدہ نوشین زہرا کا پرتپاک استقبال

کوٹلی فرید میں اہم۔این۔اے نوشین زہرا کا ترقیاتی منصوبوں کو افتتاح

کوٹلی فرید
افتتاح

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) چوہدری نوید احمد اور چوہدری آصف گورائیہ کی طرف سے این اے 73 کی ایم این اے سیدہ نوشین افتخار کا کوٹلی فرید آمد پر شاندار استقبال۔ سیالکوٹ مسلم لیگ کی ایم این اے حلقہ 73 سیدہ نوشین افتخار نے یونین کونسل بجوکالا کے گاؤں کوٹلی فرید میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اس موقع پر کوٹلی فرید کی سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری نوید احمد چوہدری آصف گورائیہ اور اہلیان کوٹلی فرید کی طرف سے سیدہ نوشین افتخار کا پرتپاک استقبال کیا گیا پنڈال میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سیدہ نوشین افتخار کا کہنا تھا کہ اپنے والد مرحوم سید افتخار الحسن عرف ظاہرے شاہ صاحب کے نقش قدم چلتے ہوئے اپنے حلقہ کے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے دن رات محنت کر رہی ہوں اور دکھ سکھ کی ہر گھڑی میں اپنے لوگوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہوں اور ہمیشہ کھڑی رہوں گی۔

خواتین کو روزگار کمانے کے قابل بنانا صدقہ جاریہ ہے، سید نوید حیدر شیرازی

صنعت زار مقامی انڈسٹری اور ٹیوٹا سے باہمی رابطے مضبوط کرے اور بچیوں کو وہ کورسز اور چیزیں سکھائیں جن کی مارکیٹ میں کھپت زیادہ ہے، خواتین کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کیلئے مقامی انڈسٹری کا تعاون ضروری ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ صنعت زار کا دورہ کیا۔ انہوں نے کمپیوٹر لیب کا افتتاح کرنے کے بعد صنعت زار میں قائم سلائی کڑھائی، بیوٹیشن، بینڈی کرافٹ، ریزن آرٹ سمیت کمپیوٹر لیب اور دیگر فنی مہارتیں سکھانے کے شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد نواز، ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، ڈسٹرکٹ مینیجر صنعت زار مسز سمیرا اقبال اور مسز راحت احسن بھی ان کے ہمراہ تھیں کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے صنعت زار کے انتظامی امور سمیت بچیوں کو ہنر مند بنانے کے لئے شروع کئے گئے مختلف پروگراموں سے متعلق بریفنگ لی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو روزگار کمانے کے لئے قابل بنانا بہت بڑی نیکی اور صدقہ جاریہ ہے، بچیوں کو مختلف شعبہ جات میں تربیت کے مواقع فراہم کرنا اور ان کے لئے مختلف فنی مہارتیں سکھانے کے پروگرامز اس ادارہ کی افادیت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیوٹیشن کا کورس کرنے والی بچیوں کو قریبی بیوٹی پارلرز کا بھی وزٹ کروائیں تاکہ وہ جدید دور کے مطابق پروفیشنل بن کر اپنا پارلر کھولنے کے قابل بن سکیں اس کے علاوہ بچیوں کو ڈرائیونگ اور دیگر جدید کورسز بھی کروائیں۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ صنعت زار مقامی انڈسٹری اور ٹیوٹا سے باہمی رابطے مضبوط کرے اور بچیوں کو وہ کورسز اور چیزیں سکھائیں جن کی مارکیٹ میں کھپت زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو معاشی لحاظ سے مضبوط کرنے کے لئے مقامی انڈسٹری کا تعاون بے حد ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ صنعت زار کو درپیش مسائل کے حل اور اس کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لئے بھرپور معاونت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعت زار ڈسٹرکٹ انڈسٹریل ہوم کا ادارہ خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے عملی اقدامات کرے اور بچیوں کو بہترین خدمات فراہم کرے تاکہ وہ ہنر مند ہو کر اپنے گھر کو چلانے میں خودکفیل بن سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ادارے میں زیر تربیت خواتین کو درکار وسائل مہیا کئے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ کمپیوٹر کا ہنر سیکھنے والی طالبات کو 20 نئے جدید کمپیوٹر بمعہ چیئرز مہیا کر دیئے گئے ہیں جن کا آج باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے اس کے علاوہ بھی ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون کرے گی انہوں نے بہترین خدمات کے اعتراف میں مینیجر صنعت زار اور سٹاف کو شاباش دی۔

Inauguration
COMPUTER LAB

گوجرانوالہ: کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ صنعت زار کے دورہ کے دوران کمپیوٹر لیپ کے افتتاح کے بعد مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید، ڈی ڈی محمد نواز اور منیجر صنعت زار مس سمیرا اقبال بھی ہمراہ ہیں۔

ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال گھمن بہادر آفیسر ہیں۔غلام باری

فیلڈ عملہ مکمل حفاظتی اقدامات یقینی بنائے۔عاصم سہیل راشد

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) بجلی چوری و گیپکو نادہندگان کیخلاف آپریشن میں ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال گھمن کی زیرنگرانی ایس ڈی او ڈیفنس روڈ حافظ ذبیح اللہ کی زیرقیادت کھلی عوامی شکایات کچہری منعقد کر رہے ہیں۔ پاور ڈویژن اہداف کے حصول میں بھرپور کمپین کے دوران کامیابیوں کا تسلسل برقرار ہے۔ ان باتوں کا اظہار میٹر انسپکٹر غلام باری نے ایس ڈی او ڈیفنس حافظ ذبیح اللہ کے آفس میں گیپکو آفیسر عاصم سہیل راشد، ایل ایس اگوکی چوہدری مدثر بھٹی، حاجی شہباز احمد، ایل ایس چک قاضی فیڈر مقصود احمد، ایل ایس علی رضا ذوالفقار کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای گیپکو سیالکوٹ کی سخت ہدایات پر فیلڈ عملہ دوران ورکنگ الیکٹرسٹی سپلائی بسلسلہ مرمت منقطع کرانے کا ورک پرمٹ لیں۔ انہوں نے کہا کہ سپرنٹنڈنٹ انجینئر گیپکو سرکل سیالکوٹ کی ہدایات پر پاور ڈویژن کے دیئے گئے ٹارگٹس اچیو کرنے کیلئے ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال گھمن کی زیرقیادت صارفین کی کمپلینٹس دور کرنے کیلئے ہمہ وقت برسرپیکار ہے۔

سردار گل نواز بلوچ کے والد محترم کی قل خوانی ادا کر دی گئی

جھنگ (بیورو رپورٹ) ریڈر ٹو ڈی ایس پی شورکوٹ سرکل سردار گل نواز بلوچ کے والد محترم کی قل خوانی ادا کر دی گئی قل خوانی کے اختتام پر مرحوم کے بڑے صاحبزادے گل نواز بلوچ کی دستار بندی کی گئی تفصیلات کے مطابق ریڈر ٹو ڈی ایس پی شورکوٹ سرکل سردار گل نواز خان بلوچ کے والد محترم کے روح کے ایصال ثواب کے لیے قل خوانی کا ختم شریف ان کے آبائی گاؤں فیصل آباد روڈ پر مدھانی جٹ کے قریب بہادری دی جھوک میں پڑھایا گیا

بھلوال کے علاقوں کی تعمیر و ترقی کیلئے تعمیراتی کاموں کا آغاز

اہلیان علاقہ کے دیرینہ مطالبہ پر موہگیاں تا مالی کالونی روڈ پر ٹف ٹائل اور نالوں کی تعمیر کا آغاز

بھلوال (تحصیل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے تحصیل صدر چوہدری آفتاب اللہ وڑائچ نے کہا ہے کہ بھلوال کے علاقوں کی تعمیر و ترقی کیلئے تعمیراتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کی مثال ایم این اے ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ، ایم پی اے چوہدری منصور اعظم سندھو کی جانب سے اہلیان علاقہ کے دیرینہ مطالبہ پر موہگیاں تا مالی کالونی روڈ پر ٹف ٹائل اور نالوں کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا ہے اس روڈ کی خستہ حالی کی وجہ سے اس علاقہ کے عوام پریشانی کا شکار تھے جس پر ایم این اے ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ اور ایم پی اے چوہدری منصور اعظم سندھو نے اس عوامی مسئلہ کو حل کرنے کیلئے روڈ کو از سر نو تعمیر کرنے ٹف ٹائل لگوانے اور سڑک سے ملحق نالوں کی تعمیر کیلئے خطیر رقم سے کام شروع کروا دیا ہے انہوں نے کہا کہ اہلیان علاقہ مالی کالونی اپنے منتخب نمائندگان کی جانب سے انکے مسئلہ کو سنجیدگی سے حل کروانے اور عملی اقدامات کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ وہ اسی طرح سے علاقائی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

یونیورسٹی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج فیصل آباد کے دسویں کانووکیشن کا پروقار انعقاد

فارغ التحصیل ہونے والی ڈاکٹرز کو مستقبل میں مزید کامیابیاں سمیٹنے کی دعا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) یونیورسٹی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کی دسویں پروقار جلسہ تقسیم اسناد کا انعقاد دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے علی آڈیٹوریم میں ہوا جہاں گورنر پنجاب کی نامزدگی پر چیئرمین بورڈ آف گورنرز محمد حیدر امین نے تقریب کی صدارت کی۔ دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ ملک مہمان خصوصی جبکہ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کے کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد عباس مہمان اعزاز تھے۔ ان کے علاوہ پرنسپل میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم ملک، وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر شہزاد ندیم اور پرنسپل ڈینٹل کالج پروفیسر ڈاکٹر ارسلان واحد سمیت مختلف شعبہ جات کے سربراہ اور فیکلٹی ممبران اور گریجویٹس کے والدین بھی تقریب کا حصہ تھے۔ چیئرمین بورڈ آف گورنرز محمد حیدر امین نے خطاب کرتے ہوئے نئے ڈاکٹرز سے کہا کہ آج آپ اور آپ کے والدین کے خوابوں کی تعبیر کا دن ہے جنہوں نے تعلیم کے اس سفر میں ہمیشہ آپ کی مدد کی۔ ان کا کہنا تھا کہ یونیورسٹی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج نے دو دہائیوں سے زائد عرصے کے دوران ملک کو اعلیٰ 'میڈیکل پروفیشنلز فراہم کئے ہیں اور یہ سلسلہ آئندہ بھی ملک و قوم کی خدمت کے جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔ انہوں نے فارغ التحصیل ہونے والی ڈاکٹرز کو مستقبل میں مزید کامیابیاں سمیٹنے کی دعا دی۔ انہوں نے کالج کی طالبات کی میڈیکل کے پروفیشنل امتحانات میں اعلیٰ پوزیشنز پر طالبات اور کالج کی فیکلٹی ممبران کو مبارکباد دی۔ مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ ملک نے نئے ڈاکٹرز کو مبارکباد دیتے ہوئے انہیں طب کے مقدس پیشے کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کی نصیحت کی۔ انکا کہنا تھا کہ وہ والدین خوش قسمت ہیں جنہوں نے اپنے بچوں کو اس قابل بنایا کہ وہ انسانیت کی خدمت سے سرشار ہو کر ملک و قوم کی خدمت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک نے آپ کو بہت کچھ دیا ہے اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ اپنے وطن کو کیا لوٹاتے ہیں۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر اکرم ملک نے طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے انکے بہترین مستقبل کے لیئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے فیکلٹی ممبران اور مینجمنٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسی عزم سے ادارے کی ترقی میں کردار ادا کرنے کی امید ظاہر کی۔ پرنسپل ڈینٹل کالج پروفیسر ڈاکٹر ارسلان واحد نے کانووکیشن میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پاس ہونے ڈینٹل ڈاکٹرز کو مبارکباد دی اور انکی محنت اور قابلیت سے دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کی تاکیدکی۔

جی ٹی روڈ کراس کرتا 3 بچوں کا باپ ڈمپر کی زد میں آکر جاں بحق ڈرائیور فرار

گکھڑ منڈی (نامہ نگار۔ محمد ارشد سے) جی ٹی روڈ کراس کرتا 3 بچوں کا باپ ڈمپر کی زد میں آکر جاں بحق ڈرائیور فرار واقعات کے مطابق محلہ سلطانپورہ گکھڑ کا رہائشی 30 سالہ شہزاد جی ٹی روڈ بالمقابل غلہ منڈی گکھڑ روڈ کراس کر رہا تھا کہ ہیوی ڈمپر کی زد میں آگیا جسے طبی امداد کیلئے ڈی ایچ کیو گوجرانوالہ لیجایا گیا جہاں پر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں کی بازی ہار گیا میت گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا ہر آنکھ اشکبار۔

بہبود آبادی جھنگ: صحافیوں اور کالم نگاروں کے ساتھ سیشن کا انعقاد

ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر ریاض حسین مارتھ تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ضلعی دفتر بہبود آبادی جھنگ کے زیر انتظام ADP سکیم چیف منسٹر پاپولیشن مینیجمنٹ اینڈ فیملی پلاننگ پروگرام کے تحت جم خانہ کلب جھنگ میں الیکٹرانک/ پرنٹ اور سوشل میڈیا سے وابستہ صحافیوں اور کالم نگاروں کے ساتھ ایک interactive سیشن کا انعقاد کیا گیا ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر ریاض حسین مارتھ تقریب کے مہمان خصوصی تھے جس میں ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوء آبادی سے پیدا ہونے والے مسائل، فیملی پلاننگ کی اہمیت اور تولیدی صحت بارے عوام الناس میں آگاہی عام کرنے کیلئے صحافیوں اور کالم نگاروں کے کردار اور اس بارے صحافیوں اور کالم نگاروں کی آراء اور تجاویز پر بھی بحث عمل میں لائ گ ء۔ سیشن میں ڈسٹرکٹ پریس کلب جھنگ کے سیکرٹری اور معروف کالم نگار مہر ریاض نول، سیکرٹری یونین عمران گل، یوسف رضا بھٹی، مہر فاضل کانواں، مہر عنصر سربانہ، لیاقت علی شام، ارشد خان اور مرزا محمد رمضان بیورو چیف سی 41 جھنگ سمیت ضلع بھر کے نامور صحافیوں و کالم نگاروں سوشل میڈیا ایکٹویسٹ اور الیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ڈیموگرافر ساجدہ حفیظ نے بڑھتی ہوئی آبادی کے اعداد وشمار پر روشنی ڈالی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر فیاض احمد چوہدری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے ملک میں معاشی اور معاشرتی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے آبادی اور وسائل میں توازن پیدا کر کے ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے محکمہ بہبود آبادی کے ضلع میں قائم فیملی ہیلتھ کلینک، موبائل سروس یونٹ، فیملی ویلفیئر سینٹرز اور فیلڈ سٹاف کے بارے میں تفصیلی شرکاء کو آگاہ کیا اور پنجاب کی جامع سماجی اور طرز عمل کی تبدیلی کی حکمت عملی بارے بھی تفصیلی آگاہ کیا۔

کھیلتا پنجاب گیمز 2024 کے تحت ڈویژنل لیول کے مقابلہ جات کا سلسلہ جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال ڈویژن میں کھیلتا پنجاب گیمز 2024 کے تحت ڈویژنل لیول کے مقابلہ جات کا سلسلہ جاری ہے جس میں ڈویژن کے تینوں اضلاع کی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ اس سلسلہ میں میٹ ریسلنگ کے مختلف ویٹ کے میچز ہوئے جس میں پہلا میچ 57 ویٹ کیٹیگری کا تھا جو غلام عباس نے جیتا اور دوسری پوزیشن بشارت علی نے حاصل کی، 61 ویٹ میں عمیر خالد نے پہلی اور عدنان نے دوسری حاصل کی، 65 ویٹ میں نوکر عباس نے پہلی اور محمد رمضان نے دوسری حاصل کی۔

جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما چوہدری فرحان شوکت ہنجرا کی کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود سے ملاقات

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما چوہدری فرحان شوکت ہنجرا کی کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود سے ملاقات نارنگ منڈی کے علاقہ منڈیالی لونگ والا روڈ کو اسفالٹ کارپٹ کرنے کا مطالبہ کیا گیا تفصیل کے مطابق جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی رہنما چوہدری فرحان شوکت ہنجرا نے کمشنر لاہور زید بن مقصود سے کمشنر آفس لاہور میں ملاقات کی اور نارنگ منڈی میں عرصہ دراز سے منڈیالی لونگ والا روڈ کو کارپٹ نہ کرنے کے امور پر گفتگو کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس روڈ کو جلد از جلد اسفالٹ کارپٹ کرنے کے لئے اقدامات کریں عرصہ ڈیڑھ سال سے منڈیالی روڈ اسفالٹ کارپٹ کرنے کی منتظر ہے سڑک پر گرد و غبار اڑنے سے عوام سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہی ہے۔

ڈسکہ سیوریج سسٹم پر الفت شہزاد کی ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ

اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق سی او ایم سی الفت شہزاد کی بہترین ورکنگ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا ہے کہ ڈسکہ سٹی میں سیوریج کے نظام کی اپ گریڈیشن کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، پنجاب سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بارشی پانی کے نکاس کیلئے 77 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈرین کی تعمیر کا منصوبے کی فزیکل پراگریس 45 فیصد مکمل ہو چکی ہے اور یہ منصوبہ فروری 2025 میں مکمل کر لیا جائے گا اس منصوبے کی تکمیل سے ڈسکہ سٹی میں اربن فلڈنگ کے دیرینہ مسئلہ حل ہوگا۔ یہ بات انہوں نے آج ڈسکہ سٹی میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر جاری کام کا جائزہ لینے کے دوران کہی۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق، سی او ایم سی ڈسکہ الفت شہزاد اور ایکسین سروسز بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنایا جائے اور مفاد عامہ میں ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈسکہ سٹی میں اس وقت کئی ایک ڈویلپمنٹ منصوبوں پر کام جاری ہے ڈسٹرکٹ اور تحصیل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے ان منصوبوں کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جبکہ ایگزیکٹوٹنگ ایجنسی کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ معیار اور رفتار پر ہر سمجھوتہ نہ کریں تاکہ اربوں روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے منصوبے ڈیزائن کے عین مطابق مکمل کئے جاسکے اور عوام الناس ان سے بھرپور استفادہ حاصل کرسکے۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کے اچانک دورہ کے دوران ہسپتال کی ایمرجنسی، او پی ڈی اور فارمیسی سمیت مختلف حصوں اور شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے 57ویں یوم تاسیس پر کنونشن کا انعقاد



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے 57 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پیپلز پارٹی سٹی و ڈسٹرکٹ تنظیموں کی جانب سے عظیم الشان کنونشن کا انعقاد کیا گیا اس کنونشن سے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے خطاب فرمایا۔ جبکہ شرکا کنونشن سے مہمان خصوصی چوہدری منظور احمد سابق جنرل سیکرٹری سینٹرل پنجاب۔ صدر ڈاکٹر فورم ڈاکٹر خیام حفیظ۔ نائب صدر وسطی پنجاب چوہدری ارشد جٹ۔ ڈویژنل صدر پیر سید عنایت علی شاہ۔ ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری۔ سٹی صدر رانا نعیم دستگیر خاں۔ ضلعی جنرل سیکرٹری رائے شاہجہان خان کھرل اور سٹی جنرل سیکرٹری میاں اشفاق حسین نے بھی خطاب کیا۔ اس کنونشن میں انجینئر رانا مبشر علی خان ٹکٹ ہولڈر این اے 103 انجینئر عدنان حسن امیدوار PP 116 سٹی و ضلع کے ٹکٹ ہولڈرز، سٹی، ضلع اور تحصیل تنظیموں کے عہدیداران نے بھرپور انداز سے شرکت کی اور اسے کامیابی سے ہمکنار کیا۔

معراج رائل پلان میں گیم چینجر پلان متعارف کرا رہے ہیں، چوہدری امتیاز علی وریا

رئیل اسٹیٹ 6 سالہ پلان ڈیلرز سمیت ہر ایک کیلئے پرکشش ہے۔رئیل اسٹیٹ بزنس ٹائیکون

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ماضی کی طرح اپنے معزز کمرشل / ڈومیٹک کسٹمرز کیلئے ہم معراج ہاؤسنگ میں رائل گیم چینجر 6 سالہ پلان پرکشش آفرز کیساتھ لا رہے ہیں جو ہمارے معزز کسٹمرز کیلئے بلاشبہ ایک موزوں و زبردست منصوبہ انکی انویسٹمنٹ کا بہترین و حیرت انگیز متبادل ثابت ہوگا۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے منعقدہ پروقار تقریب کے دوران میڈیا سے گفتگو کے دوران سینئر صحافیوں کے ساتھ کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ ہم خصوصی طور پر معراج سٹی چیئرمین چوہدری یعقوب ورک وسی ای او چوہدری خرم ورک کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمیں یہ اہم پلان ترتیب دینے کا موقع فراہم کیا۔ چوہدری امتیاز علی وریاہ نے اپنے پارٹنر چوہدری بلال احمد باجوہ

انرجی کی فراہمی بنیادی حیثیت رکھتی ہے، میاں سہیل اکرم

محکمہ سوئی ناردرن گیس اپنی بھرپور خدمات سرانجام دے رہا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جنرل مینیجر سوئی ناردرن گیس میاں سہیل اکرم نے کہا ہے کہ صنعتوں کے فروغ کیلئے انرجی کی فراہمی بنیادی حیثیت رکھتی ہے جس کیلئے محکمہ سوئی ناردرن گیس اپنی بھرپور خدمات سرانجام دے رہا ہے ضلع کا تیسرا بڑا صنعتی سیکٹر ہونے کے باعث شیخوپورہ میں سینکڑوں صنعتی یونٹس قائم ہیں جنہیں روزانہ کی بنیاد پر درکار گیس کی متواتر فراہم کی جارہی ہے تاکہ صنعتی سیکٹر فعال رہے اور ملکی معیشت تیزی سے آگے بڑھتی رہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جی ایم میاں سہیل اکرم نے کہا کہ ضلع میں سینکڑوں کمرشل صارفین مقامی سوئی گیس کے استعمال سے چھوٹی صنعتیں چلا رہے ہیں جن کا سوئی گیس پر دارومدار کلیدی ہے جنہیں سوئی گیس کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے جبکہ ہزاروں ڈومیٹک صارفین کو شیڈول کے مطابق سوئی گیس فراہم کی جارہی ہے تاکہ وہ گھریلو امور کے حوالے سے استفادہ کرسکیں، گیس چوری کی روک تھام کیلئے ہماری کوششیں ڈھکی چھپی نہیں رواں سال میں سینکڑوں گیس چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر بھاری جرمانے کرنے سمیت مقدمات درج کروائے گئے فیلڈ ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر گیس پائپ لائنوں اور کنکشنز کی مانیٹرنگ سرانجام دے رہی ہیں جن کی خود نگرانی کر رہا ہوں صارفین کی شکایات کا ازالہ میری ہمیشہ اولین ترجیح رہی ہے مربوط لائحہ عمل کے باعث شہریوں کو کسی طرح کی دشواری کا ہرگز سامنا نہیں اور گیس کی فراہمی کے تمام امور فعال ہیں۔

وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ کی فاسٹ نیشنل یونیورسٹی چنیوٹ کیمپس کے آٹھویں کانووکیشن میں شرکت

CONVOCATION
Ceremony
DECEMBER

چنیوٹ (اقبال حسین پیرزادہ سے) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ کی فاسٹ نیشنل یونیورسٹی چنیوٹ کیمپس کے آٹھویں کانووکیشن میں شرکت پوزیشن لینے والے طلبہ و طالبات کے لیے ایک ایک لاکھ روپے انعام کا اعلان تفصیلات کے مطابق فاسٹ نیشنل یونیورسٹی چنیوٹ فیصل آباد کیمپس میں آٹھویں سالانہ کانووکیشن کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں وفاقی وزیر بحری امور، قیصر احمد شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کی صدارت ریکٹر فاسٹ نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز، ڈاکٹر آفتاب معروف نے کی، جبکہ خصوصی مہمان بشیر جان محمد، چانسلر انسٹیٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ اور چیئرمین ویسٹبری گروپ آف کمپنیز (ڈالڈا فوڈز)، نے شرکت کی اس موقع پر قیصر احمد شیخ نے فاسٹ نیشنل یونیورسٹی چنیوٹ کیمپس کی بنیاد رکھنے اور اس کی ترقی میں اپنی خدمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ فاسٹ کے چنیوٹ کیمپس میں طالبات کی تعداد دیگر تعلیمی اداروں کی نسبت زیادہ ہے، جو ایک مثبت تبدیلی ہے انہوں نے مزید کہا کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے چنیوٹ کیمپس کی تعمیر بھی تیزی سے جاری ہے اور یہ منصوبہ 190 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہو رہا ہے۔ دسمبر میں اس کی افتتاحی تقریب منعقد کی جائے گی۔

مریدکے: میلاد کمیٹی حدوکی کا سالانہ اجلاس مقامی شادی ہال میں منعقد

علمائے اہل سنت کی کثیر تعداد نے شرکت کی اتفاق رائے سے نئی باڈی کا اعلان کیا

مریدکے (تحصیل رپورٹر) میلاد کمیٹی حدوکی کا سالانہ اجلاس مقامی شادی ہال میں منعقد ہوا جس میں علمائے اہل سنت کی کثیر تعداد نے شرکت کی اتفاق رائے سے نئی باڈی کا اعلان کیا جس میں دلاور مصطفائی کو صدر اور شبیر مرتضیٰ کو جنرل سیکرٹری جبکہ نوجوان صحافی ڈاکٹر اجمل ملک کو میڈیا کوآرڈینیٹر منتخب کیا گیا سابق صدر خالد شریف کو ان کی خدمات کے اعتراف پر عمرہ کا ٹکٹ دیا گیا تمام ہال لبیک کے نعروں سے گونج اٹھا تفصیل کے مطابق میلاد کمیٹی حدوکی کا سالانہ اجلاس علامہ اسماعیل قادری اور پیر سید صداقت شاہ کی زیر صدارت مقامی شادی ہال میں منعقد ہوا جس میں علماء اہلسنت مفتی توصیف علامہ عامر زبیر علامہ اسد نقشبندی علامہ میاں شہزاد علامہ یاسین مصطفائی علامہ طاہر نورانی اور سیاسی و سماجی شخصیت میاں نعمان خالد صحافیوں شیخ عمران صدیق میاں ریاض عمران شیرازی ڈاکٹر اجمل ملک و دیگر نے شرکت کی نو منتخب اراکین کمیٹی سے سابقہ صدر خالد شریف نے حلف لیا جن میں سرپرست اعلیٰ قاری اسماعیل قادری، سید صداقت شاہ، صدر علامہ دلاور مصطفائی، نائب صدر مفتی توصیف، جنرل سیکرٹری شبیر مرتضی، سیکرٹری اطلاعات علامہ عامر زبیر، سیکرٹری مالیات اسد نقشبندی وغیرہ شامل تھے۔

شکر گڑھ: موبائل انٹرنیٹ اور وائی فائی سروس مکمل طور پر سست روی کا شکار ہو کر رہ گئی

شکر گڑھ (عمران عارف سے) انٹر نیٹ سروس سست روی کا شکار موبائل انٹرنیٹ اور وائی فائی سروس مکمل طور پر سست روی کا شکار ہو کر رہ گئی انٹرنیٹ سروس کی سست روی کی وجہ سے انٹرنیٹ دیگر سوشل میڈیا ایپس بند ہوگئی، انٹرنیٹ سروس متاثر ہونے پر واٹس ایپ مکمل طور بند وائس آڈیو، وڈیوز، تصاویر اوپن کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انٹر نیٹ سروس کی سست روی سے صارفین کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ آن لائن بزنس کرنے والے افراد بھی متاثر ہو رہیں ہیں

ماڈل ٹاؤن اگوکی میں بند سیوریج سسٹم آپریشنل کیا جارہا ہے۔ممبران سوسائٹی

قائد محمد خالد وسیم کے مشکور ہیں۔محمد اسلم سلہریا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) مون سون بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ جیسی صورتحال کا سامنا تھا جس سے ماڈل ٹاؤن اگوکی فیز 1 کے گٹر و سیوریج سسٹم اوورفلو ہونے سے سڑکوں پر پانی تھا۔ اس بارے صدر۔ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور انکی ٹیم نے ممبران سوسائٹی کی مشکلات و پریشانی پر فوری ایکشن لیتے ہوئے مختلف پوائنٹس پر سکر مشینیں نصب کرا کے واٹر ڈسپنسنگ شروع کرا دی ہے۔ ان باتوں کا اظہار سوسائٹی ممبران محمد اسلم سلہریا، سید آصف گیلانی، علی شاہ، ادیب بٹ، ڈاکٹر مقدر علی مرزا سمیت متعدد ممبران سوسائٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مزید کئی مقامات پر چوک سیوریج سسٹم کو کھلوانے کیلئے سینٹری ورکرز عملہ ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی آپریشنل کارکردگی دکھا رہا ہے۔ جس سے صورتحال کافی بہتر ہوئی ہے۔ نیچرل ڈزاسٹر اور اربن فلڈنگ کیوجہ سے اسلام آباد لاہور جیسے میگا سٹیز متاثر ہوتے ہیں تاہم صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی وانتظامیہ کی مخدوش مون سون بارشوں میں بھی اپنے ممبران کیلئے عملی کاروائیاں لائق تحسین ہے۔

مہر شکیل اعظم کی کٹلری ایسوسی ایشن کیلئے خدمات قابل قدر ہیں، میڈم ریحانہ خاتون

کٹلری انڈسٹریز کے مسائل حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے

وزیر آباد (نامہ نگار) سابق چیئرمین پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم، صنعتکار الیاس خان اور سیف اللہ بٹ کو اعلیٰ خدمات پر میڈم ریحانہ خاتون نے شیلڈز پیش کیں، میڈم ریحانہ خاتون نے کہا کہ سابق چیئرمین کٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم نے کٹلری ایسوسی ایشن کے لئے جو قابل قدر خدمات سرانجام دیں وہ قابل تحسین ہیں جو نئے آنیوالے کٹلری ایسوسی ایشن کے عہدیداران امید ہے کہ وہ بھی انکے تجربات سے مستفید ہو کر کٹلری انڈسٹریز کے مسائل حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے اور صنعتکار الیاس خان اور سماجی شخصیت سیف اللہ بٹ اپنے اپنے مقام پر اپنے علاقہ کے لئے مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

افغان باشندوں کی پاکستان کے سیاسی معاملات میں مداخلت ترجمان دفتر خارجہ کی سخت وارننگ

ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے خبردار کیا ہے کہ افغانیوں سمیت تمام غیر ملکی باشندے پاکستان کے سیاسی معاملات سے دور رہیں، غیر ملکی باشندوں کی پاکستان میں سیاسی جلسوں میں شرکت غیر قانونی ہے۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں اپنی ہفتہ وار پریس بریفنگ میں انہوں نے بتایا کہ وزارت داخلہ نے اسلام آباد کے احتجاج سے افغان شہریوں کو گرفتار کیا ہے، جن کی تفصیلات وزارت داخلہ جاری کریگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پاکستان اور کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے مابین کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہو رہے۔ انہوں نے اس امر کی بھی وضاحت کی کہ پاکستان اور چین کا کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے انگیج منٹ سے متعلق کوئی ایجنڈا نہیں ہے۔

ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ بیلاروس کے صدر نے وزیراعظم پاکستان کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کیا جس میں دوطرفہ تعلقات پر بات چیت ہوئی اور متعدد معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اس وقت روس کے سرکاری دورے پر ہیں، جہاں وہ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے اور پارلیمانی تعاون کو مضبوط بنانے کیلئے ایم او یوز پر دستخط بھی کئے جائیں گے۔ انکے بقول نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار 2 دسمبر کو ایران کے دو روزہ دورے پر جائیں گے جہاں وہ وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شریک ہونگے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ہفتے مقبوضہ کشمیر کے ضلع کشتواڑ میں بھارتی فوج کے کیمپ میں چار شہریوں کو دوران حراست بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ پاکستان اس واقعہ کے ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کرتا ہے۔

بے شک اقوام متحدہ کے چارٹر میں اقوام متحدہ کے رکن ممالک کے مابین بین الریاستی تعلقات کے حوالے سے واضح طور پر طے کیا گیا ہے کہ ہر رکن ملک ایک دوسرے کی آزادی اور خودمختاری کی پاسداری کریگا اور کوئی رکن ملک کسی دوسرے رکن ملک کے اندرونی معاملات میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کریگا جبکہ کسی دوطرفہ تنازعے کے حل کیلئے ایک دوسرے پر لشکر کشی سے بھی گریز کیا جائیگا اور اقوام متحدہ کے فورم پر ہی علاقائی اور عالمی تنازعات کے علاوہ دو یا زیادہ ممالک کے باہمی تنازعات کا حل نکالا جائیگا۔ اس تناظر میں دوسرے ممالک کیلئے پاکستان کی آزادی اور خودمختاری کا احترام بھی واجب ہے۔ بدقسمتی سے ہمیں بھارت اور افغانستان کی شکل میں دو ایسے پڑوسی ملک ملے ہیں جنہیں پاکستان کے ساتھ شروع دن سے ہی خدا واسطے کا بیر ہے۔ پاکستان کو اقوام متحدہ کی رکنیت دینے کی بھی سب سے پہلے افغانستان نے مخالفت کی تھی جبکہ بھارت نے تقسیم ہند کے ایجنڈے کی روشنی میں پاکستان کا قیام تو بادل نخواستہ قبول کر لیا مگر اسکی سلامتی کمزور کرنے کی سازشوں میں شروع دن سے ہی مگن ہو گیا۔ اسکی پاکستان کے ساتھ مخاصمت کا سلسلہ ہنوز جاری ہے اور کابل انتظامیہ بھی پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کی بھارتی سازشوں میں شامل ہو چکی ہے۔

ہمارے لئے اس سے زیادہ افسوسناک صورتحال اور کیا ہو سکتی ہے کہ پاکستان کی افغانستان میں امن عمل کی کاوشوں کے نتیجہ میں ہی امریکی نیٹو افواج کی افغانستان سے واپسی ممکن ہوئی اور افغان طالبان کو دوبارہ کابل کے اقتدار میں آنے کا موقع ملا۔ اس تناظر میں ہمیں تو توقع تھی کہ ماضی کے برعکس اب پاکستان کو افغانستان کی جانب سے تازہ ہوا کا جھونکا ملے گا مگر اسکے برعکس کابل کی عبوری طالبان حکومت کی جانب سے پاک افغان سرحد پر افغان باشندوں کے پاکستان میں غیر قانونی داخلے کی راہ ہموار کی جانے لگی جنہوں نے سرحد پر لگی باڑ اکھاڑ کر پاکستانی پرچم بھی پاؤں تلے روندے اور پاکستان کی سلامتی کو بھی رعونت کے ساتھ چیلنج کرنا شروع کر دیا۔ طالبان حکومت کی اسی پالیسی سے ہی بھارت کو پاکستان کے اندر اپنا سازشی نیٹ ورک پھیلانے کا مزید موقع ملا جس کے دہشت گرد افغان سرزمین پر تربیت حاصل کرکے وہاں سے پاکستان میں داخل ہونے لگے چنانچہ 2021ء سے اب تک پاکستان میں دہشت گردی کی جتنی بھی وارداتیں ہوئی ہیں ان میں سے 95 فیصد وارداتیں افغانستان سے پاکستان داخل ہونے والے دہشت گردوں کے ذریعے ہی ہوئیں جبکہ کابل کی طالبان انتظامیہ نے اس حوالے سے پاکستان کے باضابطہ طور پر ریکارڈ کرائے گئے کسی احتجاج کی بھی پرواہ نہیں کی۔

چونکہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث تحریک طالبان کے لوگوں کی پذیرائی ہونے لگی اور طالبان حکومت کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت پاکستانی جیلوں میں مقید طالبان دہشت گردوں کی رہائی بھی عمل میں آنے لگی اور پھر ان دہشت گردوں کو پاکستان کی ایک جیل توڑ کر بھی فرار ہونے کا آسان موقع مل گیا اس لئے بادی النظر میں انکے ساتھ پاکستان کی اس وقت کی حکومت کا نرم رویہ ہی پاکستان میں دہشت گردی کیلئے ان کے حوصلے مزید بلند کرنے کا باعث بنا جبکہ عمران خان کے اقتدار سے ہٹنے کے بعد پی ٹی آئی کے احتجاجی جلسوں، جلوسوں اور مظاہروں میں بھی افغان باشندوں کی شمولیت نوٹ کی جانے لگی۔ پی ٹی آئی کی اس تحریک کے دوران افغان باشندے اسلحہ اور گولہ بارود کے ساتھ موجود پائے گئے جنہوں نے پہلی بار زمان پارک میں پولیس پر پٹرول بم بھی برسائے۔

یہ حقائق تو باقاعدہ ریکارڈ پر موجود ہیں کہ پی ٹی آئی کے مظاہرے کے دوران افغان باشندے عمران خان کی اقامت گاہ زمان پارک سے بھی گرفتار ہوئے جبکہ 9 مئی کے واقعات میں بھی متعدد افغان باشندے ملوث پائے گئے جن کی گرفتاریاں عمل میں آئیں اور انکے خلاف مقدمات بھی درج ہوئے۔ اب عمران خان کی 24 نومبر کی فائنل کال کی بنیاد پر پشاور سے وزیراعلیٰ خیبر پی کے اور بشریٰ بیگم کی قیادت میں اسلام آباد کیلئے روانہ ہونے والے جلوس میں بھی مبینہ طور پر افغان باشندے شامل ہو گئے۔

احتجاج یا استحکام؟؟؟؟؟

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

پاکستان تحریک انصاف کی فائنل کال احتجاج کے بعد سیاسی جماعتوں کی سطح پر بیان بازی ہو رہی ہے۔ یہ بیانات ملکی سیاست کا افسوسناک پہلو ہے۔ سیاست دانوں کے طعنے اور طنزیہ جملوں نے ماحول کو کشیدہ کر رکھا ہے، سیاسی تعلقات میں شدت اور کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔ بدقسمتی سے ہم آج تک یہ فیصلہ نہیں کر سکے ہیں کہ ہمیں احتجاج کے پیچھے بھاگنا ہے یا پھر استحکام کی طرف جانا ہے۔ کاش کہ سیاسی قیادت اس بارے قوم کی رہنمائی کرے کہ احتجاج ضروری ہے یا استحکام کی ضرورت زیادہ ہے۔ اگر ہمیں استحکام چاہیے تو کیا یہ مقصد احتجاج کے ساتھ ساتھ حاصل کیا جا سکتا ہے یقینا ایسا نہیں ہے لیکن بدقسمتی سے ہم ابھی تک یہ فیصلہ کرنے میں ناکام ہیں اگر احتجاج کرنا بھی ہے تو اس کا پیمانہ اور طریقہ کیا ہونا چاہیے۔ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ گزشتہ دنوں پشاور سے اسلام آباد تک احتجاج کی وجہ سے دنیا کو مختلف مناظر دیکھنے کو ملے ہیں۔ یقینا یہ اچھے مناظر نہیں تھے دنیا میں ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں اور اس بارے ہمیں کوئی معذرت خواہانہ رویہ اختیار بھی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ دنیا کے ہر دوسرے ملک کو سیاسی طور پر ایسی مزاحمت کا سامنا رہتا ہے۔ لیکن جب ہم اندرونی طور پر معاشی و سیاسی عدم استحکام کی بات کرتے ہیں تو پھر یہ پہلو تکلیف دہ ہے کہ ہر سیاسی جماعت ہر وقت حکومتی مخالفت کی وجہ سے کچھ غیر معمولی کام کرنے کی کوشش کرتی رہتی ہے۔ اگر کوئی بین الاقوامی مسئلہ نہیں ہے، کوئی مذہبی معاملہ نہیں ہے، کوئی قومی مسئلہ نہیں ہے تو پھر کیوں احتجاج کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔

اس سے بڑھ کر تکلیف دہ بات یہ ہے کہ سیاسی قیادت مظاہرین کی حمایت کرتی ہے۔ ٹھیک ہے کہ احتجاج بنیادی حق ہے، جمہوریت کا حسن ہے لیکن کیا حسن برقرار رکھنا بھی کسی کی ذمہ داری ہے یا نہیں۔ ملکی معیشت ہچکولے کھا رہی ہو، عام آدمی کی زندگی مشکل ہوتی جا رہی ہو اور سیاسی جماعتیں سڑکوں پر تماشے لگائیں اور ملک کی ایک بڑی سیاسی جماعت کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کہتے ہیں کہ کسی پارٹی کے فیصلے سے غرض نہیں کہ انہوں نے فیصلہ غلط کیا یا صحیح، وہ اپنے فیصلے کے خود ذمہ دار ہیں۔ ایک صوبے سے قافلے آ رہے ہیں تو اس وقت راستے دیئے گئے اور پیچھے ہٹ گئے، کہا کہ گولی نہیں چلانا چاہتے، جب ڈی چوک پہنچ گئے تو پھر گولی کیوں چلائی؟ ہر پارٹی کو جلسہ اور مظاہرہ کرنے کا حق حاصل ہے، مجھے بھی اور میرے مخالف کو بھی یہ حق حاصل ہے لیکن ہم اسلام آباد میں حکمرانوں کے پرتشدد رویے کی مذمت کرتے ہیں۔

یہی وہ مسئلہ ہے جس بارے سیاسی قیادت رہنمائی کرنے میں ناکام ہے۔ ہر سیاسی جماعت کو احتجاج کا حق حاصل ہے لیکن کیا غربت کی زندگی گزارنے والے کروڑوں انسانوں، بنیادی تعلیم سے محروم کروڑوں بچوں کا کوئی حق نہیں ہے، کسی بھی سیاسی جماعت کے سیاسی مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے احتجاج کو حق قرار دینا اور اس پر قائم رہنا کیا ملکی ترقی کے راستے میں بڑی رکاوٹ تو نہیں ہے۔ صرف مولانا فضل الرحمن ہی نہیں جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن بھی مظاہرین کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں۔ دیگر سیاسی جماعتوں کے اکابرین بھی حکومت کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ ٹھیک ہے تشدد نہیں ہونا چاہیے لیکن ریاستی اداروں کو بند گلی میں بھیجنا کہاں کی سیاست ہے۔ چونکہ ایسی سیاسی سرگرمیوں کی حمایت کرنے والوں نے مستقبل میں خود سڑکوں پر آنا ہوتا ہے اس لیے کوئی مسئلے کے حل کی طرف نہیں جانا چاہتا۔ پاکستان کے موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے ایسے معاملات میں کوئی قومی پالیسی ہونی چاہیے۔ اسمبلیوں کی موجودگی میں سڑکوں پر دھرنے، احتجاج ملکی ترقی کے راستے میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ یہ کام صرف اور صرف سیاسی قیادت ہی کر سکتی ہے۔ بنیادی طور پر یہ رویہ عدم برداشت کا اظہار ہے کیونکہ جو اپوزیشن میں ہے وہ حکومت کو برداشت نہیں کرتا، ہر حال میں حکومت کا خاتمہ چاہتا ہے، ووٹرز سیاسی شعور اور غیر جانبدارانہ جائزہ لینے کی اہلیت نہیں رکھتے، ووٹرز کارکردگی کے بجائے جذباتی نعروں اور بیانات کو پسند کرتے ہیں۔ یہ ہمارے ووٹرز کی کمزوری ہے۔ سیاسی جماعتوں کے کارکن کسی بھی سیاسی جماعت کے منشور، کارکردگی، منصوبوں یا پالیسیوں کے بجائے ذاتی تعلقات، میل جول اور جذباتی و خاندانی وابستگی کی بنیاد پر ووٹ دیتے ہیں۔ جمہوری نظام کے معاملے میں بھی ہم دنیا سے بہت پیچھے ہیں۔

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال کا بیان بھی مناسب نہیں ہے۔ احسن اقبال کہتے ہیں بانی پی ٹی آئی کا شوق پورا نہیں ہوا تو وہ ایک اور کال دے کر شوق پورا کر لیں۔ سوشل میڈیا پر ان لوگوں نے پورے بلیو ایریا کو لال سیاہی چھینک کر سرخ کیا ہوا ہے۔ حکومت پر بھی لازم ہے کہ وہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، آپ کے پاس طاقت، اقتدار اور اختیار ہے بلیو ایریا کو اگر کوئی سرخ کر کے دکھا رہا ہے تو آپ حقیقت دنیا کے سامنے رکھ دیں، کیمرا لے جائیں وہاں سے لائیو کر دیں، وہاں پریس کانفرنس کریں، میڈیا کو لے کر جائیں جواب دیں، یہ کوئی مشکل کام ہے۔ غیر ضروری بیانات میں الجھے رہنے سے نا صرف قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے بلکہ ترقی بھی رکی ہوئی ہے، ذہنی نشوونما سب سے زیادہ متاثر ہو رہی ہے اور یہ نقصان کسی بھی مالی نقصان سے زیادہ خطرناک اور تباہ کن ہے۔

آخر میں فیض احمد فیض کا کلام

اور کچھ دیر میں، جب پھر مرے تنہا دل
کو
فکر آ لے گی کہ تنہائی کا کیا چارہ کرے
درد آئے گا دبے پاؤں لیے سرخ چراغ
وہ جو اک درد دھڑکتا ہے کہیں دل سے
پرے
شعلہ درد جو پہلو میں لپک اٹھے گا
دل کی دیوار پہ ہر نقش دمک اٹھے گا
حلقہ زلف کہیں، گوشہ رخسار کہیں
ہجر کا دشت کہیں، گلشن دیدار کہیں
لطف کی بات کہیں، پیار کا اقرار کہیں
دل سے پھر ہوگی مری بات کہ اے دل
اے دل
یہ جو محبوب بنا ہے تری تنہائی کا
یہ تو مہماں ہے گھڑی بھر کا، چلا جائے گا
اس سے کب تیری مصیبت کا مداوا ہوگا
مشتعل ہو کے ابھی اٹھیں گے وحشی سائے
یہ چلا جائے گا، رہ جائیں گے باقی
سائے
رات بھر جن سے ترا خون خرابا ہوگا
جنگ ٹھہری ہے کوئی کھیل نہیں ہے اے
دل
دشمن جاں ہیں سبھی، سارے کے
سارے قاتل
یہ کڑی رات بھی، یہ سائے بھی، تنہائی
بھی
درد اور جنگ میں کچھ میل نہیں ہے اے
دل
لاؤ سلگاؤ کوئی جوش غضب کا انگار
طیش کی آتش جرار کہاں ہے لاؤ
وہ دہکتا ہوا گلزار کہاں ہے لاؤ
جس میں گرمی بھی ہے، حرکت بھی
توانائی بھی
ہو نہ ہو اپنے قبیلے کا بھی کوئی لشکر
منتظر ہوگا اندھیرے کی فصیلوں کے
ادھر
ان کو شعلوں کے رجز اپنا پتا تو دیں گے
خیر، ہم تک وہ نہ پہنچیں بھی، صدا تو دیں
گے
دور کتنی ہے ابھی صبح، بتا تو دیں گے

تلنگے انقلاب نہیں لایا کرتے


برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

عاشقان عمران ان دنوں اس مشتعل شخص جیسا رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں جو گدھے سے گرنے کا ذمہ دار کمہار کو ٹھہرا دیتا ہے۔ ''انقلاب'' برپا کرنے کی خاطر ان عاشقان کو 24 نومبر کے دن اسلام آباد محترمہ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور لائے تھے۔ پنجاب کی حدود میں داخل ہوتے ہی ''کارروان انقلاب'' کا یہاں کی ''پلس'' سے مقابلہ شروع ہو گیا۔ میرے اور آپ کے دیئے ٹیکسوں سے خریدے پنجاب کی پولیس نے پشاور سے آئے قافلے پر آنسو گیس کے شیل پھینکے تو کارروان میں گھسے صوبہ خیبرپختونخواہ کے پولیس اہلکاروں نے بھی جوابی شیلنگ کی۔ اینٹ کا جواب پتھر سے دیتے ہوئے بالآخر علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی اسلام آباد میں داخل ہو گئے۔ یہاں داخلے کے بعد ان کی منزل ریڈ زون میں واقع ڈی چوک تھی۔

ڈی چوک وہ مقام ہے جو ریاست اور حکومت پاکستان کی نمائندہ عمارتوں مثلاً پارلیمان، سپریم کورٹ اور ایوان صدر کے عین سامنے ہے۔ مظاہرین اس مقام پر جمع ہو کر درحقیقت ریاست و حکومت پاکستان کو للکارتے ہیں۔ 24 نومبر کی رات سے اسلام آباد داخلے کی کاوشوں میں مبتلا ہجوم کو یہاں پہنچ کر اس وقت تک دھرنا دیئے رکھنا تھا جب تک ان کے قائد عمران خان کو اڈیالہ سے رہا نہیں کیا جاتا۔ ریاستی قوت کو مختصراً نیچا دکھانا مقصود تھا۔

پاکستان جیسے ملکوں میں اقتدار سے محروم ہوئے سیاستدانوں کی گرفتاری ان کے چاہنے والوں نے کبھی بھی واجب و جائز نہیں سمجھی۔ سیاست کا دیرینہ طالب علم ہوتے ہوئے میں بطور صحافی اس سوچ سے متفق ہوں کہ ہماری حکومتیں مقبول سیاستدانوں سے خوف کھاتی ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ ایسے سیاستدانوں کو جائز و ناجائز مقدمات کی بدولت زیادہ سے زیادہ عرصہ تک جیل میں رکھا جائے۔ ہمارے کئی سیاستدانوں نے محض مقبول ہونے کے جرم میں اپنی زندگیاں جیلوں کی نذر کر دیں۔ انہیں اگرچہ دور حاضر کے انقلابی بھول بھال چکے ہیں۔

اپنی حکومتوں کے جابرانہ رویے کا شاہد ہونے کے باوجود میں اصرار کرتا رہا کہ عاشقان عمران کے انتہائی جذباتی ہجوم کو اسلام آباد کے ڈی چوک پہنچا کر بھی ریاست کو جھکایا نہیں جا سکتا۔ ہجوم سے دب جانے کے بجائے ریاست بلکہ ہجوم کے ''زعم'' کو مزید جبر سے کچلنے کو مصر ہو جاتی ہے۔

اس سوچ کا اظہار اس کالم اور سوشل میڈیا پر کیا تو عاشقان عمران کا غول میرے خلاف مغلظات سے بھری واہی تباہی بکنے لگا۔ بنیادی گناہ میرا یہ ٹھہرایا گیا کہ میں ''بڈھا'' ہو گیا ہوں۔ اپنے ذہن میں جمع ہوئے فرسودہ اور شکست خوردہ خیالات دہراتے رہنے کے بجائے مجھ ''ٹاؤٹ'' صحافی کو ریٹائر ہو جانا چاہیے۔ ریٹائر ہونے کا مشورہ دینے والے تاہم یہ سمجھا نہ پائے کہ صحافت چھوڑ دی تو گھر کا خرچہ کیسے چلاؤں گا۔ فرض کیا میں جابر قوتوں کا ''ٹاؤٹ'' ہوں تب بھی وہ اسی صورت ''چائے پانی'' کے لئے کچھ رقم دیں گے اگر میں اپنی تحریروں اور ٹی وی کے علاوہ سوشل میڈیا پر ادا کئے کلمات کے ذریعے دور حاضر کے انقلابیوں کو گمراہ یا دل شکستہ کرنے کی کاوش میں مصروف رہوں گا۔

سوشل میڈیا پر چھائے دو نمبر انقلابیوں کا غول مجھے ریٹائر ہونے کو مجبور نہ کر پایا تو نہایت رعونت سے بتانا شروع ہو گیا کہ میں تاریخ کی ''غلط سمت'' کھڑا ہوں۔ تاریخ کی غلط سمت ''کھڑا ہونا'' اپنے تئیں ایک فیشن ایبل مگر فرسودہ تصور ہے۔ مجھ بدنصیب نے جتنی تاریخ پڑھی ہے اس میں تاریخ بذات خود مظلوم نہیں بلکہ ہمیشہ ظالم کے ساتھ کھڑی نظر آئی۔

آج کی خبر نہیں مگر جن دنوں میں سکول میں تھا تو ہمیں نصاب میں جنگ پلاسی پڑھائی جاتی تھی۔ انگریزوں نے یہ جنگ بنگال کے نواب سراج الدولہ پر مسلط کی تھی۔ ہمیں یہ بھی پڑھایا گیا کہ اپنی دھرتی کو سامراج کی غلامی سے آزاد رکھنے کو ڈٹے نواب سراج الدولہ کو انگریز محض اس وجہ سے شکست دے پائے کیونکہ اس کا آرمی چیف - میر جعفر - ''غدار'' ہو کر دشمنوں سے مل گیا تھا۔ 1980 میں لندن گیا تو کئی دنوں تک روزانہ وہاں کی انڈیا آفس لائبریری جاتا رہا۔ وہاں بہت لگن سے میں نے ایسا مواد جمع کرنے کی کوشش کی جو سمجھا سکے کہ نواب سراج الدولہ کو شکست کیوں ہوئی تھی۔ میری تحقیق نے جو اجاگر کیا اسے لکھنے سے خوف آتا ہے۔ محض یہ کہتے ہوئے جند چھڑا لیتا ہوں کہ تاریخ نے اس وقت نواب سراج الدولہ کا ساتھ نہیں دیا تھا۔ جذباتی ذہن سے جانچنے کی کوشش کریں تو تاریخ اس وقت ''درست'' سمت کی جانب رواں نہیں تھی۔

کالم کی تنگ دامنی کی وجہ سے اپنی بات سمجھانے کے لئے مثالوں کا انبار لگا نہیں سکتا۔ فقط 1857ء یاد کر لیتے ہیں۔ انگریز اس برس میں جو ہوا اسے ''غدر'' اور ہم ''جنگ آزادی'' پکارتے ہیں۔ ''جنگ آزادی'' کے نام پر جو ''مجاہدین'' 1857ء کی دلی میں گھس آئے تھے انہیں وہاں کے رہائشی ''تلنگے'' پکارنا شروع ہو گئے۔ وہ کسی بھی گھر یا دوکان میں گھس کر اپنی جدوجہد کا ''خراج'' وصول کرنا شروع ہو جاتے۔ ان کے خوف سے مرزا غالب اپنے گھر میں محصور ہو گئے۔ خوش نصیب تھے کہ جس علاقے میں رہتے تھے وہاں مہاراجہ پٹیالہ کئی عمارتوں کا مالک تھا۔ ان کی نگہبانی کے لئے اس نے اپنے ہاں سے ''مشٹنڈے'' بھیج رکھے تھے۔ ''غالب'' لہٰذا محفوظ رہے۔ گھر سے نکل کر تاریخ کی ''درست سمت'' کھڑے ہونے کے بجائے وہ گھر بیٹھے ہی دوستوں کو چٹھیاں لکھتے رہے۔ ان کے لکھے خطوط پڑھنے کی بدولت ہی یہ قلم گھسیٹ اردو کے ایک دو فقرے لکھنے کے قابل ہوا ہے۔ کبھی کبھار سوچتا ہوں کہ غالب جوش میں اپنا گھر بار چھوڑ کر تلنگوں کے ساتھ ''تاریخ کی درست سمت'' کھڑے ہو جاتے تو مجھ جیسے سینکڑوں افراد اردو میں چند فقرے لکھنے کے قابل بھی ہوتے یا نہیں۔ ''تاریخ'' ہمیشہ جیتنے والی قوتوں نے لکھی ہے۔ اس نے ''درست راہ'' کبھی دکھائی نہیں اور تاریخ ہی نے بتایا ہے کہ ''تلنگے'' انقلاب نہیں لایا کرتے۔ جابر قوتوں کو بلکہ مزید جابر بنا دیتے ہیں۔

جو 30 سال میں ہوا وہ چند سال میں نہ ہو جائے!!!!

خاص مضمون
تحقیق صدیقی

انگریز نے 1849ء میں پنجاب پر قبضہ کر لیا، آپ یہ جان کر حیران ہوں گے اس وقت پنجاب میں تعلیم سو فیصد تھی، انگریز اس تعلیم کو خطرناک سمجھتا تھا چنانچہ یہ لوگ کنگز کالج لندن کے ایک نوجوان پروفیسر گوٹلیب ولیم لیٹنر کو لاہور لے آئے، لیٹنر بھی ایک عجیب و غریب کردار تھا، یہ 50 زبانیں جانتا تھا عربی، ترکی اور فارسی مقامی لوگوں کی طرح بولتا تھا، کچھ عرصہ مسلمان بھی رہا تھا۔

اس نے داڑھی بڑھا کر اپنا نام عبدالرشید سیاح رکھا اور تمام اسلامی ملکوں کی سیاحت کی، وہ مسجدوں میں نماز تک پڑھ لیتا تھا، وائسرائے نے اسے ہندوستان بلایا اور اسے پنجاب کا نظام تعلیم بدلنے کی ذمہ داری سونپ دی، لیٹنر نے پنجاب کا دورہ کیا اور وائسرائے کو لکھا، مجھے پڑھے لکھے پنجاب کو جاہل بنانے کے لیے 50 سال درکار ہوں گے، وائسرائے نے اسے 50 سال دے دیے، اسے انسپکٹر جنرل آف سکولز پنجاب بنا دیا تھا، پھر لیٹنر کو گورنمنٹ کالج لاہور کا پرنسپل بنا دیا گیا۔

اس نے آگے چل کر پنجاب یونیورسٹی کی بنیاد بھی رکھی، یہ ان دونوں اداروں کا ابتدائی سربراہ تھا، انگریز نے پنجابیوں کو غیر مسلح اور ان پڑھ بنانے کے لیے عوام کو لالچ دی کہ ہتھیار جمع کرائیں اور حکومت سے تین آنے لے لیں اور عربی، سنسکرت اور گورمکھی کی کتاب دیں اور چھ آنے وصول کر لیں، جیسی سکیم بھی متعارف کرائی اور پورے پنجاب سے کتابیں اور اسلحہ جمع کر لیا، انگریز نے اس کے بعد انگریزی زبان کو سرکاری اور دفتری زبان بنا دیا اور سکولوں کو عبادت گاہوں سے الگ کر دیا۔

جاگیرداروں اور زمین داروں کو اپنے ساتھ ملا کر ان کے بچوں کو انگلش میڈیم تعلیم دے کر متوسط طبقے کو دبانے کی ذمہ داری بھی دے دی گئی، انگریزوں کو سمجھ دار، قانون پسند اور انصاف کا پیکر بنا کر پیش کرنا بھی شروع کر دیا گیا، مقامی زبانوں اور کتابوں کو جہالت کا مرکب قرار دے دیا گیا، ولیم لیٹنر کا منصوبہ کامیاب ہو گیا اور اس نے 50 کی بجائے 30 برس میں پورے پنجاب کو غیر تعلیم یافتہ اور جاہل بنا دیا، لیٹنر نے اپنے ہاتھ سے لکھا میں نے پورے پنجاب کا دورہ کیا، آج یہاں کوئی پڑھا لکھا شخص نہیں ہے۔ اس نے سیالکوٹ کے ایک گاؤں چونڈیاں کلاں کی مثال دی، اس کا کہنا تھا کہ میں پنجاب آیا تو اس گاؤں میں ڈیڑھ ہزار پڑھے لکھے لوگ تھے، آج یہاں صرف 10 لوگ گورمکھی اور ایک اردو پڑھ سکتا ہے اور یہ بھی چند برسوں میں مر کھپ جائیں گے، لیٹنر نے پنجاب میں رہ کر اردو سیکھی اور پھر اردو میں دو والیم کی تاریخ اسلام لکھی، یہ کتاب 1871ء اور 1876ء میں دو بار شائع ہوئی، لیٹنر 1870ء کی دہائی میں اپنا کام مکمل کر کے برطانیہ واپس چلا گیا۔ باقی وہ تو غیر مسلم تھے جنہوں نے ہم پر تقریباً سو سال حکومت کی اور مسلمانوں کی تعلیم کو ختم کر دیا اگر ہم اج کے دور کی بات کریں جہاں ہم اسلامی جمہوریہ پاکستان میں رہ رہے ہیں اور اگر اج ہم تعلیم کی بات کریں تو کبھی سوگ کی وجہ سے چھٹیاں کبھی غیر اخلاق احتجاج کی وجہ سے چھٹیاں اس کی وجہ سے بچوں کا مستقبل خراب نہیں ہو رہا غریبوں کے بچے تو چھوٹے چھوٹے معمولی سے سکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور اشرافیہ کے بچے بڑے بڑے سکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں باہر کے ملکوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کو نہ تو سوگ پریشان کرتی ہے اور نہ ہی غیر اخلاق احتجاج کیونکہ ان کے مسائل کا حل ان کے پاس ہے لیکن عام غریب شخص کے پاس اپنے مسائل کا حل نہیں ہے کیونکہ وہ محدود وسائل میں اپنی زندگی بسر کر رہا ہوتا ہے اور بڑی مشکل سے اپنے بچوں کو تعلیم دینے کی کوشش کر رہا ہوتا ہے کہ شاید اس کا بچہ کسی اچھے مقام تک پہنچ سکے لیکن جو اس وقت حالات ہیں تعلیم کا جو معیار ہے ایک عام سکول میں جو تعلیم دی جا رہی ہے اس کا بھی کوئی حال نہیں ہے کیونکہ بیشتر سکولوں میں سٹاف تعلیم یافتہ نہیں ہے ظاہر ہے اگر اچھی تعلیم ہوگی تو وہ اچھے معیار کی تعلیم دے سکے گا اور تو اور جن اداروں کی ذمہ داری ہے کہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنائیں اور ان کو چیک کریں وہ تو اپنے بڑے بڑے دفتروں میں بڑی بڑی گاڑیوں میں عیش کی زندگی کے چکر میں رہتے ہیں اگر ان دفتروں کو دیکھا جائے تو اتنے عالی شان بنائے گئے ہیں یعنی بلڈنگوں پر اتنا روپیہ لگایا گیا ہے اتنی عالی شان طرز کی بنائے گئی ہیں مگر جن اداروں نے تعلیم کے معیار کو اور سکولوں کو چیک کرنا ہے کالجوں اور یونیورسٹیوں کو چیک کرنا ہے وہ صرف اپنی کرسیوں اور عالی شان بلڈنگز میں اپنے اختیارات کا مزہ لے رہے ہیں گورنمنٹ کو اس حوالے سے ایک واضح پالیسی بنانی چاہیے اور آئے دن تعلیمی اداروں کو چھٹیاں دینے کی بجائے تعلیمی اداروں کے لیے ایک واضح پالیسی بنائیں جس میں تعلیمی اداروں کو اتنی چھٹیاں نہیں ہونی چاہیے جتنی ہو رہی ہیں میرے خیال میں سال میں تقریباً پانچ ماہ بچے سکول جاتے ہیں سات ماہ چھٹیاں ہوتی ہیں جب بچوں نے پورا سال پڑھنا ہی نہیں تو کیا تعلیم حاصل کریں گے اس طرح جیسے ولیم لیٹنر نے 50 سال والا کام 30 سال میں کر دیا یہ چند سالوں میں نہ ہو جائے کیونکہ جتنی زیادہ چھٹیاں ہوتی ہیں بچوں کی دلچسپی تعلیم سے ہٹتی جا رہی ہے کیونکہ اگر جتنی زیادہ چھٹیاں ہوں گی تو بچے دوسرے کھیلوں کی طرف دلچسپی دکھائیں گے تعلیم کی طرف توجہ کم ہوتی جائے گی اس وقت جو موبائل فون نے چھوٹے بچوں کا حال کیا ہے یہ بھی کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے اگر اج ہمارے ملک نے ترقی کی ہے تو وہ تعلیم کی ہی وجہ ہے اگر ہماری معاشرے میں تعلیم عام ہوگی تو ہمارا ملک مزید ترقی کرے گا!!!

پی ٹی آئی کا انجام۔۔۔۔؟

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

ہم نے آٹھ برس پہلے انکشاف کر دیا تھا کہ پنکی نامی جادوگرنی پالعظہ ہے۔ جائیداوں مال و دولت اقتدار شہرت کی ہوس کی شکار اس خاتون نے گوگی گینگ تیار کیا۔ عمران خان کو پھانسا اور غداروں کی مجبوریوں سے عمران کو اپنے جعلی روحانی شیشے میں بڑی مہارت سے اتار لیا۔ برین واش ہوچکا تاثر ضعیف الاعتقاد شخص جادوگرنی کے سحر میں ایسا جکڑا گیا کہ دین و دنیا سب گنوا بیٹھا۔ ایسے نامراد و مرید کے ہاتھ میں ملک کی باگ دوڑ تھمانا حماقت تھی مگر یہ حماقت ہوگئی اور پھر حماقت کا خمیازہ بعد میں آنے والی مقتدرہ کو بھگتنا پڑی۔ تحریک انصاف نے تحریک اختیار چننے میں عجلت سے کام لیا جبکہ ریاست کے خلاف بغاوت کی ہر منصوبہ بندی الٹی ثابت ہوئی۔۔۔ایک وقت تھا جب عمران خان کہا کرتا تھا کہ ''متحدہ کا قائد الطاف حسین ملک کا سب سے بڑا غدار اور دہشت گرد ہے''۔ پھر وہ وقت آیا جب کہا کرتا ''ایم کیو ایم سے پی ٹی آئی کا نیچرل الائنس ہے''۔ سچ کہا کرتا تھا۔ دہشت گرد اور غدار رشتے میں ہمراز ہوتے ہیں۔ 26 نومبر کو انقلاب اپنی موت آپ مر چکا اور ڈھونگی کہتے ہیں دھرنا ابھی بھی جاری ہے۔ یقینا پیرنی کے موکل دھرنا دے رہے تھے۔ قیادت تو پہنچی نہیں اور جو پہنچی اس نے غیرتمندوں کو ذلیل و رسوا کر دیا۔ زن مرید جماعت زن کے ہاتھوں سپرد خاک ہوئی۔ کلٹ کے اندھے عاشقان زن مرید مرشد کو نعوذ باللہ پاک ہستیوں سے ملاتے ہوئے ڈوب کے مر کیوں نہیں جاتے؟ کربلا میں نانا کی آل نے پہلے اپنا خاندان معصوم بچے تک شہید کرائے۔ تم منافقو یزید سے بھی بدتر ہو۔ اپنی اولادوں کو محفوظ رکھتے ہو۔ حسین رضی اللہ عنہ کا نام اپنی غلیظ زبان سے مت لو۔۔۔تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، صوبائی صدور، مرکزی عہدیداران، قومی اسمبلی کے 103 ایم این ایز، پنجاب اسمبلی کے 116 ایم پی ایز، پختونخوا کے 93 ممبران اسمبلی، سندھ کے 30 ممبران اسمبلی، بلوچستان کے 7 ممبران اسمبلی، 18 سینیٹرز اور کشمیر اور گلگت بلتستان اسمبلیاں کیا ان تمام ممبران اور عہدیداروں میں کسی ایک کا بچہ بھی انقلاب میں زخمی یا جاں بحق ہوا؟ غریبوں کے بچے کو اپنے اقتدار اور جرائم پر پردہ پوشی کا ایندھن بناتے نہ عمران خان کو خیال آیا نہ ان کی پارٹی کی باقی قیادت کو!

300 لاشیں؟ یہ سب ویسی ہی خبریں ہیں جیسے پنجاب کالج میں طالبہ کا ریپ ہوا تھا۔ اسکا جنازہ بھی ہو گیا، تدفین وغیرہ بھی لیکن آج تک کوئی طالبہ کو جانتا ہے نہ اسکے خاندان کو ڈھونڈ سکا نہ اسکی قبر۔

پی ٹی آئی کا فیصلہ ہوا تھا کہ بشریٰ پیرنی احتجاج میں نہیں جائے گی، لیکن احتجاج سے پہلے وہ خود نکل آئی، اور اس کی گنڈاپور سے منہ ماری بھی ہوئی، اور کہا کہ میں پیدل ہی احتجاج کیلئے نکل جاؤں گی۔ 26 نمبر چونگی پر قافلہ رکا تو پھر دونوں میں جھگڑا ہوا اور بشریٰ نے دھمکی دی کہ اگر تم آگے نہیں گئے تو میں خود جاؤں گی، کلثوم اسپتال پر قافلہ روکنے اور ڈی چوک نہ جانے کا فیصلہ ہوا تھا، لیکن بشریٰ نے ڈی چوک جانے کا کہا، اور جب آپریشن ہوا تو حکومت نے ہی ان دونوں کو بھاگنے کا راستہ فراہم کیا۔ رؤف حسن سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی نے بھی کہا کہ ہمارے پاس کنفرمڈ اموات گیارہ (11) ہیں جو ظاہر ہے انتہائی افسوسناک ہے۔ لیکن بی بی سی کی سٹوری نے ایک نامعلوم ڈاکٹر کے نام پر جو سنسنی پھیلائی اس کا نقصان نہ صرف صحافت اور پاکستان کو ہوا بلکہ عام لوگوں کی نفسیات پر بھی منفی اثر پڑا۔ لگتا ہے سٹوری بناتے ہوئے لطیف کھوسہ کے 278، شیخ وقاص کے 100 اور سلمان اکرم راجا کے 20 لاشوں کے دعوے بی بی سی کے اعصاب پر سوار تھے۔ سنسنی خیز لفاظی کی ایک خوفناک مثال دیکھیں کہ مرنے والوں کی تعداد کو بغیر کسی واضح نمبر کے اوپن اینڈڈ اختتام، غیر شفاف اور غیر پیشہ وارانہ طریقے سے لوگوں پر چھوڑ دیا گیا۔ پی ٹی آئی تمام تباہی کی ذمہ دار بشریٰ پیرنی کو سمجھتی ہے۔ فائنل مارچ سے پہلے پشاور میں پی ٹی آئی کا اجلاس ہوا، بشریٰ پیرنی نے اجلاس میں پارٹی لیڈرز کیلئے 7 مرتبہ بے غیرت اور گدھے کا لفظ استعمال کیا، اسلام آباد سے فرار کے بعد بدھ کو میٹنگ میں بشریٰ نے پارٹی رہنماؤں کیلئے ایک بار پھر بے شرم اور بے غیرت جیسے لفظ استعمال کیے، اس کے لہجے میں شدید غصہ، رعونت اور حقارت تھی۔ سلمان اکرم راجہ نے بشریٰ کو کہا کہ میں صرف عمران خان کو جواب دہ ہوں، اس کی بیوی کو جواب دہ نہیں۔ گولیاں اندھیرے میں ڈھونڈ کر نامعلوم غریبوں کو لگیں اور وہ سب غائب بھی ہو گئے اور نامور لیڈر، یوٹیوبر اور درجنوں ٹی وی چینلز کے نمائندے جو اسی جگہ موجود تھے انہیں سیکورٹی فورسز کی کسی چھڑی نے بھی نہیں چھ کیا؟ ڈی چوک کے بھگوڑوں نے بانی پی ٹی آئی کو بھی تنہا چھوڑ دیا۔ جیل میں ملاقات کے دن، بانی پی ٹی آئی ملاقاتیوں کی راہ تکتے رہے۔ آج اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے ملنے کوئی بھی نہیں پہنچا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے گرفتاری کے ڈر کے پیش نظر بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی زحمت نہ کی۔ بانی پی ٹی آئی سے پارٹی رہنماؤں کے علاوہ اہل خانہ میں سے بھی کوئی نہیں آیا۔ سیاسی جانشینی کی دوڑ میں شامل بشریٰ بی بی اور علیمہ خان بھی ملنے نہ آئیں۔ اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے آنے والے عام طور پر ایک دو روز پہلے درخواست دیا کرتے تھے، ذرائع کچھ عرصے سے ملاقات کے لئے آنے والے موقع پر ہی درخواست دے کر بانی پی ٹی آئی سے مل رہے تھے، ذرائع ڈی چوک فائنل کال کی ناکامی پر پی ٹی آئی رہنما شرمندہ ہیں یا خوفزدہ؟ اڈیالہ میں بیرسٹر گوہر اور بیرسٹر سیف کی بانی چیئرمین سے ملاقات ہوئی - ملاقات میں دونوں شخصیات نے بانی چیئرمین کو بتایا کہ سارا کراؤڈ خیبر پختونخوا سے ہے اور پنجاب اور سندھ سے کوئی بھی نہیں نکلا اور پنجاب اور سندھ کی قیادت ورکرز کو نکالنے میں ناکام رہی۔

بانی کو یہ بھی بتا دیا گیا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری کی موجودگی میں نقصانات کا اندیشہ ہے اور ہجوم کی قیادت بشریٰ بی بی نے سنبھال لی ہے جسے سن کر خان صاحب خاموش ہو گئے۔ جادو کے اثرات فرد جرم عائد ہونے تک برقرار دکھائی دیتے ہیں۔ 9 مئی اور 26 نومبر کا بانی سنگین گرفت میں آ چکا ہے اور اس کا سہرا جادوگرنی کے سر باندھا جائے گا۔ 26 نومبر کو انقلاب کا چاند کراچی، لاہور سمیت پاکستان کے کسی صوبہ میں نظر نہیں آیا چند گھنٹوں کے لئے اسلام آباد میں نظر آیا تھا مگر اسکے فوراً بعد منظر عام سے غائب ہو گیا۔

''سپیڈ کی لائٹ'' والا انقلاب


وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

لیجئے جناب، پی ٹی آئی کے ایک سے دوسرے سرے تک کم از کم ایک بات پر اتفاق رائے تو ہو گیا۔ یہ کہ پارٹی کی پوری قیادت بک چکی ہے، غدار اور میر جعفر ہے، تنظیم سے ملی ہوئی ہے۔ زیادہ تر نے اپنے لیڈروں کیلئے ''کمپروماٹزڈ'' کا لفظ استعمال کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے بعض ٹی وی اینکرز اپنی گندمی اور نیم گندمی رنگت کے باوجود خود کو ''انگریز'' یا امریکی انگریز باور کرانے کی سعی میں زور لگاتے نظر آتے ہیں، ان کے الفاظ میں پارٹی لیڈر ''کھام پھروماٹزڈ'' ہے۔ بہرحال کمپروماٹزڈ ہو یا کھامپروماٹزڈ، عوامی زبان میں مطلب ایک ہی ہے، بکی ہوئی قیادت۔

اور یہ بھی نہیں کہ قیادت کا بیشتر حصہ، پارٹی اتفاق رائے کے مطابق ساری کی ساری۔ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا سارے کا سارا یہی بیانیہ نشر کر رہا ہے۔ عوام الناس میں مشہور ہے کہ یہ دراصل ''جھوٹ بریگیڈ'' ہے۔ ہوگا، لیکن کم از کم اس کی تازہ ریسرچ تو سچ ہی لگتی ہے۔

قیادت اگر بکی ہے جو بیان کی گئی ہے تو پارٹی کیڈرز اور اس کے سوشل میڈیا کو مرشد کی بصیرت اور وژن کے قربان جانا چاہیے کہ:

تمہی کہو یہ انتخاب کس کا تھا۔

یعنی کس نے چن چن کر یہ ہیرے موتی قیادت کی مسندوں پر بٹھائے۔ مرشد کی بصیرت اور بصارت کے کیا کہنے، وہ تو دیوار کے اس پار بھی دیکھ لیتے ہیں۔

پی ٹی آئی سوشل میڈیا کے ایک سے زیادہ آؤٹ لیٹس نے تو حد کر دی۔ خود مرشدانی جی پر سوال اٹھا دیا، کہا اب پتہ چلا، اچانک ہی رہا کر کے کیوں پختونخواہ جانے کی اجازت دے دی۔ پشاور کے سی ایم ہاؤس میں بیٹھ کر پارٹی پر نقب لگائی۔ سنگجانی جا کر دھرنا دینے کی ہدایت خود مرشد نے دی تھی، مرشدانی جی نے سبوتاژ کر دی، نتیجہ دیکھ لو۔ پارٹی ورکرز کا سارا حوصلہ جو چند روز پہلے تک اوج ثریا سے بھی اوپر محو پرواز تھا، اب پاتال کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہے۔ ادھر پارٹی قیادت کے اجلاس میں بھی مرشدانی پر اعتراض ہوئے۔ اخباری رپورٹ کے مطابق شرکائے اجلاس میں کسی ایک نے بھی مرشدانی کا دفاع نہیں کیا۔ کاش اعتزاز احسن بھی اجلاس میں ہوتے اور صفائی دینے کا حق ادا کرتے۔

یاد آیا جب پارٹی کی حکومت تھی اور ہر شعبے میں تباہ کاری اور بربادی کے جھنڈے گاڑے جا رہے تھے تو پی ٹی آئی کے ''نصب شدہ'' اینکر پرسن مرشد کی صفائی ان الفاظ میں دیا کرتے تھے کہ مرشد تو بہت قابل، بہت ایماندار ہے لیکن وہ کیا کرے، اس کی پارٹی کے لیڈر، کابینہ کے ارکان نالائق اور کرپٹ ہیں۔ مرشد کا کوئی قصور نہیں۔

یہ ''راز'' ابھی دنوں تازہ تازہ کھلا تھا کہ مرشد تو دیوار کے پار بھی دیکھ لینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اور اب تو مرشدانی پر بھی اعتراض ہو گیا حالانکہ ابھی مرشدانی جی کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ انہیں براہ راست آسمانوں سے کشف ہوتا ہے، وہ ڈیوائن ڈائریکشن لے کر آئی ہیں۔ ان کے موکل انہیں ہر شے کی حقیقت بتا دیتے ہیں، کل کیا ہوگا، یہ بھی بتا دیتے ہیں۔

حیرت ہے، موکلوں نے یہ نہیں بتایا کہ 26 نومبر کی رات انہیں ڈی چوک سے اس عالم میں بھاگنا پڑے گا کہ نہ ہاتھ باگ پر ہوگا نہ پا رکاب میں۔ گنڈاپور کے ہمراہ ایسے بندوق کی گولی کی طرح بھاگیں کہ سیدھے مانسہرہ جا کر دم لیا۔ گنڈاپور نے کچھ گھنٹے دم لینے کے بعد پریس کانفرنس بھی کر ڈالی، مرشدانی جی کو دم لینے میں ابھی کچھ دن لگیں گے۔ فی الوقت وہ خاموشی کا اعتکاف بیٹھ گئی ہیں۔

خبریں افواہوں کی صورت میں گرم ہیں کہ خیبر پی کے میں گورنر راج لگا دیا جائے گا۔ یعنی صوبے کی حکومت کنڈی کے سپرد ہو جائے گی۔

اس صورت میں گنڈاپور کا کیا بنے گا؟۔ شاید انہیں وفاق میں کوئی وزارت مل جائے۔ شاندار خدمات کے اعتراف میں۔ ایسا ہوا تو کون سا قلم دان ملے گا؟۔ شاید فروغ پیداوار اسلامی شہد کا نیا محکمہ بنایا جائے۔

پی ٹی آئی کے بہت سے سوشل میڈیا آؤٹ لیٹ دو دن سے جہاں پارٹی کی ''کھام پھروماٹزڈ'' قیادت کو توپ دم کئے ہوئے ہیں، وہاں پنجاب کو بھی نشانے پر رکھا ہوا ہے کہ یہاں سے کوئی نہیں نکلا۔ اسی سوشل میڈیا کی اطلاع تھی کہ پارٹی نے 35 ہزار جانباز کارکن پہلے ہی اسلام آباد پہنچا دیئے ہیں، جونہی کے پی والا جلوس اسلام آباد پہنچے گا، یہ 35 ہزار بھی اپنی کمین گاہوں سے برآمد ہوں گے اور پھر یوں چٹکی بجاتے انقلاب آ جائے گا۔

پی ٹی آئی والے پنجاب کو جتنی چاہے ملاحیاں سنا دیں، کوسنے دے دیں لیکن پہلے یہ عقدہ تو حل کریں کہ یہ 35 ہزار کہاں چھپے تھے۔ لگتا ہے جس کھوہ میں پناہ لی تھی، اس کے دہانے پر کوئی چٹان آ گری، باہر آنے کا راستہ بند ہو گیا۔ یہ 35 ہزار اس چٹان کو ہلاتے ہی رہ گئے اور انقلاب جلا ہوا کنٹینر چھوڑ کر واپس کے پی بھاگ نکلا۔

اے ایف پی عالمی خبر رساں ادارے اور الجزیرہ کے رپورٹروں کی رپورٹنگ کے مطابق اسلام آباد پہنچنے والے انقلابیوں کی تعداد دس ہزار تھی۔

کمال ہے ہمیں تو بتایا گیا تھا کہ 25 ہزار ہیں۔ یعنی انقلاب کا خسارہ پورے پندرہ ہزار کا تھا؟۔

خیر، یہ پہلے پہنچائے گئے 35 ہزار بھی کھوہ سے برآمد ہو جاتے تو یہ دس ہزار ملا کر 45 ہزار ہو جاتے۔ برا ہو اس کھوہ کا جس نے انہیں باہر آنے ہی نہیں دیا۔ کھوہ تھی یا خلائی بلیک ہول کہ جو بھی اندر گیا، پھر باہر نہ آیا۔

اقتدار کی جنگ سے تنگ آئے عوام!

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

ملک میں ایک طرف اقتدار کی جنگ جاری ہے تو دوسری طرف دہشت گردی میں تیزی آتی جا رہی ہے، حکومت مخالف احتجاج رک رہے ہیں نہ ہی دہشت گردی پر قابو پایا جا سکا ہے، ان دونوں آویزشوں میں بیگناہ انسانی جانوں کا ضائع ہو رہا ہے، حکومت نے اسلام آباد پر پی ٹی آئی کی یلغار تو روک دی، مگر اس کے نتیجے میں پولیس اور رینجرز کے چار اہل کار اپنی جانوں سے گئے، جبکہ پی ٹی آئی کا دعویٰ ہے کہ اس کے بھی متعدد اکارکنان مارے گئے ہیں، اس کے باوجود حکومت کے خلاف احتجاج جاری رہے گا، جبکہ اس حصول اقتدار کی جنگ میں عام آدمی کا جینا حرام ہی رہے گا۔

اس ملک میں عام آدمی کا کسی کو بھی کوئی خیال نہیں ہے کہ وہ کس مشکل میں جی رہا ہے اور کس بے بسی میں مر رہا ہے، گزشتہ روز درمیانی رات تونسہ کے علاقے میں دہشت گردوں نے ایک تعمیراتی کیمپ پر حملہ کیا اور 6 مزدوروں کو پکڑ کر لے گئے، حملہ آوروں نے لیویز چیک پوسٹ نذر آتش کر دی اور اہل کاروں سے اسلحہ بھی چھین لیا، جبکہ خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں قبائل کے درمیان ہونے والے تصادم کے دوران سوا سو سے زیادہ افراد جاں بحق ہو چکے ہیں اور قتل و غارت کا سلسلہ کسی روک ٹوک کے بغیر جاری ہے، کیونکہ لڑنے والے پوری قوت سے سرگرم ہیں، لیکن انہیں روکنے والا کوئی نظر ہی نہیں ہے۔

یہ لا اینڈ آرڈر کی صورتحال قوم کے مستقبل کے تناظر میں نہایت تشویشناک ہے، قانون نافذ کرنے والے ادارے تو حالات کنٹرول کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں، اپنی جانوں کی قربانیاں بھی دے رہے ہیں، مگر سیاسی عدم استحکام اور عدم توجہی معاملات میں بگاڑ پیدا کرنے میں جلتی پر تیل کا کام دے رہی ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو امن و امان کو لاحق خطرات سے نمٹنے پر پوری یکسوئی سے توجہ دینی چاہیے اور اپنی قوت ایک دوسرے کو نیچا دکھانے، دیوار سے لگانے اور راستے سے ہٹانے میں ضائع نہیں کرنی چاہیے، اپوزیشن جب تک اپنی خو نہیں بدلے گی اور حکومت اپنی وضع تبدیل نہیں ہونے دے گی اور ملکی اداروں کو ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لئے استعمال کیا جاتا رہے گا تو کچھ نہیں بدلے گا، اس حصول اقتدار کی جنگ میں عوام مزید تنگ ہی ہوتے رہیں گے

نجانے ہمارے ارباب اختیار اور منصوبہ ساز کب اس فرسودہ نظام کی تبدیلی کا سوچتے ہوئے ایک ایسی عوامی حکومت کا ڈول ڈالیں گے کہ جس سے نہ صرف عوامی مینڈیٹ تسلیم کیا جائے، بلکہ اقتدار میں آنے والی حکومت اپنی آئینی مدت بھی پوری کرے اور عوام کے لیے بھی کچھ کر سکے، الیکشن کی شفافیت سے ہی اداروں پر اعتبار اور اعتماد کی فضا قائم کی جا سکتی ہے، بلکہ دہشت گردی کی روک تھام بھی کی جا سکتی ہے، عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے کے لئے جہاں گڈ گورننس کی ضرورت ہے، وہاں دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے سیاسی استحکام کی بھی ضرورت ہے، اگر حکمران اقتدار میں آ کر طوطا چشم بن کر عوام سے کئے وعدے بھولتے رہیں گے اور اپنے مفادات ہی عزیز رکھیں گے تو عوام کی حمایت حاصل کر پائیں گے نہ ہی اپنے اقتدار کو دوام دے پائیں گے۔

اس وقت ملک میں سیاسی استحکام کے ساتھ ملک میں بڑھتی دہشت گردی کے خاتمے کے لئے موثر اور مثبت اقدامات انتہائی ضروری ہیں، اگر ہم نے اپنی نسل کو پر امن اور خوشحال پاکستان دینا ہے تو سیاسی اور حکومتی ڈھانچے کو بہتر بنانا ہوگا، اپنی اخلاقی اقدار کو اجاگر کرنا ہوگا، اپنا احتساب خود ہی کرنا ہوگا، ہر حکمران منتخب ہو کر حلف اٹھا کر جن اصولوں کی پاسداری کی بات کرتے ہیں، اس کے برعکس ہی عملی طور پر نظر آتے ہیں، اس قول و فعل کے تضاد کو ختم کرنا ہوگا، اس اقتدار کی جنگ سے تنگ آئے عوام کا بھی خیال کرنا ہوگا، اپنے رویوں کو بدلنا ہوگا، ہمارا پہلے ہی عالمی سطح پر امیج خاصا متاثر ہو رہا ہے، اس منفی تاثر کو ختم کرنے کے لئے انفرادی اور اجتماعی طور پر مل کر کچھ کرنا ہوگا اور سب اچھا ہے کے راگ الاپنے کی بجائے حقائق کا سامنا کرنا ہوگا، ورنہ بات ہاتھ سے نکل جائے گی اور لاکھ چاہ کر بھی ہاتھ نہیں آئے گی۔

چیمپئنز ٹرافی کا معاملہ ووٹنگ مرحلے سے پہلے حل ہونے کی امید

ممکنہ طور پر فارمولا طے پانے پر بورڈ ممبرز کو آگاہ کر دیا جائے گا، اس فارمولے کا نام ہائبرڈ نہیں ہوگا بلکہ اسے کوئی اور نام دیا جائے گا، یہ فارمولا چیمپئنز ٹرافی سے لاگو ہوگا اور 3 برس تک رہے گا

دبئی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی کا معاملہ ووٹنگ مرحلے سے پہلے ہی حل ہونے کی امید ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل اور بھارتی بورڈ نے پاکستان کے فارمولے پر اتفاق کیا تو معاملہ ووٹنگ پر نہیں جائے گا۔ نئے فارمولے سے بھارتی بورڈ کو آگاہ کرنا ہے پھر بات آگے بڑھے گی اور تینوں فریق نئے فارمولے کے کسی نتیجے پر پہنچے تو ممکن ہے بورڈ میٹنگ کی ضرورت پیش نہ آئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ممکنہ طور پر فارمولا طے پانے پر بورڈ ممبرز کو آگاہ کر دیا جائے گا، اس فارمولے کا نام ہائبرڈ نہیں ہوگا بلکہ اسے کوئی اور نام دیا جائے گا۔ یہ فارمولا چیمپئنز ٹرافی سے لاگو ہوگا اور 3 برس تک رہے گا جس کے تحت بھارت دبئی میں میچز کھیلے گا اور پاکستان بھی اگلے 3 سال تک اپنے تمام میچز دبئی میں کھیلے گا۔ بھارت کی طرح پاکستان بھی انڈیا میں کوئی ٹورنامنٹ نہیں کھیلے گا۔ آئی سی سی بھی ڈیڈ لاک ختم کرنے کے لیے پارٹنرشپ فارمولے پر غور کر رہا ہے اور بھارتی کرکٹ بورڈ کو فارمولا ماننے کا مشورہ دے دیا گیا ہے۔ فارمولے کا مقصد پاکستان کی جانب سے قانونی کارروائی سے بچنا ہے۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول اور وینیوز کا معاملہ آج یا کل میں حل ہونے کی امید ہے۔

بھارت کیخلاف شاندار کامیابی، محسن نقوی کی قومی انڈر 19 ٹیم کو مبارکباد

شاہ زیب خان نے بہترین بیٹنگ کر کے سنچری اسکور کی اور جیت کی بنیاد رکھی، چیئرمین پی سی بی

لاہور (شہروز میاں سے) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے بھارت کیخلاف افتتاحی میچ جیتنے پر ٹیم پاکستان کو مبارکباد اور شاباش دی ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے انڈر 19 ٹیم کے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ شاہ زیب خان نے بہترین بیٹنگ کر کے سنچری اسکور کی اور جیت کی بنیاد رکھی۔ عثمان خان نے بھی بہترین بلے بازی کر کے پاکستان کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ انڈر 19 ٹیم کے کھلاڑی متحد ہو کر کھیلے اور کامیابی حاصل کی۔ امید ہے کہ انڈر 19 ٹیم آئندہ میچوں بھی فتوحات کا سلسلہ برقرار رکھے گی۔ خیال رہے کہ انڈر 19 ایشیا کپ میں پاکستان نے فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے بھارت کو 43 رنز سے شکست دے دی۔ پہلے شاہ زیب نے بھارتی بولرز کی درگت بنائی پھر بولرز نے بھارتی بیٹرز کی ایک نہ چلنے دی۔ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں قومی انڈر 19 ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 281 رنز بنائے، شاہزیب خان نے 159 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ بھارتی ٹیم ہدف کے تعاقب میں 238 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔

قومی کرکٹر فہیم اشرف کی اہلیہ کے ہاں جڑواں بیٹوں کی پیدائش

پوتوں کی پیدائش پر انتہائی خوش ہوں، فہیم اشرف کے والد رانا اشرف کی گفتگو

پھولنگر (این این آئی) قومی کرکٹر فہیم اشرف کی اہلیہ کے ہاں جڑواں بیٹوں کی پیدائش ہوئی ہے، خوشی سے نہال اہل خانہ نے منوں مٹھائی تقسیم کر دی۔ تفصیلات کے مطابق قومی کرکٹر کے والد رانا محمد اشرف نے بتایا کہ ان کے بیٹے قومی کرکٹر فہیم اشرف کی اہلیہ کے ہاں جڑواں بیٹوں کی پیدائش ہوئی ہے، دونوں بچے اور ماں صحتمند ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پوتوں کی پیدائش پر انتہائی خوش ہوں۔ بتایا گیا ہے کہ جڑواں بچوں کی پیدائش پر منوں مٹھائی تقسیم کی گئی ہے۔ سوشل میڈیا پر ان کے چاہنے والوں کی طرف سے مبارکباد کے پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔ واضح رہے کہ فہیم اشرف گزشتہ برس نومبر کی 25 تاریخ کو شادی کے بندھن میں بندھے تھے۔

پریمئر سپر کرکٹ لیگ سیمی فائنل مرحلے میں داخل

لاہور (شہروز ملک سے) پریمئر سپر کرکٹ لیگ سیمی فائنل مرحلے میں داخل ہوگئی، ڈی پی ایس کی ٹیم نے ڈیکون کو پچھاڑ کر ٹاپ فور میں جگہ بنالی۔ ایل سی سی اے کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے اہم ترین میچ میں ڈی پی ایس اور ڈیکون کی ٹیمیں سیمی فائنل کھیلنے کا خواب لے کر میدان میں اتریں لیکن ڈی پی ایس کی ٹیم نے ڈیکون کو پچھاڑ کر اس کا خواب چکنا چور کر دیا اور سیمی فائنل کھیلنے والی چوتھی ٹیم کے طور پر سامنے آ گئی۔ گروپ مرحلے کے آخری میچ میں اولڈ راوینز نے پاکستان ایئر پورٹ اتھارٹی کو شکست دی۔ پریمئر سپر لیگ کے چیف آرگنائزر فہیم مختار بٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گروپ میچز کا مرحلہ خوش اسلوبی سے پایہ تکمیل کو پہنچ گیا ہے، تمام ٹیموں نے بھرپور ڈسپلن کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سیمی فائنل کھیلنے والی چار ٹیموں کا فیصلہ ہوگیا ہے جس میں پہلے سیمی فائنل میں دفاعی چیمپئن نیٹ سول اور ایکسپر ڈیجیز کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی دوسرے سیمی فائنل میں نوا میڈ الیون اور ڈی پی ایس مد مقابل آئیں گی۔

آئی پی ایل میں مہنگے بکنے والے ویبھوو پاکستان انڈر 19 کیخلاف بری طرح ناکام

دبئی (این این آئی) آئی پی ایل کا حصہ بننے والے 13 سالہ کرکٹر ویبھوو سوریاونشی پاکستان انڈر 19 کے خلاف ایشیا کپ کے میچ میں بری طرح ناکام ثابت ہوئے۔ حال ہی میں سعودی عرب میں ہونے والے آئی پی ایل آکشن میں محض 13 سال کے ویبھوو کی دھوم مچی تھی اور جب راجستھان رائلز نے انھیں ٹیم کا حصہ بنایا تھا تو وہ میڈیا کی توجہ کا مرکز بن گئے تھے، تاہم آئی پی ایل کا حصہ بننے والے کرکٹر پاکستان کے خلاف کوئی چھاپ چھوڑنے میں ناکام رہے۔ ویبھوو سوریاونشی نے پاکستان کے خلاف 9 گیندوں کا سامنا کیا اور صرف ایک رن بنا پائے۔

زمبابوے کیخلاف ٹی 20 سیریز میں نئے چہرے نظر آئیں گے، سلمان آغا

اسکواڈ میں ہمارے پاس اچھے اسپنر ہیں، ہم جارحانہ انداز میں کھیلنے کی کوشش کریں گے، گفتگو

بولاوایو (این این آئی) پاکستان ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ سیریز میں نئے چہرے نظر آئیں گے، ہدف ون ڈے کی طرح یہ سیریز بھی جیتنا ہے۔ بلاوایو میں گفتگو کے دوران سلمان علی آغا نے کہا کہ سب سے پہلی ترجیح تو سیریز جیتنا ہے، ہم اپنی بینچ اسٹرینتھ کو دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سیریز میں ہمیں اپنے نوجوان کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ موقع دینا ہے، ہم نے ون ڈے سیریز جیتی اب بھی ہدف ٹی 20 سیریز جیتنا ہے۔ ٹی 20 ٹیم کے کپتان نے مزید کہا کہ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں نئے چہرے نظر آئیں گے، یہ بھی وائٹ بال سیریز ہے ہمیں کچھ ایڈجسٹ ہونا پڑتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں اپنا مومینٹم برقرار رکھیں گے، اسکواڈ میں ہمارے پاس اچھے اسپنر ہیں، ہم جارحانہ انداز میں کھیلنے کی کوشش کریں گے۔ سلمان علی آغا نے یہ بھی کہا کہ نوجوان

کین ولیمسن نے ٹیسٹ کرکٹ میں اہم سنگ میل عبور کر لیا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) کیوی بیٹر کین ولیمسن نے ٹیسٹ کرکٹ میں نیوزی لینڈ کے لیے اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ کین ولیمسن ٹیسٹ کرکٹ میں نیوزی لینڈ کی جانب سے 9 ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے بیٹر بن گئے ہیں۔ ولیمسن نے نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کے درمیان کرائسٹ چرچ میں کھیلے جا رہے سیریز کے پہلے ٹیسٹ کے تیسرے دن یہ کارنامہ سرانجام دیا۔ کین ولیمسن نے 182 ٹیسٹ اننگز میں 9 ہزار 35 رنز بنائے ہیں جن میں 32 سنچریاں اور 37 ففٹیاں شامل ہیں۔ واضح رہے کہ ولیمسن ٹیسٹ کرکٹ میں 9 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کرنے والے 19 ویں کھلاڑی ہیں۔ نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں 348 رنز بنائے تھے۔

ابوظہبی: فارم میں موجود یوپی نوابوں کو چنئی بریو جیکوارز کے ہاتھوں شکست کا سامنا

چیمپئنز ٹرافی، پاکستان نے واضح کر دیا پیسہ نہیں، عزت اور وقار عزیز ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے پاکستان میں انعقاد کے معاملے پر پاکستان کرکٹ بورڈ نے واضح کر دیا ہے کہ اسے پیسہ نہیں، عزت اور وقار عزیز ہے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارت کے پاکستان نہ آنے سے متعلق ڈیڈ لاک ختم کرنے کیلئے ایک نیا فارمولا زیر غور ہے، اس سلسلے میں مذاکرات جاری ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان نے واضح کر دیا کہ پیسہ نہیں عزت اور وقار عزیز ہے۔ معاملہ حل کرنے کیلئے برابری کی بنیاد پر نیا فارمولا طے کرنا ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان چاہتا ہے نیا فارمولا کم از کم تین سال کیلئے طے کیا جائے۔ نیا فارمولا صرف چیمپئنز ٹرافی کی حد تک لاگو نہیں ہوگا۔

کروڑوں کی بولیاں مگر کسی بنگلا دیشی کرکٹر کو نہیں خریدا گیا

نئی دہلی (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) سیزن 2025 کے لیے کھلاڑیوں کی بولی کی دو روزہ تقریب گزشتہ دنوں سعودی عرب کے شہر جدہ میں شروع ہوئی جس میں فرنچائزز نے اپنی ٹیم میں شامل کرنے کے لیے بہترین کھلاڑیوں کو کروڑوں روپے میں خریدا۔ نیلامی میں کروڑوں روپوں کی بولیاں لگائی گئیں۔

انڈر 19 ایشیا کپ، شاہ زیب نے بھارت کیخلاف 159 رنز بنا کر ریکارڈ قائم کر دیا

دبئی (این این آئی) پاکستان کے نوجوان اوپنر شاہ زیب خان نے دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت کے خلاف 159 رنز کی اننگز کھیل کر تاریخ رقم کر دی۔ دبئی میں اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ 2024 میں 30 نومبر کو بھارت کے خلاف ہونے والے میچ میں پاکستانی بیٹر شاہ زیب خان نے بھارتی بولرز کی درگت بنادی، انھوں نے 159 رنز کی اننگز میں 10 چھکے اور 5 چوکے لگائے۔ شاہ زیب نے ون ڈے فارمیٹ میں انڈر 19 کی سطح پر سب سے زیادہ رنز اسکور کرنے والے بیٹر بن گئے ہیں، یہ وائٹ بال فارمیٹ میں بھارت کی انڈر 19 ٹیم کے خلاف کسی بھی بلے باز کا سب سے بڑا اسکور ہے۔ اس سے پہلے انڈر 19 ون ڈے فارمیٹ میں بہترین بلے باز شمائل حسین تھے جنھوں نے 2023 میں سری لنکا کے خلاف کراچی میں 109 گیندوں پر 150 رنز بنائے تھے۔ بھارت کے خلاف اس سے پہلے بہترین پاکستانی بلے باز سمیع اسلم تھے جنھوں نے 2012 میں کوالالمپور میں بھارت کے خلاف 134 رنز بنائے تھے۔ خیال رہے کہ انڈر 19 ایشیا کپ میں پاکستان نے بھارت کو شکست دے دی، دبئی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے 281 رنز بنائے۔ ہدف کے تعاقب میں بھارتی ٹیم 47 اوورز میں 239 رنز بنا سکی اور پاکستان نے 44 رنز سے کامیابی حاصل کر کے فاتحانہ آغاز کیا ہے۔

جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پاکستان نے عمان کو ہرا دیا

رانا ولید نے دو بار گیند جال میں پہنچائی، ندیم خان، کپتان حنان شاہد، سفیان خان، قیوم ڈوگر اور بشارت نے ایک، ایک گول کیا

مسقط (این این آئی) جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پاکستان نے عمان کو 7 گول سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ مسقط کے دارالحکومت عمان میں کھیلے گئے جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پاکستان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور گرین شرٹس شروع سے ہی عمان کے کھلاڑیوں پر حاوی رہے۔ کپتان حنان شاہد نے پہلے ہی منٹ میں گول کیا پھر کوارٹر ختم ہونے سے پہلے پاکستان نے ایک اور گول کر کے 2-0 کی برتری حاصل کر لی۔ آخری کوارٹر ختم ہونے سے قبل پاکستان نے مزید 5 گول اسکور کر کے برتری 7 کر دی جو کھیل کے آخر تک برقرار رہی۔ پاکستان کی جانب سے رانا ولید نے دو بار گیند جال میں پہنچائی، ندیم خان، کپتان حنان شاہد، سفیان خان، قیوم ڈوگر اور بشارت نے ایک، ایک گول اسکور کیا۔ واضح رہے کہ پاکستان عمان کو ہرا کر ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے اور پاکستان اپنا آخری گروپ میچ کل ملائیشیا سے کھیلے گا۔ جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پاکستان نے عمان کو 7 گول سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ مسقط کے دارالحکومت عمان میں کھیلے گئے جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پاکستان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور گرین شرٹس شروع سے ہی عمان کے کھلاڑیوں پر حاوی رہے۔ کپتان حنان شاہد نے پہلے ہی منٹ میں گول کیا پھر کوارٹر ختم ہونے سے پہلے پاکستان نے ایک اور گول کر کے 2-0 کی برتری حاصل کر لی۔

SHOWBIZ
قوت

مریم نفیس کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع

اداکارہ مریم نفیس نے فلم ساز امان احمد سے اکتوبر 2022ء میں شادی کی تھی

لاہور (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ و ماڈل مریم نفیس اور ان کے شوہر امان احمد جلد والدین بننے والے ہیں۔ اداکارہ نے بذریعہ سوشل میڈیا اپنے چاہنے والوں کو خوش خبری سنا دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے مختلف تصاویر اور مختصر دورانیے کی ویڈیو شیئر کر کے اپنے یہاں ننھے مہمان کی آمد سے متعلق مداحوں کو آگاہ کیا ہے۔ اداکارہ نے انسٹا پوسٹ میں چند تصاویر شیئر کی ہیں جن میں انہیں اپنے شوہر اور فلم ساز امان احمد کے ساتھ ننھے مہمان کے پہلے جوتے اور الٹرا ساؤنڈ رپورٹ کے ہمراہ خوشگوار موڈ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے انسٹا پوسٹ کے کیپشن میں دعاؤں کی درخواست کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہم بہت جلد والدین بننے والے ہیں، ہمیں دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اداکارہ کی جانب سے یہ خوش خبری شیئر کیے جانے کے بعد شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے دوستوں اور مداحوں کی جانب سے اس جوڑے کو مبارک باد دی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ

امریکی میگزین نے ٹیلر سوئفٹ سے معافی مانگ لی

نیویارک (این این آئی) امریکی میگزین بل بورڈ نے معروف گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ سے ان کے اعزاز میں بنائی گئی ویڈیو میں متنازع کلپ شامل کرنے پر معافی مانگ لی۔ میوزک میگزین نے 21 ویں صدی کے بہترین پاپ اسٹارز کی فہرست مرتب کی، جس میں 34 سالہ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ کو دوسرے نمبر پر رکھا گیا۔ میگزین نے گلوکارہ کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے کیلئے بنائی گئی ویڈیو میں ایک متنازع کلپ بھی شامل کیا، جس کے بعد اسے شدید ردعمل کا سامنا کرنا پڑا اور بالآخر میگزین کو معذرت کرنا پڑی۔ امریکی میگزین نے ٹیلر سوئفٹ کا ویڈیو کلپ بھی ہٹا دیا اور ایک معذرت نامہ بھی جاری کر دیا۔ میگزین نے کہا کہ ''ہم ٹیلر سوئفٹ اور اپنے قارئین و ناظرین سے تہہ دل سے معذرت خواہ ہیں کہ سوئفٹ کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے والی ویڈیو میں ہم نے ایسا کلپ شامل کیا جو غلط طور پر ان کی تصویر کشی کرتا تھا۔ بل بورڈ نے مزید لکھا کہ ہم نے یہ کلپ اپنی ویڈیو سے ہٹا دیا ہے اور اس غلطی سے پہنچنے والے نقصان پر افسوس کرتے ہیں۔

قوال عزیز میاں کی 24 ویں برسی

6 دسمبر کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) نامور پاکستانی قوال عزیز میاں کی 24 ویں برسی 6 دسمبر کو منائی جائے گی۔ وہ 17 اپریل 1942ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ ان کا اصل نام عبدالعزیز تھا اور میاں ان کا تکیہ کلام تھا، جو وہ اکثر اپنی قوالیوں میں بھی استعمال کرتے تھے جو بعد میں ان کے نام کا حصہ بن گیا۔ انہوں نے 1947ء میں پاکستان ہجرت کر کے لاہور میں سکونت اختیار کی۔ استاد عبدالوحید سے فن قوالی سیکھنے کے بعد پنجاب یونیورسٹی سے عربی، فارسی ادب اور اردو ادب میں ایم اے کی ڈگریاں حاصل کیں۔ 1966ء میں شاہ ایران رضا شاہ پہلوی کے سامنے یادگار پرفارمنس پر انعام واکرام اور گولڈ میڈل سے نوازا گیا۔ عزیز میاں قوال اپنی بیشتر قوالیاں خود لکھتے تھے، اس کے علاوہ انہوں نے علامہ محمد اقبال، صادق اور قتیل شفائی کا کلام بھی بارہا گایا۔

پنجابی کے معروف شاعر استاد دامن کی 40 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) پنجابی کے معروف شاعر استاد دامن کی 40 ویں برسی (کل) 3 دسمبر کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ادبی حلقوں کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنسز اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں استاد دامن کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ استاد دامن 9 فروری 1911ء کو لاہور میں پیدا ہوئے ان کا اصل نام چراغ دین تھا جبکہ دامن ان کا تخلص تھا۔ استاد دامن کا تعلق غریب گھرانے سے تھا انہیں شاعری کا شوق بچپن سے ہی تھا استاد دامن پنجابی زبان کے ایسے قادر الکلام شاعر تھے جن کا کلام کتابی صورت میں بھی دستیاب ہے لیکن ان کی شاعری عوام کو آج بھی یاد ہے۔

اداکار اگر جنا بیٹے کی شادی سے قبل لگژری کار گھر لے آئے

ممبئی (این این آئی) بھارت کے لیجنڈ اداکار ناگرجنا اپنے صاحبزادے ناگا چیتنیا اور اداکارہ سوبھیتا دھولیپالا کی شادی سے پہلے ڈھائی کروڑ مالیت کی کار گھر لے آئے۔ 65 سالہ اداکار ان دنوں اپنے بیٹوں کی شادی کی تقریب کے حوالے مصروف ہیں، چھوٹے بیٹے اکھل نے حال میں ہی زینب رووجی سے منگنی کی ہے جبکہ بڑا بیٹا 4 دسمبر کو شادی کرنے والا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ناگرجنا کو خیریت آباد کے ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) کے دفتر میں دیکھا گیا، جہاں وہ اپنی نئی لگژری کار کی رجسٹریشن کیلیے پہنچے تھے۔ ان کی گاڑی کی رجسٹریشن کیلیے ریجنل ٹرانسپورٹ آفس میں موجود کی ویڈیو تیزی سے وائرل ہو رہی ہے۔

اداکارہ منال خان کا جلد شوبز میں واپسی کا عندیہ

لاہور (این این آئی) خوبرو پاکستانی اداکارہ منال خان نے جلد شوبز میں واپسی کا عندیہ دے دیا۔ حال میں ہی میں اداکارہ منال خان زارا نور عباس کے پروگرام میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے بیٹے کی پیدائش سے لے کر شوبز میں واپسی تک کے بارے میں کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کے دوران شوبز میں واپسی سے متعلق بات کرتے ہوئے منال خان کا کہنا تھا کہ میں بھی خود سے یہ سوال کرتی ہوں کہ کیا میں ٹی وی پر واپسی کروں گی؟ اور ہمیشہ خود کو ہاں کہتی ہوں کیونکہ میں واقعی اسے حقیقت میں بدلنا چاہتی ہوں، ورنہ میں واپس نہیں آسکوں گی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اداکاری کی کمی محسوس ہوتی ہے اور میں ضرور واپسی کروں گی لیکن فی الحال میرے بیٹے کو میری سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ خیال رہے کہ منال خان 10 ستمبر 2021 کو ساتھی اداکار احسن محسن اکرام کیساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں اور گزشتہ سال نومبر میں ان کے ہاں بیٹے محمد حسن اکرام کی پیدائش ہوئی تھی، شادی کے بعد سے اداکارہ شوبز کی دنیا سے دوری اختیار کیے ہوئے ہیں۔

ایوارڈ اگر کسی نااہل کو ملتا ہے تو تکلیف ہوتی ہے، نبیل ظفر

ہمارے یہاں اعزاز سے نوازتے وقت جانبدار رویہ اختیار کیا جاتا ہے جو غلط ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف اداکار، ہدایت کار، پروڈیوسر اور اسکرین رائٹر نبیل ظفر کا کہنا ہے کہ ایوارڈ فنکار کی تعریف کا ذریعہ ہے، کئی مرتبہ نااہل افراد کو ایوارڈز سے نوازا جاتا ہے تو تکلیف ہوتی ہے۔ حال ہی میں انہوں نے ساتھی فنکار فیصل قریشی کی پوڈ کاسٹ میں شرکت کی اور مختلف امور پر بات چیت کی۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے شکوہ کیا ایوارڈ فنکار کی قدردانی کا ذریعہ ہیں، اگر یہ کسی نااہل کو ملے تو تکلیف ہوتی ہے۔ اداکار کے مطابق ایوارڈ کی صورت میں اگر گھر ملے اور وہ کسی نااہل کو چلا جائے تو مسئلہ نہیں ہے کہ چلو کسی فنکار کو گھر تو ملا لیکن ایسا نہیں ہے، یہ فنکار کی قدر اور تعریف کا ذریعہ ہے۔ نبیل ظفر کے مطابق ہمارے یہاں اعزاز سے نوازتے وقت جانبدار رویہ اختیار کیا جاتا ہے جو غلط ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کل پاکستان میں پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈز حاصل کرنے والے اداکار اپنے ایوارڈز کا جواز پیش کر رہے ہیں، میرا خیال ہے کہ ایسے ایوارڈ کا کیا فائدہ جس کے بعد آپ لوگوں کو بتائیں کہ آپ نے یہ ایوارڈ کیوں حاصل کیا ہے؟ اس طرح کا ایوارڈ نہ لینا بہتر ہے۔ اداکار نے وضاحت کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ مجھے ایوارڈ شوز سے کوئی مسئلہ نہیں ہے، ایوارڈ شوز ضرور ہونے چاہئیں، لیکن ایوارڈ اہل افراد کو دیے جائیں، ویسے فنکار کا حقیقی اعزاز عوام اور مداحوں کا پیار ہے اس سے بڑھ کر کچھ نہیں ہے۔

سلمان خان کی مزاحیہ گفتگو نے دیا مرزا کو حیران کر دیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار سلمان خان اور دیا مرزا کے درمیان ہمیشہ ایک خوشگوار تعلق رہا ہے اور اداکارہ اکثر ان کے بارے میں اپنی پسندیدگی کا اظہار کرتی رہی ہیں تاہم دیا مرزا نے سلمان خان سے متعلق ایک ایسا واقعہ بتایا ہے جس کو جان کر مداح بھی حیران ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں دیا مرزا نے 2002 کی فلم 'تم کو نہ بھول پائیں گے' کے سیٹ پر پیش آنے والے ایک دلچسپ واقعے کو یاد کرتے ہوئے مداحوں کے ساتھ اسے شیئر کیا۔ ایک حالیہ انٹرویو میں دیا مرزا نے بتایا کہ فلم کی شوٹنگ کے دوران سلمان خان نے ایک سین کے دوران مزاحیہ انداز میں کہا کہ ایک وقت آئے گا جب آنے والی فلموں میں دیا مرزا ان کی ماں کا کردار ادا کریں گی۔ سلمان خان نے یہ بات اس وقت کہی جب فلم کی شوٹنگ کے دوران ایک اداکارہ جو فلم میں سلمان کی ماں کا کردار ادا کر رہی تھیں، اپنے سین کو شوٹ کروانے کے لیے انتظار کر رہی تھیں۔ سلمان نے دیا مرزا کو بتایا کہ مذکورہ اداکارہ ماضی میں ان کے ساتھ ہیروئن کے طور پر کام کر چکی ہیں۔ دیا مرزا اس انکشاف پر حیران رہ گئیں اور سوال کیا تو سلمان نے مسکراتے ہوئے کہا، 'ہاں، اور ایک دن تم بھی میری ماں کا کردار نبھاؤ گی'۔ دیا مرزا نے اس بات کو انتہائی مضحکہ خیز قرار دیا لیکن ساتھ ہی اعتراف کیا کہ وہ حیرت زدہ بھی تھیں۔ یاد رہے کہ فلم 'تم کو نہ بھول پائیں گے' میں سلمان خان، دیا مرزا، سشمیتا سین نے اہم کردار ادا کیے تھے جبکہ یہ فلم بلاک بسٹر ثابت ہوئی تھی۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت منتہی اشرف کا لاہور چیمبر کا دورہ

لاہور چیمبر کے صدر اور دیگر عہدیداران سے ملاقات

لاہور (خبر نگار) چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ محمد منتہی اشرف نے ایوان صنعت و تجارت لاہور کا دورہ کیا، صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چودھری سے سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتکاروں کے مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ایگزیکٹو کمیٹی ممبران شعبان اختر، احد امین ملک، عرفان احمد قریشی اور سابق نائب صدر میاں زاہد جاوید بھی اجلاس میں موجود تھے۔ چیئرمین پنجاب سرمایہ کاری بورڈ منتہی اشرف نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے لیے ٹھوس منصوبے متعارف کروائے جا رہے ہیں، سرمایہ کاری کے لیے پرکشش 10 اہم سیکٹرز کی نشاندہی کی گئی ہے، شرمپ فارمنگ پروجیکٹ میں برآمدات کا بڑا پوٹینشل موجود ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیٹا بینک کی تشکیل کا عمل جاری ہے۔ ایوان صنعت و تجارت لاہور کے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ لاہور چیمبر کو حکومتی اداروں کے بورڈز میں شامل کیا جائے، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری صرف 3.2 بلین ڈالر ہے۔

نارنگ منڈی اور گردونواح میں انٹرنیٹ سروس بحال نہ ہوسکی

انٹرنیٹ سے جڑے طلباء طالبات سمیت ہزاروں افراد شدید پریشانی کا شکار ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی اور گردونواح میں انٹرنیٹ سروس بحال نہ ہوسکی ہزاروں افراد متاثر انٹرنیٹ سے جڑے طلباء طالبات سمیت ہزاروں افراد شدید پریشانی کا شکار ہیں تفصیل کے مطابق 24 نومبر کو پی ٹی آئی کی جانب سے اسلام آباد میں احتجاج کی کال کے باعث پنجاب بھر میں انٹرنیٹ سروس ڈاؤن کی گئی تھی جو تاحال بحال نہیں ہوسکی طلباء طالبات فری لانسرز سمیت ہزاروں افراد انٹرنیٹ صارفین کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے آن لائن کلاسز لینے والے طلباء کاروباری افراد سمیت سوشل میڈیا سے جڑے لوگ بھی شدید مشکلات کا شکار ہیں سماجی شخصیات کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ کے ڈاؤن ہونے سے ملکی معیشت پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں شہریوں کی بڑی تعداد انٹرنیٹ کے ساتھ منسلک ہے جو اس وقت شدید پریشانی میں مبتلا ہے دنیا آئی ٹی میں تیزی سے ترقی کی منازل طے کر رہی ہے جبکہ ہم مزید پستی کی راہ پر گامزن ہے اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے انٹرنیٹ سروس بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

الصفہ سکول سسٹم طارق روڈ پر سالانہ سائنس ایگزیبیشن کا انعقاد

طلباء و طالبات نے مختلف قسم کے ماڈل تیار کر کے اپنے اپنے جوہر دکھائے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الصفہ سکول سسٹم طارق روڈ پر سالانہ سائنس ایگزیبیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء و طالبات نے مختلف قسم کے ماڈل تیار کر کے اپنے اپنے جوہر دکھائے تقریب کے اس موقع پر سکول پرنسپل میڈم صوبیہ اور سٹاف سمیت والدین نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے کہا کہ الصفہ سکول سسٹم کی جانب سے ہر سال بچوں کی ایگزیبیشن کا انعقاد خوش آئند ہے اس سے سلیبس کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کی بھی آگاہی ملتی ہے اور بچے ماڈل کی صورت میں اسے پیش کرتے ہیں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سکول پرنسپل میڈم صوبیہ کا کہنا تھا کہ ہمارا ہر سال ایگزیبیشن کروانے کا مقصد بچوں میں آگاہی فراہم کرنا ہے تاکہ بچے اس میں مختلف قسم کے ماڈل بنا کر اپنی صلاحیت کو پیش کر سکیں ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ ایگزیبیشن کی تیاری میں میرے ساتھ میرے سٹاف کا بھی بڑا اہم رول ہے جیسے فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

چوہدری امان اللہ سندھو نے اپنے ساتھیوں سمیت پی ٹی آئی کو چھوڑ کر پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سابق ضلعی صدر چوہدری امان اللہ سندھو نے اپنے ساتھیوں سمیت پی ٹی آئی کو چھوڑ کر پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے۔ انہوں نے یہ اعلان یہاں پیپلز پارٹی کے ضلعی سیکریٹریٹ میں یوم تاسیس کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں کیا جس کی صدارت ملک محمد وزیر اعوان ضلعی صدر سابق ایم پی اے نے کی اور مہمان خصوصی پیپلز پارٹی کے راہنما ندیم اصغر کائرہ اور سید نذر حسین شاہ صدر پیپلز لیبر ونگ پنجاب تھے چوہدری امان اللہ سندھو ایڈووکیٹ سابق صدر تحریک انصاف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ورکرز کی عزت کرنے والی اگر کوئی جماعت ہے تو پیپلز پارٹی ہے میں پیپلز پارٹی کے ورکرز کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے عزت دی اور جلد پورے ضلع میں یونین کونسل کی سطح پر تنظیم سازی کا عمل شروع کیا جائے گا۔

ظفروال ادریس بٹ انجمن تاجران ظفروال کے صدر منتخب

ظفروال (زاہد چوہدری سے) انجمن تاجران مین بازار کے صدر کے لئے ووٹنگ یکم دسمبر بروز اتوار منعقد ہوئی۔ جس میں 580 ٹوٹل ووٹرز تھے جن میں 568 ووٹ مقررہ وقت تک کاسٹ کئے گئے۔ انتخابات ازادانہ، منصفانہ اور پر امن ماحول میں منعقد ہوئے۔ کوئی ووٹ مسترد نہیں ہوا۔ تین امیدواران کے درمیان مقابلہ تھا زبیر سہیل کرسی کے نشان پر ادریس بٹ ترازو کے نشان پر اور یاسر صدیق چاند کے نشان پر مدمقابل تھے۔ یاسر صدیق نے 50 زبیر سہیل نے 250 اور ادریس بٹ نے 268 ووٹ حاصل کر کے آئندہ تین سال کے لئے مین بازار کی صدارت اپنے نام کر لی۔ الیکشن انچارج محمد بابر قیوم نے جیتنے والے امیدوار کا باضابطہ اعلان میڈیا نمائندگان کی موجودگی میں کیا۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں ایک عورت سمیت 19 افراد شدید زخمی ہو گئے

چنیوٹ (اقبال حسین پیرزادہ سے) ٹریفک کے مختلف حادثات میں ایک عورت سمیت 19 افراد شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات و واقعات میں 19 افراد زخمی ہوئے زخمی ہونے والوں میں ایک عورت بھی شامل تھیں پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے عملہ نے فوری طبی امداد دیتے ہوئے زخمی افراد کو ریسکیو کیا جبکہ چھ شدید زخمی ہونے والے افراد کو ہسپتال منتقل کیا گیا 13 افراد معمولی زخمی ہوئے جن کو فوری طبی امداد دے دی گئی۔

پیپلز پارٹی کیلئے میدان سازگار دکھائی دے رہا ہے، رانا اکرام ربانی

پارٹی کے یوم تاسیس کی تقریبات کے بعد کارکنان میں جوش و خروش بڑھ گیا ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) رانا اکرام ربانی سابق صوبائی وزیر و قائد حزب اختلاف نے کہنا ہے موجودہ سیاسی صورتحال میں پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے میدان کافی حد تک سازگار دکھائی دے رہا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی متحرک قیادت اور پارٹی کے یوم تاسیس کی تقریبات کے بعد کارکنان میں جوش و خروش بڑھ گیا ہے، جو انتخابی کامیابی کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) مہنگائی، بے روزگاری، اور امن و امان کی خراب صورتحال کے باعث عوامی حمایت کھوتی جا رہی ہے، جبکہ تحریک انصاف اندرونی خلفشار اور قیادت کے بحران کا شکار ہے۔ رانا اکرام ربانی کے مطابق، ان حالات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں کے لیے کامیابی کے امکانات بہت روشن ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کو اس وقت اپنی حکمت عملی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کے لیے واضح پروگرام پیش کرنا ہوگا تاکہ وہ اس سیاسی فضا کو اپنے حق میں بہتر طور پر استعمال کر سکے۔

مسلمان سائنس دانوں کی مختلف شعبہ جات میں ایجادات سے آج دنیا مستفید ہو رہی ہے، اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلمان سائنس دانوں کی مختلف شعبہ جات میں ایجادات سے آج دنیا مستفید ہو رہی ہے موجودہ مقابلے کی فضاؤں میں بحیثیت مسلمان اور پاکستانی ہم سب کو اپنے بچوں کو نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں پر بھی خصوصی توجہ دینا ہوگی تاکہ یہ بچے کل سائنس دان، انجینئر بن کر ارض پاک کے سبز ہلالی پرچم کو دنیا میں بلند مقام و مرتبہ دلوا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد محمد رب نواز چدھڑ نے قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول میں سائنس اینڈ آرٹ نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل میم سحرش سلیم، انچارج میم عائشہ عاصم، جویریہ مجوب، صداقت حسین عباسی محمد صفدر، تجمل اللہ والے سمیت طلباء و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ طلباء و طالبات نے مختلف قسم کے سائنس اور آرٹس پر مبنی ماڈل کے سٹالز لگائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نصابی سرگرمیوں میں طلباء و طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں، فن خداداد صلاحیتوں کے اظہار کا باعث ہوتا ہے، ننھے طالب علموں میں آرٹ کے فروغ سے انکی چھپی ہوئی صلاحیتوں میں نکھار پیدا ہوتا ہے، ارض پاک میں تخلیقی سوچ اور آگے بڑھنے کا جذبہ رکھنے والوں کی کمی نہیں۔ میم سحرش سلیم نے کہا کہ قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول قوم کے نونہالوں میں تعلیم کے ساتھ ساتھ آرٹ اور فنی صلاحیتوں کو ابھارنے کے لئے محنت کروائی جاتی ہے۔

چوہدری ظفر اللہ والہ کی بیٹی کی شادی کی تقریب سیاسی اجتماع بن گئی

سابق وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف، سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود سمیت متعدد کی شرکت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما و کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر چوہدری ظفر اللہ والہ کی بیٹی کی شادی کی تقریب مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی جو سیاسی سماجی اجتماع کی شکل اختیار کر گئی شادی کی تقریب میں سابق وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف، سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود، سابق ایم پی اے چوہدری محمود الحق، الحاج ملک محمد اسلم بلوچ، ملک اشتیاق ڈوگر، میاں رفاقت علی، ڈاکٹر اے ایچ اختر، رانا محمد شفیق، شیخ محمد ایوب، عارف علی واہلہ، شفقت کھر، نذیر احمد بھٹی، محمد ایوب بھٹی، لیاقت بٹر، ملک عرفان اسلام، ریاست علی سمیت سیاسی سماجی و دینی مذہبی رہنماؤں سمیت نمائندہ شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی مہمانوں نے دولہا دلہن کو مبارکباد اور خوش و خرم زندگی کی دعائیں دیں۔

قائد فورس کو مزید منتظم اور متحرک کیا جارہا ہے، میاں بلال احمد

رکنیت سازی و تنظیم نو کا مقصد اسے فعال اور مربوط بنانا ہے، بانی صدر قائد فورس

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) بانی صدر قائد فورس میاں بلال احمد نے تنظیم سازی کا اعلان کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف کی ہدایت پر قائد فورس کو مزید منتظم اور متحرک کیا جارہا ہے قائد فورس نوجوانوں کا نمائندہ سیاسی پلیٹ فارم ہے جس کے تحت نواز لیگ کے منشور و ایجنڈے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جارہا ہے رکنیت سازی و تنظیم نو کا مقصد اسے فعال اور مربوط بنانا ہے تاکہ پارٹی قیادت کا پیغام ضلع کے ہر فرد تک پہنچایا جاسکے، انہوں نے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا کو درست استعمال کریں اور اپنے پیغام کو مثبت و تعمیری انداز نے نوجوانوں تک پہنچانے کیلئے شائستگی کا مظاہرہ کریں۔

چکوال میں پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس کی پروقار تقریب

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چکوال میں پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس کی پروقار تقریب ضلعی صدر راجہ رضوان ڈڈوت اور ضلعی جنرل سیکرٹری راجہ مظہر ہستال کی زیر اہتمام منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی راجہ خرم پرویز اشرف ڈویژنل جنرل سیکرٹری راولپنڈی اور محسن حسن ملہی صدر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن پنجاب تھے۔ مرکزی تقریب امین پلازہ تلہ گنگ روڈ چکوال پر منعقد ہوئی جس میں سابق ایم این اے رہنما پیپلز پارٹی چکوال سردار ذوالفقار دلہہ سمیت تمام ٹکٹ ہولڈرز راجہ امجد نور۔ چوہدری نوشاد علی خان۔ رانا عظمت حیات ٹمن سابق جنرل سیکرٹری ملک ہاشم ڈھرنال۔ ملک وحید ضلعی انفارمیشن سیکرٹری ملک ناصر حطار ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری۔ راجہ سلطین کیانی سینئر نائب صدر۔ راجہ فرقان اختر ضلعی فنانس سیکرٹری۔ راجہ سرفراز خان تحصیل صدر چوآسیدنشاہ۔ چوہدری عرفان گجر آڑہ۔ راجہ تنویر گاہی تحصیل صدر کلر کہار۔ ملک حق نواز سٹمبل جنرل سیکرٹری کلر کہار۔ شہزادہ عبدالکریم۔ حافظ یعقوب صدر علامہ ونگ۔ چوہدری جہانزیب ذہبی صدر پی ایس ایف چکوال۔ سید ثمر شاہ ہمدانی صدر پی وائی او چکوال۔ اظہر مغل صدر تحصیل چکوال۔ امتیاز منہاس بندوخان۔ میڈم آمنہ ملک۔ صداقت چوہان شجاعت علی۔ حسام طارق وڑائچ صدر ڈیجیٹل چکوال میجر ر مرید حسین چندو۔ حیدار حسین۔ بشارت۔ مظہر حسین۔ امیر مختار پشارت۔ ملک تاشفین اختر سمیت ضلع بھر سے تمام عہدیداران سمیت کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی چکوال کی فضاء جیے بھٹو کے نعروں سے گونجتی رہی۔

پاسپورٹس کی تکمیل کیلئے امور ذمہ داری کی انجام دہی باحسن انجام دے رہے ہیں، آصف گل

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس شیخوپورہ آصف گل نے کہا ہے کہ پاسپورٹس کی تکمیل کیلئے امور ذمہ داری کی انجام دہی باحسن انجام دے رہے ہیں کوائف کی جانچ کا نظام موثر بنایا گیا ہے تاکہ شہریوں کو پاسپورٹس کے حصول میں انتظار نہ کرنا پڑے وفاقی حکومت کی ہدایت کے مطابق تمام امور فعال ہیں اور طے شدہ دورانیہ میں پاسپورٹ کا اجراء یقینی بنایا جارہا ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل نے کہا کہ سائلین کی سہولت کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گئے ہیں خواتین اور معمر افراد کیلئے الگ ڈیسک قائم کر رکھا ہے جہاں وہ باسہولت اپنے کوائف جمع کروا سکتے ہیں آن لائن سروسز کے ذریعے بھی شہریوں کو گھر بیٹھے اپنے کوائف کی تکمیل اور پاسپورٹ بنوانے کی فیس جمع کروانے کی سہولت دی گئی ہے جبکہ درکار معلومات بھی دستیاب ہیں جن سے استفادہ کر کے شہری پاسپورٹ آفس کے متعلقہ امور سے باخوبی آگاہ ہو سکتے ہیں، شہریوں کی شکایات کے ازالہ بھی موثر و مربوط اقدامات اٹھانے میں بھی کبھی تاخیر نہیں برتی ایجنٹوں اور ٹاؤٹ مافیا سے نجات سمیت شہریوں کی دیگر جملہ شکایات کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔

چنیوٹ: تجاوزات کیخلاف کارروائیں: تین دوکانیں گرادی گئیں

کسی کو ناجائز قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تجاوزات کے خلاف کارروائیاں، تین دکانیں گرا کر جگہ کو خالی کروای گیا، قابضین کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن نے ریونیو اور پولیس ٹیموں کے ہمراہ چنیوٹ کے علاقے چک نمبر 151,150 اور اڈا امین پور بنگلہ چوک پر کارروائی کرتے ہوئے ناجائز تعمیر کی گئی تین دکانیں گرا کر شارع عام کے رقبہ کو واگزار کروا لیا اور قابضین کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا، اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن کا اس موقع پر کہنا تھا کہ کسی کو ناجائز قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا کہنا تھا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن پر عمل کرتے ہوئے ضلع بھر میں ناجائز تجاوزات کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گیں۔

مریدکے: تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال میں مریض رل گئے

ایک ماہ میں چار ہزار سے زائد مریض سہولیات نہ ہونے کے باعث لاہور ریفر کر دیئے گئے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال میں مریض رل گئے ایک ماہ میں چار ہزار سے زائد مریض سہولیات نہ ہونے کے باعث لاہور ریفر کر دیئے گئے ہسپتال میں بنیادی ادویات میسر نہ ہونے کے باعث زچہ بچہ کے کیس عموماً خراب کر کے لاہور بھیجے جاتے ہیں لواحقین کی درخواستیں تحصیل انتظامیہ ہوا میں اڑانے لگے ہسپتال ایڈمن کی ناقص کارکردگی سے ہسپتال ٹراما سینٹر ڈرامہ سینٹر بن گیا شہریوں تاجروں رفاہی تنظیموں کا وزیراعلی اور چیف سیکرٹری سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کیمطابق عرصہ دراز سے مریدکے کی لاکھوں کی آبادی میں واحد تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کرپشن لاپرواہی اور سینئر ایڈمنسٹریٹر نہ ہونے کے باعث مشکلات کا شکار رہا ہے جہاں پر روزانہ مریض رل جاتے ہیں نہ ادویات میسر ہیں نہ ہی کوئی سہولت میسر ہے ٹراما سینٹر ڈرامہ سینٹر بنا دیا گیا ہے ایک ماہ میں چار ہزار سے زائد ایکسیڈنٹ فائر اور مختلف بیماریوں سمیت زچہ بچہ کے مریض لاہور ہسپتالوں میں ریفر کر دیئے گئے ہیں گائنی وارڈ میں لیڈی ڈاکٹروں کی لاپرواہی کے باعث متعدد زندگیاں ضائع ہو چکی ہیں لیڈی ڈاکٹروں کی غفلت کے باعث زچہ بچہ مختلف قسم کی بیماریوں کا شکار ہو چکے ہیں لواحقین کی جانب سے تحریری درخواستیں جب ایم ایس اور ڈی ڈی ایچ او کو انکوائری افسر کے ناطے منتقل ہوئی تو لیڈی ڈاکٹروں کیساتھ اپنی غفلت چھپانے کیلئے انکوائری ڈاکٹرز کے حق میں کر دی گئی یاں درخواست مدعی سے کاروائی نہ کروانے کا اشٹام لکھوا لیا گیا ہسپتال میں عرصہ دراز سے کرپشن نے پنجے گاڑ رکھے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت اجلاس

اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، سیکرٹری ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی مریم خان کی شرکت

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ روڈز ایکسیڈنٹ کمیٹی کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، سیکرٹری ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی مریم خان، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 محمد اکرم پنوار، سی او ضلع کونسل عامر اختر بٹ، میونسپل کمیٹی، ایکسائز سمیت دیگر متعلقہ افسران اجلاس میں شریک تھے۔ متعلقہ افسران نے رواں ماہ کے دوران روڈز ایکسیڈنٹ بارے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ ادارے روڈز ایکسیڈنٹ کی روک تھام کے لیے جہاں تک ممکن ہو فوری اقدامات کریں، ایکسیڈنٹ کا باعث بننے والے غیر قانونی کٹس کو فی الفور بند کر دیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے سیکرٹری ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام بس اڈوں پر انتظارگاہوں کی فی الفور تزئین و آرائش کی جائے، مرد اور خواتین کے لیے علیحدہ واش رومز بنائے جائیں، پینے کے لیے فلٹر پلانٹس اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے ہر بس اڈے پر مسجد بنوائیں اور تمام بس اڈوں پر زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی جائے۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

گورنمنٹ سی ایم آر سکول میں پڑھا لکھا پنجاب تشدد کی زد میں

دسویں کلاس کے سٹوڈنٹس کو سبق یاد نہ کرنا جرم بن گیا، کاشف پر بہیمانہ تشدد



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ گورنمنٹ سی ایم آر سکول میں پڑھا لکھا پنجاب تشدد کی زد میں دسویں کلاس کے سٹوڈنٹس کو سبق یاد نہ کرنا جرم بن گیا سٹوڈنٹ کی شناخت عاشق کاشف کے نام سے ہوئی شاہد بھٹی نامی ٹیچر کا عاشق کاشف پر بہیمانہ تشدد گورنمنٹ سکول سسٹم پر سوالیہ نشان ہے اوکاڑہ گورنمنٹ سی ایم آر سکول میں پڑھا لکھا پنجاب تشدد کی زد میں دسویں کلاس کے سٹوڈنٹس کو سبق یاد نہ کرنا جرم بن گیا سٹوڈنٹ کی شناخت عاشق کاشف کے نام سے ہوئی شاہد بھٹی نامی ٹیچر کا عاشق کاشف پر بہیمانہ تشدد گورنمنٹ سکول سسٹم پر سوالیہ نشان ہے شاہد بھٹی نے سٹوڈنٹ پر لکڑی کی چھڑی سے تشدد کیا تشدد سے بچے کے جسم پر نشانوں کو واضح دیکھا جاسکتے ہیں ورثاء کی اعلی حکام سے نوٹس لے کر ٹیچر شاہد کے خلاف محکمانہ کارروائی کرنے کی اپیل۔

نواحی گاؤں کالا خطائی میں گھر پر چوری کی واردات

چور 8 لاکھ روپے مالیت کے زیورات 80 ہزار روپے نقدی 4 موبائل فونز 30 سوٹ لے گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نواحی گاؤں کالا خطائی میں گھر پر چوری کی واردات لیاقت علی فیملی کے ہمراہ گھر سو رہا تھا ڈاکو چھت کے راستے داخل ہوئے اور اسلحہ کے زور پر اہلخانہ کو یرغمال بنا کر 8 لاکھ روپے مالیت کے زیورات 80 ہزار روپے نقدی 4 موبائل فونز 30 سوٹ لے گئے فتح ٹاؤن کے قریب نامعلوم چور عاصم جنید کے گھر سے ڈیڑھ لاکھ روپے مالیت کے لگ بھگ بجلی کی تاریں اور دیگر سامان چوری کر کے لے گئے ماڑی گاؤں میں منشاء کے کھیتوں سے 70 ہزار روپے مالیت کا پیٹر انجن چوری ہو گیا نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے شہر میں چوری اور ڈکیتی کی نان سٹاپ وارداتوں پر اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

حافظ آباد: بغیر لائٹنگ ٹول پلازہ: آئے روز حادثات معمول بن گئے

رات کے وقت آئے روز گاڑیوں کے ساتھ ساتھ ڈمپر ٹکرا کر حادثات کا شکار ہو رہے ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد روڈ پر نوکھر کے قریب حفاظتی سائن بورڈ اور لائٹنگ کے بغیر بنائے جانے والے ٹول پلازہ کے باعث آئے روز حادثات معمول بن گئے۔ جس سے قیمتی جانوں کا ضیاع ہونے لگا تفصیلات کے مطابق حافظ آباد گوجرانوالہ روڈ پر نوکھر کے قریب سڑک کے عین وسط میں حفاظتی سائن بورڈ اور لائٹنگ کے بغیر جو ٹول پلازہ قائم کیا گیا ہے وہاں پر ایک باکس رکھ کر ڈیوائڈر لگا دیا گیا ہے جس کی وجہ سے یہاں پر رات کے وقت آئے روز گاڑیوں کے ساتھ ساتھ ڈمپر ٹکرا کر حادثات کا شکار ہو رہے ہیں چونکہ یہاں پر پہلے ٹول پلازہ نہیں تھا اس لئے یہاں سے آنے جانے والی گاڑیاں معمول کے مطابق گزرتی ہیں تو یہاں پر لائٹنگ اور حفاظتی سائن بورڈ نہ ہونے کے سبب اکثر گاڑیاں ٹول پلازہ کی رکاوٹوں کے باعث حادثات کا شکار ہو جاتی ہیں اور اب جب دھند شروع ہو رہی ہے تو یہاں پر حادثات میں مزید اضافہ کے امکانات پیدا ہو رہے ہیں۔ مسافروں اور شہریوں نے کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ ٹول پلازہ پر حفاظتی سائن بورڈ اور لائٹنگ کے ساتھ ساتھ تمام مطلوبہ ساز و سامان کا اہتمام کروایا جائے تاکہ اس شاہراہ پر سفر کرنے والے مسافر حادثات سے بچ سکیں۔

تجاوزات ختم کروانے والے عملہ کی بدمعاشیاں اور چیرہ دستیاں عروج پر پہنچ گئیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کے تجاوزات ختم کروانے والے عملہ کی بدمعاشیاں اور چیرہ دستیاں عروج پر پہنچ گئیں۔ تجاوزات ختم کرنے پر مامور عملہ نے بااثر دوکانداروں اور تاجروں سے منتھلیاں لے کر لیں جبکہ چھوٹے خوانچہ فروشوں اور ریڑھی بانوں کا سامان اٹھا کر ہڑپ کئے جانے لگا تفصیلات کے مطابق حافظ آباد شہر میں عرصہ دراز سے بااثر دوکانداروں اور تاجروں نے تمام بازاروں اور مارکیٹوں میں شاہراؤں کی کئی کئی فٹ جگہ پر ناجائز قبضہ جما کر وہاں پر تجاوزات قائم کر رکھی ہیں جن کو مسمار کرنے کی کسی کو ہمت نہ ہے اور جب بھی تجاوزات کو مسمار کرنے کے خلاف شہری آواز اٹھاتے ہیں تو میونسپل کمیٹی کی کالی بھیڑیں ان دوکانداروں اور تاجروں سے جگہ واگزار کروانے کی بجائے غریب خوانچہ فروشوں اور ریڑھیوں کا سامان اٹھا کر ہڑپ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

تھانہ سٹی رینالہ خورد پولیس کا چھاپہ خطرناک ڈاکو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ سٹی رینالہ خورد نے چھاپہ مار کر خطرناک ڈاکو کو گرفتار کر کے اس سے لاکھوں روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی رینالہ خورد کے ایس ایچ او ملک ارشد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث خطرناک ڈاکو قیصر عرف چمنا کو گرفتار کر کے اس سے چھینی گئی رقم 10 لاکھ روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی۔

جیکب آباد میں سندھ فوڈ اتھارٹی کا عملہ رشوت خور بن گیا، دوکانوں اور ہوٹلوں پر چھاپے کے بعد منتھلی فکس کر کے خاموشی اختیار کر لی

جیکب آباد (رپورٹ منظور احمد گوپانگ) جیکب آباد میں سندھ فوڈ اتھارٹی کا عملہ رشوت خور بن گیا دوکانوں اور ہوٹلوں پر چھاپے کے بعد منتھلی فکس کر کے خاموشی اختیار کر لی، منتھلی نہ دینے والوں کو پچاس، پچاس ہزار کے چالان دینے کی دھمکیاں تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں سندھ فوڈ اتھارٹی کے عملے کی رشوت خوری کی شکایات بڑھ گئی ہیں سندھ فوڈ اتھارٹی کا عملہ دوکانوں اور ہوٹلوں پر چھاپے مار کر بوسیدہ کڑاہی، کچن میں صفائی نہ ہونے اور غیر معیاری تیل اور پھپھوند لگے آلو اور دیگر اشیاء خورد و نوش سمیت پکڑے جانے والوں کو سفارش پر چھوڑ دینے کا بھی انکشاف ہوا ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ 50 ہزار چالان اور جرمانے کے بہانے دوکانداروں کو دھمکا کر منتھلی فکس کی جاری ہے مختیار کار کی ہدایت پر روز سندھ فوڈ اتھارٹی کا عملہ دوکانوں پر جا کر کاروائی کے بہانے ہراساں کرتا ہے اور پھر اگلے دن معاملات طے کئے جاتے ہیں ذرائع کے مطابق فوڈ اتھارٹی کے افسر کے پاس دو الگ سے چالان بک ہیں ایک چالان بک کا ریکارڈ نہیں ہوتا ڈیل ہونے کے بعد جن کو چالان بینک میں جمع کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے واپس لے لئے جاتے ہیں شہری سجاد علی، قربان محرم اور دیگر کا کہنا تھا کہ شہر میں کھانوں کی تیاری میں غیر معیاری تیل کے استعمال سمیت باسی اشیاء، بوسیدہ کڑاہی کا استعمال تاحال جاری ہے لیکن سندھ فوڈ اتھارٹی کا عملہ ڈیل کر کے مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہے جس کی وجہ سے شہری پیٹ کے امراض سمیت دیگر میں مبتلا ہو رہے ہیں ڈی جی سندھ فوڈ اتھارٹی عملے کی رشوت خوری کا نوٹس لے۔

لوڈر رکشہ سڑک کنارے کھڑے ٹرک سے جاٹکرایا، ڈرائیور جاں بحق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لوڈر رکشہ سڑک کنارے کھڑے ٹرک سے جاٹکرایا، رکشہ ڈرائیور جاں بحق تفصیلات کے مطابق شاک ٹوٹنے پر ڈرائیور نے ٹرک سڑک کنارے کھڑا کیا ہوا تھا کہ نواحی گاؤں رتہ باجوہ کا رہائشی رکشہ ڈرائیور حبیب ر ٹرک سے ٹکرا گیا اور موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب جبکہ موترہ پولیس نے ٹرک قبضہ میں لے کر تفتیش شروع کر دی ریسکیو 1122 نے نعش کو سول ہسپتال ڈسکہ منتقل کر دیا

جیکب آباد میں دوکاندار کی درخواست پر مقدمہ درج نہ ہوسکا

ملزمان گرفتار نہ کئے جاسکے، کاروباری طبقہ مایوسی کا شکار

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جیکب آباد میں دوکاندار سے کی گئی غنڈہ گردی کا پولیس نے تاحال مقدمہ درج نہ کیا، نہ ہی ملزمان گرفتار کئے جاسکے، کاروباری طبقہ مایوسی کا شکار تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز جیکب آباد کے سٹی تھانہ کی حدود صرافہ بازار میں برتن کے دوکان پر درجنوں افراد کا حملہ کر کے طفیل انصاری اور خالق ڈنو شاہوانی کو زخمی کرنے کا مقدمہ تاحال پولیس کی جانب سے درج نہیں کیا گیا ہے نہ ہی دیگر حملہ آوروں گرفتار کیا جاسکا ہے، زخمی دوکاندار طفیل احمد کے مطابق پولیس نے اس غنڈہ گردی کو سنجیدگی سے نہیں لیا ایک حملہ آور کو تو لوگوں نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا دیگر کو پولیس نے گرفتاری کے لئے کوئی اقدامات نہیں کئے پولیس کی مجرمانہ غفلت اور تحفظ فراہم نہ کرنے کی وجہ سے کاروباری طبقہ مایوسی اور عدم تحفظ کا شکار ہے، جائے واردات سے چند قدم پر پولیس ٹاور چوکی ہے چوکی پر ایک درجن سے زائد اہلکار مقرر ہیں جو اطلاع کے باوجود تاخیر سے پہنچے جس کے باعث حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

پولیس کی ایس ایچ او شہباز نجمی کی ہدایت پر اہم کارروائی

دوران گشت مشکوک شخص کی تلاشی لی جس سے ڈیڑھ کلو چرس اور 30 بور ناجائز پسٹل برآمد

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) پولیس کی ایس ایچ او شہباز نجمی کی ہدایت پر اہم کارروائی دوران گشت مشکوک شخص کی تلاشی لی جس سے ڈیڑھ کلو چرس اور 30 بور ناجائز پسٹل برآمد کر لیا گرفتار شخص کا نام امان اللہ ولد رسول خان سکنہ کھمبیانوالہ بتایا جا رہا ہے امان اللہ کے خلاف منشیات ایکٹ اور ناجائز اسلحہ رکھنے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ایس ایچ او مانانوالہ شہباز نجمی نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی منشیات فروشوں کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی اپنے علاقے میں منشیات فروشوں کو ہرگز برداشت نہیں کروں گا۔

پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑا ریجن لاہور کی ماہ نومبر 2024 کی ماہانہ کارکردگی

50 مقدمات سمیت انسداد منشیات ناجائز اسلحہ، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ آفیسر پیٹرولنگ پولیس سجاد محمد خاں ٹکانے ضلعی ہیڈکوارٹر دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑا ریجن لاہور کی ماہ نومبر 2024 کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ بارے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ریجنل آفیسر پیٹرولنگ پولیس ایس۔ پی۔ فتح احمد کاہلوں کی زیر کمانڈ پیٹرولنگ پولیس پنجاب نے گزشتہ ماہ میں موثر گشت و سویپ آپریشنز کے دوران ریجن بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے 50 مقدمات سمیت انسداد منشیات ناجائز اسلحہ، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ کی برآمدگی۔ تیز رفتاری، غیر قانونی آتش گیر گیس سلنڈرز کے استعمال اور مال بردار گاڑیوں پر اوور لوڈنگ جیسے جرائم کے مرتکب ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے پیٹرولنگ پولیس کی مدعیت میں ٹوٹل 157 مقدمات درج کروائے گئے۔ متعدد کارروائیوں کے دوران شراب، چرس، افیون کی بڑی کھیپ، ناجائز اسلحہ اور لاکھوں روپے مالیت کی سرقہ شدہ 15 موٹر سائیکلیں 01 رکشے، 01 کار کی برآمدگی عمل میں لا کر ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ دوران گشت 06 گمشدہ بچوں کو بازیاب کروا کر والدین کے حوالے کیا گیا۔ دوران سنیپ چیکنگ مختلف نوعیت کے سنگین مقدمات میں مطلوب ٹوٹل 84 عدالتی مفروران و اشتہاری ملزمان کو پابند سلاسل کیا گیا جبکہ دوران سفر 753 سفری مشکلات میں پھنسے مسافروں کو ہیلپ لائن 15/1124 کال پر فوری مدد فراہم کی گئیں۔ دوران ڈرائیونگ ٹریفک قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں کے مرتکب ڈرائیورز کیخلاف ای چالاننگ کی مد میں 83 لاکھ روپے کا ریونیو جنریٹ کر کے قومی خزانے میں جمع کروایا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر نے آگاہ کیا کے موثر پڑتال کے ڈیجیٹل میکنزم ای۔ پولیس ایپلیکیشن کو بروئے کار لاتے ہوئے دوران چیکنگ 345582 اشخاص اور 156068 گاڑیوں کا ڈیٹا ویری فائی کیا گیا۔

نامعلوم ملزمان نے ماں کو بچوں سمیت اغوا کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم ملزمان نے ماں کو بچوں سمیت اغوا کر لیا موضع ستراہ کے تصور کی بیوی اپنے دو بچوں کے ہمراہ گھر سے باہر گئی تو واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کی بیوی اور بچوں کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان کا تحصیل کوٹ رادھا کشن کا اچانک دورہ

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) ٹی ایچ کیو ہسپتال، لیڈیز پارک، گرلز ڈگری کالج، شہر کی صفائی ستھرائی، زیر تعمیر تحصیل کمپلیکس کا معائنہ، ہسپتال میں طبی سہولیات، پارک میں صفائی ستھرائی کالج میں تدریس کے عمل اور زیر تعمیر تحصیل کمپلیکس میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر تحصیل کوٹ رادھا کشن ڈاکٹر محمد انس سعید اور دیگر متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے۔ وزیراعلی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ رادھا کشن دورہ کے موقع پر ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی، میڈیسن کی دستیابی کو چیک کیا۔ مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، لواحقین سے ڈاکٹرز کی موجودگی اور فراہم کردہ طبی سہولیات بارے دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں لیبارٹری، ایمرجنسی، آؤٹ ڈور سمیت دیگر حصوں کا بھی معائنہ اور ادویات کے سٹاک کو چیک کیا۔

لڑائی جھگڑے کے دو مختلف واقعات میں چھ ملزمان کا دو افراد پر تشدد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لڑائی جھگڑے کے دو مختلف واقعات میں چھ ملزمان کا دو افراد پر تشدد موضع بوبکانوالہ کا اشفاق اپنے گھر میں موجود تھا کہ اسی دوران ملزم شعیب اور دو نامعلوم ان کے گھر میں گھس آئے اور گالم گلوچ شروع کر دی اس نے منع کیا تو ملزمان نے اس کو تشدد کر کے زخمی کر دیا موضع بھاڈے والا کا زبیر اپنے والد کے ہمراہ ڈیرہ پر موجود تھا کہ اسی دوران ملزم حبیب الرحمان اور دو نامعلوم آگئے اور ان کی زمین پر ہل چلانے لگے اس نے منع کیا تو ملزمان نے اس کو تشدد کر کے زخمی کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں ہے، ڈی پی او

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں، برادری کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈی پی او ساہیوال ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کے احکامات پر ضلع بھر میں اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ساہیوال پولیس کی جانب سے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں اس سلسلہ میں ضلع بھر کے 136 گرجا گھروں میں 300 سے زائد پولیس افسران و اہلکاران سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔

ننکانہ صاحب: ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا خصوصی اجلاس

اسسٹنٹ کمشنر ایچ آر کاشف امیر، ایم ایس ڈاکٹر افتخار محی الدین، ڈرگ انسپکٹرز سمیت دیگر ممبران اجلاس میں شریک

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ننکانہ صاحب رائے ذوالفقار علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا خصوصی اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اسسٹنٹ کمشنر ایچ آر کاشف امیر، ایم ایس ڈاکٹر افتخار محی الدین، ڈرگ انسپکٹرز سمیت دیگر ممبران اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں مجموعی طور پر 12 کیسز کی سماعت ہوئی، اجلاس کی سفارشات پر 02 میڈیکل سٹوروں کی ری چیکنگ اور 05 کو آخری وارننگ کے نوٹس جاری کیے گئے، 05 میڈیکل اسٹورز کے چالان عدالتوں میں بجھوانے کے احکامات جاری کیے گئے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رائے ذوالفقار علی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بغیر لائسنس کلینک اور میڈیکل سٹور چلانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، چیکنگ کا دائرہ کار وسیع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز، ڈرگ انسپکٹرز کی حاضری اور فیلڈ میں روزانہ کی کاروائیاں چیک کریں اور تمام میڈیکل سٹوروں پر کوالیفائیڈ پرسنز کی موجودگی یقینی بنائیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ڈرگ انسپکٹرز جعلی ادویات بنانے اور فروخت کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رکھیں اور انسانی جانوں کو بچانے کے لیے ڈرگ مافیا کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

ڈی پی او کی مرکز اٹھارہ ہزاری، تھانہ کوٹ شاکر کی انسپکشن

شہریوں سے سروسز کی فراہمی کے بارے میں فیڈ بیک لیا، کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی خدمت مرکز اٹھارہ ہزاری، تھانہ کوٹ شاکر کی انسپکشن، شہریوں سے سروسز کی فراہمی کے بارے میں فیڈ بیک لیا، کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے خدمت مرکز اٹھارہ ہزاری کا وزٹ کیا اور انسپکشن کی۔ پبلک سروس ڈیلیوری کے حوالے سے خدمت مرکز کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ شہریوں کو پولیس سروسز کی بلاتاخیر فراہمی کیلئے خدمت مراکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جملہ سٹاف شہریوں کی خدمت کو اپنا نصب العین بنائیں اور پبلک سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری کیلئے اقدامات عمل میں لائے جائیں۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے تھانہ کوٹ شاکر کا بھی وزٹ کیا اور انسپکشن کی۔ ڈی پی او نے حوالات، جملہ دفاتر اور فرنٹ ڈیسک پر پینڈنگ درخواست ہائے کا تفصیلی جائزہ لیا اور تھانہ میں موجود سائلین سے بھی ملاقات کی اور مسائل دریافت کئے۔ پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ کریمنل گینگز، منشیات فروش اور اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے۔

مانانوالہ: پاکستان پیپلز پارٹی کے 57 یوم تاسیس کا پروگرام

مہمان خصوصی لاہور کے صدر اسلم گل کی شرکت، صدر سید ندیم عباس کاظمی نے میزبانی کی

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) پیپلز پارٹی کے 57 یوم تاسیس کا پروگرام منعقد ہوا میزبان سٹی صدر سید ندیم عباس کاظمی اور مہمان خصوصی لاہور کے صدر اسلم گل اور صدر اقلیت ونگ عمران اٹھوال اور لاہور سے نصیر احمد تھے تفصیلات کے مطابق ریلی میں شریک طاہر سعید بھون عبدالعزیز مت ورک قمر منیر واہگہ نے ریلی کی شکل میں پروگرام میں شرکت کی اور ڈھول کی تھاپ اور نعروں سے شرکاء کا خون گرمایا۔ شرکاء تقریب میں شرکت مت ورک قمر منیر واہگہ، چوہدری طحہٰ امجد شکیل راہی، آصف خان، طاہر سعد بھون، میاں جمشید شہباز، محمد جاوید بھٹی، صابر حسین بولا، اختر حنیف گھچہ، سردار علی آصف، احسن پنوں، اشفاق انجم، جاوید روپالی، رانا الیاس، کاشف گیلانی، کامران گجر، سیٹھ احسان الہی، سید جاوید شاہ، سید اطہر شاہ، میاں اختر محمود، بلال حیدر کھگر، سید زین بخاری، مرزا ہارون بیگ، رمضان کمبوہ اور دیگر قائدین اور جیالوں نے شرکت کی۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

عملداری نافذ کرتا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خفیہ رپورٹس تھیں فائنل کال کی آڑ میں قتل و غارت کی جائے گی، تحریک انصاف کے احتجاج میں 37 افغان شہری تھے، اسلام آباد ہائی کورٹ کی اجازت کے بغیر ہونے والا احتجاج غیر قانونی تھا۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات کا کہنا تھا کہ پوری دنیا میں احتجاج ہوتے ہیں کہیں اے کے 47 دیکھی ہے؟ یہ جدید اسلحہ اور غلیلیں بھی لیکر آئے، ان کا مقصد لاشیں گرانا اور امن و امان خراب کرنا تھا، خیبر پختونخوا کی عوام باہر نہیں نکلے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی عوام انتشار کی سیاست نہیں چاہتے، شرمندگی مٹانے کے لیے لاشوں کے حوالے سے جھوٹا پروپگنڈا کیا جا رہا ہے۔ عطا تارڑ کوئی ایک ویڈیو دکھا دیں جس میں سیدھی فائرنگ ہوئی ہو۔ ان کا دوران گفتگو دعویٰ کرتے ہوئے مزید کہنا تھا کہ پی مراد سعید سی ایم ہاؤس خیبر پختونخوا میں چھپا ہوا ہے، مراد سعید احتجاج میں شریک تھا، مراد سعید کے ساتھ تربیت یافتہ جتھے تھے، ان کی گرفتاری کے لیے سی ایم ہاؤس چھاپہ مارنا اچھا نہیں لگتا۔ دوسری جانب سیکرٹری داخلہ نے اپنی گفتگو میں کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا، تین رینجرز، ایک پولیس اہلکار شہید ہوا، مظاہرین نے بلا اشتعال گولیاں چلائیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

سروسز دینے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز بشمول واٹس ایپ، فیس بک، انسٹاگرام اور ٹک ٹاک کی سروسز معطل یا سست روی کا شکار رہیں جس کی وجہ سے صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ہفتہ کی رات سے ہی تمام سوشل میڈیا پلیٹ فارمز تعطل کا شکار ہیں جس سے پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ اور گوگل سروسز کو اپنے معمول کے آپریشنز انجام دینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صارفین کو صارفین کو تصاویر، وائس نوٹ اور ویڈیوز اپ لوڈنگ اور ڈاؤن لوڈنگ میں مشکلات کا سامنا رہا، صارفین وی پی اینز کے ذریعے سوشل میڈیا ایپلی کیشنز استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ متعدد شہروں میں وی پی این کے ذریعے بھی صارفین کو سوشل میڈیا سروس تک رسائی مشکلات کا سامنا ہے۔ دوسری جانب آن لائن کاروبار کرنے والوں خصوصاً بیرون ممالک آئی ٹی کی سروسز دینے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ بقیہ جات 3

نے تاریخ رقم کی، پاکستان آج پھر خوشحالی کی طرف گامزن ہے، مہنگائی میں کمی اور ریکارڈ ترقیاتی کام ہو رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جاوید نگر میں منعقدہ عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر نامزد امیدوار ضمنی الیکشن پی پی 139 رانا طاہر اقبال، پیر سید اشرف رسول ایم پی اے، سابق تحصیل ناظم رانا انوار الحق، سابق ممبر ضلع کونسل حاجی طارق محمود ڈوگر، ملک عمران رحمت ڈوگر محمود اختر گورایہ و دیگر لیگی رہنما موجود تھے۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ایک ایجنڈے پر پاکستان کو کمزور کیا اور آج پھر خصوصی ایجنڈے پر کام کر رہی ہے، آئے روز اسلام آباد میں تماشہ لگا کر ترقی کا راستہ روکنے کی کوشش کی جاتی ہے پاکستان کے خلاف اٹھنے والا ہاتھ توڑ دیں گے، اب فتنے کا خاتمہ ضروری ہے، عمران خان کی سیاست کا خاتمہ ہو چکا ہے اب کبھی اقتدار میں نہیں آئیں گے، پاکستان کو آگے بڑھنے دیں، عوام کو خوشحال ہونے دیں، عوام نے آپ کو مسترد کر دیا ہے، پی ٹی آئی پر پابندی پاکستان کی سلامتی کے لیے ضروری ہے، اتحادی جماعتوں کے ساتھ مشاورت جاری ہے، جلد قوم کو پی ٹی آئی فتنے سے نجات مل جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

تمام، جانچ اور علاج تک رسائی میں عدم مساوات کو ختم کرنا ہوگا۔ ایڈز کے خاتمے اور علاج کے لیے سرگرم کیئر ورکرز کی خدمات بھی قابل تحسین ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب بھر میں ڈائلسز کے لئے ایڈز سکریننگ کے ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ملتان میں ڈائلسز کے دوران ایڈز سے بچاؤ کے پروٹوکول میں غفلت برتنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ ایڈز کے خاتمے کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے اقدامات یقینی بنا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ چار دوست اکبر خان، میاں سلطان، محمد حنیف اور جند وڈہ شدید زخمی ہو گئے جنہیں ابتدائی طبی امداد دیتے ہوئے ڈی ایچ کیو احمد پور شرقیہ منتقل کر دیا گیا جہاں دو افراد کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ علی حسن گیلانی کی میت ہسپتال سے اہل خانہ کے حوالے کر دی گئی۔ علی حسن گیلانی 2018 کے انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی ٹکٹ پر رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے۔ بعد میں انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر کے 2024 انتخاب میں پیپلز پارٹی کی ٹکٹ پر بھی حصہ لیا تھا۔

بقیہ جات 6

مترادف ہوگا، پی ٹی آئی پر پابندی بہت بڑی غلطی ہوگی۔ لاہور میں انسداد دہشت گردی کی عدالت میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کے دوران شاہ محمود قریشی نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو ملک کے بارے میں سوچنا چاہیے، عدالت سے مودبانہ گزارش ہے کہ بانی پی ٹی آئی ※ سے ان کی ملاقات کرائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک لبیک اور عوامی تحریک پر پابندی لگا کر کیا حاصل ہوا تھا، پی ٹی آئی پر پابندی بھی بہت بڑی غلطی ہوگی۔ شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی، مولانا فضل الرحمان اور محمود خان اچکزئی کا شکریہ کہ انہوں نے پابندی کی بات کو مسترد کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت تمام جماعتیں سندھ میں پانی کے مسئلے پر احتجاج کر رہی ہیں، تمام جماعتوں کو ملک کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ تحریک انصاف کے وائس چیئرمین کا مزید کہنا تھا کہ صحافیوں کے خلاف کارروائی سے آزادی صحافت کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا، مسلم لیگ ن کے رہنما خود کہہ رہے ہیں کہ یہ غلط ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

احتجاج موخر کرنے کا کہا گیا۔ وزارت داخلہ کے مطابق پی ٹی آئی کے احتجاج جاری رکھنے کی ضد پر انہیں سنگجانی مقام کی تجویز دی گئی، غیر معمولی مراعات بشمول بانی سے ملاقاتوں کے باوجود پی ٹی آئی نے عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کی، مظاہرین نے سنگجانی کے بجائے اسلام آباد کے ریڈ زون میں داخل ہو کر قانون کی خلاف ورزی کی۔ وزارت داخلہ کے مطابق پر تشدد مظاہرین نے پشاور تا ریڈ زون تک مارچ کے دوران ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنایا، مظاہرین نے اسلحہ بشمول سٹیل سلنگ شاٹس، سٹین گرنیڈ، آنسو گیس شیل اور کیل جڑی لاٹھیوں وغیرہ کا استعمال کیا۔ وزارت داخلہ کے مطابق پر تشدد احتجاج میں خیبر پختونخوا حکومت کے وسائل کا بھرپور استعمال کیا گیا، پی ٹی آئی کے پر تشدد احتجاج میں تربیت یافتہ شرپسند اور غیر قانونی افغان شہری بھی شامل تھے، یہ سخت گیر 1500 شرپسند براہ راست مفرور اشتہاری مراد سعید کے ماتحت سرگرم تھے جو خود بھی ہمراہ تھا۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ اس گروہ نے عسکریت پسندانہ حکمت عملی کا استعمال کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں پر حملہ کیا، صوبائی سرکاری مشینری کی مدد سے سڑک پر نصب رکاوٹیں ہٹا کر دوسرے شرپسند جتھوں کے لیے راستہ بنایا، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے پر تشدد مظاہرین کے ساتھ انتہائی تحمل کا مظاہرہ کیا۔ وزارت داخلہ کے مطابق اسلام آباد میں چیک پوسٹ پر ڈیوٹی پر متعین تین رینجرز اہلکاروں کو گاڑی چڑھا کر شہید کیا گیا، پر تشدد مظاہرین نے ایک پولیس اہلکار کو بھی شہید کیا، شرپسندوں کے ہاتھوں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 232 اہلکار بھی زخمی ہوئے۔ پر تشدد مظاہرین نے سکیورٹی فورسز پر حملہ کیا اور پولیس کی متعدد گاڑیوں کو آگ لگائی، آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت اسلام آباد میں پاک فوج کو تعینات کیا گیا، پاک فوج کی تعیناتی کا مقصد اہم تنصیبات کو محفوظ اور غیر ملکی سفارت کاروں کی حفاظت اور دورے پر آئے اہم وفود کے لیے محفوظ ماحول کو یقینی بنانا تھا۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ پولیس اور رینجرز نے اس پر تشدد ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے براہ راست گولیوں کا استعمال نہیں کیا، واضح رہے کہ پاک فوج کا اس پر تشدد ہجوم سے براہ راست کوئی ٹکراؤ نہیں ہوا اور نہ ہی وہ فسادیوں کو کنٹرول کرنے پر تعینات تھی، منتشر کرنے کے عمل کے دوران قیادت کے ہمراہ مسلح گارڈز اور مظاہرین کے مسلح شرپسندوں نے اندھا دھند فائرنگ کی، ان خود ساختہ پر تشدد حالات میں پی ٹی آئی قیادت نے صورتحال سنبھالنے کے بجائے راہ فرار اختیار کیا، مظاہرین کے علاقے سے فرار کے فوری بعد وفاقی وزرائے داخلہ اور اطلاعات نے متاثرہ علاقے کا دورہ بھی کیا اور پریس ٹاک کی۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر ایک منظم پراپیگنڈہ شروع کر دیا ہے، پراپیگنڈہ میں مبینہ ہلاکتوں کی ذمہ داری قانون نافذ کرنے والے اداروں پر ڈالنے کی مذموم کوشش کی جا رہی ہے۔ وفاقی دارالحکومت کے بڑے ہسپتالوں کی انتظامیہ نے ہلاکتوں کی رپورٹ کی تردید بھی کی، من گھڑت سوشل میڈیا مہم کے دوران پرانے اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے تیار کردہ جھوٹے کلپس کا استعمال بھی کیا جا رہا ہے، بدقسمتی سے غیر ملکی میڈیا کے بعض عناصر بھی اس پروپیگنڈہ کا شکار ہو گئے ہیں، وزراء، حکومتی اہلکار، پولیس اسٹیشنو اور کمشنر اسلام آباد نے بار بار مصدقہ ثبوت کے ساتھ اصل صورتحال کی وضاحت کی۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر پاکستانی شہریوں کی حفاظت کی، پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا مہم پاکستان میں انتشار، بدامنی اور تفرقہ بازی کو فروغ دے رہی ہے، اندرون اور بیرون ملک ایسے عناصر کا متعلقہ قوانین کے تحت احتساب کیا جائے گا۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے صوبائی اسمبلی کو اداروں کے خلاف بے بنیاد اور اشتعال انگیز بیانات کے لیے استعمال کیا، پر تشدد مظاہرین سے 18 خودکار ہتھیاروں سمیت 39 مہلک ہتھیار برآمد ہوئے ہیں، پکڑے گئے شرپسندوں میں تین درجن سے زائد غیر ملکی اجرتی شامل ہیں۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ جیل وینز کو آگ لگانے کے ساتھ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی 11 گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا، پر تشدد مظاہروں کے دوران ابتدائی اندازوں کے مطابق سینکڑوں ملین کا نقصان ہوا ہے، ان پر تشدد مظاہروں کی وجہ سے معیشت کو بالواسطہ نقصانات کا تخمینہ 192 ارب روپے یومیہ لگایا گیا ہے۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ پاکستان بشمول خیبر پختونخوا کے قابل فخر عوام اس قسم کی پر تشدد سیاست، بے بنیاد الزامات اور بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈہ کو مسترد کرتے ہیں، پوری پاکستانی قوم ملک میں امن و استحکام کی خواہش کے ساتھ یکجا کھڑی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

پروگرام کے تحت ٹاپ ون ڈایابیٹک بچوں کے رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ٹاپ ون ڈایابیٹک بچوں کو گھر بیٹھے ہی چیف منسٹر مریم نواز انسولین پروگرام میں رجسٹریشن کی سہولت دی گئی ہے۔ چیف منسٹر مریم نواز انسولین کے لئے خصوصی ہیلپ 1033 بھی قائم کر دی گئی ہے۔ ٹاپ ون ڈایابیٹک بچے کی مفت انسولین کے لئے تحصیل یا ضلع میں این سی ڈی کلینک پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ننھے بچے پھول کی مانند ہوتے ہیں اور ہم انہیں مرجھانے نہیں دیں گے۔ ماں ہوں بچوں کی تکلیف اور بیماری کا شدت سے احساس ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹاپ ون ڈایابیٹک بچوں کو ہسپتال آنے جانے کی دقت سے بچانے کے لئے گھر بیٹھے انسولین دی جائے گی۔ ٹاپ ون ڈایابیٹک بچوں کو تا حیات انسولین کی ضرورت ہوتی ہے اور والدین کا بوجھ بٹائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب بھر میں بچوں کی صحت اور علاج کے لئے تمام تر میسر وسائل مہیا کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 9

لائحہ عمل طے ہوگا۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ حامد رضا تحریک انصاف کے مشکل وقت کے ساتھی ہیں، وہ اتحادی تھے اور رہیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 10

گئی تو یہ ان کی بھول ہے۔ بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ علی امین گنڈاپور کی سربراہی میں بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی تحریک مزید زور پکڑے گی، وزیر اعلیٰ کی قیادت پر سب کا پورا اعتماد ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ بربریت کر کے جعلی حکومت نے اپنے پاؤں پر خود کلہاڑی ماری ہے، حکومت نے بربریت خوف پیدا کرنے کے لیے کی مگر خوفزدہ خود ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ظلم ہمیشہ خوفزدہ لوگ کرتے ہیں، معصوم کارکنوں کا خون جعلی حکومت کو اپنے منطقی انجام تک پہنچائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 11

لکی مروت (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر لکی مروت میں تھانہ پیزو پر دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں اہلکار کرامت اللہ شہید ہو گئے۔ پولیس کے مطابق پولیس کی جوابی فائرنگ کرنے پر دہشت گرد فرار ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ دہشت گردوں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی مروت میں پہاڑ خیل پکہ میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے سب انسپکٹر پنجاب پولیس عبدالقدیر سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے تھے۔ پولیس کے مطابق شہید پولیس اہلکار چھٹی پر گھر آیا ہوا تھا جو اس دہشت گردی کا شکار بن گیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

کی 2 پروازیں پی کے 301، 368 منسوخ کر دی گئیں۔ اسلام آباد سے اسکردو کی 2 پروازیں پی کے 451 اور 452 جبکہ اسلام آباد سے گلگت کی پرواز پی کے 143 بھی منسوخ کر دی گئی ہے۔ اسلام آباد سے کوئٹہ کی پروازیں پی کے 325، 326 ساڑھے 5 گھنٹے تاخیر کا شکار ہیں جبکہ اسلام آباد سے کوئٹہ کی نجی ایئر کی پرواز ایف ایل 857، 858 میں بھی تاخیر ہے۔ اس کے علاوہ ریاض، جدہ اور ائیٹن سے اسلام آباد کی پروازیں بھی تاخیر کا شکار ہیں۔ اسلام آباد سے دبئی، جدہ، گلگت اور شارجہ کی 4 پروازیں بھی تاخیر کا شکار ہیں۔ کراچی سے جدہ اور نجف کی 3 پروازوں کی آمد و روانگی میں بھی تاخیر ہے۔ کراچی سے لاہور کی 2 پروازیں پی کے 304 اور 305 بھی تاخیر کا شکار ہیں، ملتان سے کراچی کی پرواز پی کے 331 بھی ڈھائی گھنٹے کی تاخیر سے ڈیڑھ بجے روانہ ہوگی۔ ملتان سے القسیم اور شارجہ کی 2 پروازوں میں بھی تاخیر ہے اور تہران سے لاہور کی پرواز ڈبلیو 5195 میں بھی 2 گھنٹے کی تاخیر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

چڑھائی کرنے سے این آر او نہیں ملنے، تحریک انصاف کی موجودہ لیڈرشپ بزدلی کے آخری درجے پر فائز ہے، کارکنوں کو چھوڑ کر بھاگنے والے اب کس منہ سے کارکنوں کا دم بھر رہے، پی ٹی آئی کے کارکنوں کے اصل مجرم علی امین اور بشری بی بی ہیں۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری اپنی ذلت اور بدنامی کو فیک نیوز اور افواہوں کے پیچھے چھپا رہے ہیں، پوری دنیا کے میڈیا نے دیکھا علی امین گنڈاپور اور بشری کی گاڑیوں پر انہی کے کارکنوں نے ڈنڈے مارے اور پتھراؤ کیا، جن کو شرم سے ڈوب مرنا چاہیے وہ پھر بھڑکیں مار رہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کی جماعت کو ختم کرنے کے لیے بشری بی بی کافی ہے، یہ تحریک انصاف کی آخری ناکام بغاوت تھی، اب شدت پسند اور انتشاری ٹولہ دوبارہ اسلام آباد کا رخ کرنے کی غلطی نہیں دہرائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ (ن) لیگ کی قیادت میں ملک نے نہ صرف استحکام حاصل کیا بلکہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ ہمیں جب ملک ملا تو ڈیفالٹ کے دہانے پہ تھا لیکن ہم نے کسی پہ الزامات نہیں لگائے رونا دھونا نہیں کیا۔ ہم نے اس ملک کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لئے دن رات کام کیا ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا۔ سرمایہ کاروں کا اعتماد دلیل ہے کہ پاکستان کا مستقبل روشن ہے۔ اسٹاک مارکیٹ کا ریکارڈ سرمایہ کاروں کے غیر متزلزل اعتماد اور حکومت کی دانشمندانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ اسٹاک مارکیٹ کی بلندی و تیزی سمیت ہر تاریخی کام ہوتا اور عوامی فلاح کا ہر ریکارڈ مسلم لیگ (ن) کے دور میں بنتا ہے۔ اسٹاک مارکیٹ کا لاکھ پوائنٹ عبور کرنا عالمی سطح پر پاکستان کی معیشت پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی پالیسیز بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیلئے پر کشش ثابت ہو رہا ہے۔ ملک میں مہنگائی میں کمی سے عوام خوش نظر آ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

ٹی اے کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ 30 نومبر کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد وی پی اینز کو بلاک نہیں کیا جائے گا، حکومت نے وی پی این رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کی منظوری دے دی ہے تاہم وی پی این رجسٹریشن کی کب تک کی توسیع کی گئی ہے یہ وزارت داخلہ کا معاملہ ہے۔ ذرائع پی ٹی اے کے مطابق اب تک 27 ہزار سے زائد وی پی اینز رجسٹرڈ کیے جا چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

خاندان کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم سید مخدوم سید علی حسن گیلانی کی پارٹی اور اپنے حلقے کی عوام لیے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ دعا گو ہوں، اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ دریں اثناء سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سید نیر حسین بخاری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق ایم این اے مخدوم سید علی حسن گیلانی کی ٹریفک حادثے میں انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سید علی حسن گیلانی مرحوم کی پاکستان پیپلز پارٹی اور جمہوریت کیلئے خدمات تادیر یاد رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پوری پیپلز پارٹی مرحوم کے غم میں برابر کی شریک ہے، مرحوم کی دعائے مغفرت اہل خانہ کے صبر کیلئے دعاگو ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

سدھار لانے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے، وکلاء برادری کی فلاح و بہبود کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی، لاہور ہائیکورٹ میں ججز کی تعداد میں اضافہ کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کے لئے آنے والے وکلاء کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پنجاب بار کونسل ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین راؤ فضل الرحمن، سیکرٹری پنجاب بار کونسل رفاقت علی سوہل، سابق وائس چیئرمین فرحان شہزاد، کامران بشیر مغل، امجد اقبال خان، عدیل ہاشمی، رانا عمیر اور دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چوہدری بابر وحید نے کہا کہ کسی کو بھی ملک میں نہ مانوں کی رٹ اور مذاکرات کے دروازے بند نہیں کرنے چاہئیں، سیاست میں تقسیم کو اس حد تک نہیں بڑھانا چاہیے جس سے واپسی کا راستہ ممکن نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ سیاست اور جمہوریت سے تو مسائل کا حل نکلتا ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں سیاست نے نئی صورت اختیار کر لی ہے جس کی وجہ سے عوام میں بھی شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب بار کونسل کی گیارہ منزلہ نئی اسٹیٹ آف دی آرٹ بلڈنگ کی تعمیر کے لئے بھرپور کاوشیں جاری ہیں، یہ منصوبہ حکومتی معاونت کے بغیر پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا، ہم پر امید ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اس منصوبے کے لئے اپنا ہر ممکن تعاون پیش کریں گی جس سے پنجاب بار کونسل کی شاندار عمارت تعمیر ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کی فلاح و بہبود کے لئے دیگر کئی منصوبے بھی زیر غور ہیں اور اس حوالے سے جلد آگاہی دی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 18

جمہوریت کی بالادستی اور آئینی حکومت بنانے کیلئے عملی جدوجہد کر رہے ہیں، آٹھ فروری کے نتائج کو مسترد کرتے ہیں، اسلام آباد میں احتجاج کے دوران پیدا ہونے والی صورتحال پر تشویش ہے، جمعیت علماء اسلام موجودہ حکومت کے خلاف ملک گیر تحریک کا اعلان کر چکی ہے اس سلسلہ میں مرحلہ وار قوم کو دعوت دیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع اویسیہ عارفوالا میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت جمہوریت قابل قبول نہیں پہلے 2018 میں بھی اسٹیبلشمنٹ نے ملک میں حکومت بنائی اور گزشتہ عام انتخابات میں بھی بددیانتی کی گئی ہے آئین میں رہ کر جدوجہد کر رہے ہیں۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام پنجاب کے جنرل سیکرٹری نصیر احمد احرار، ضلعی رہنماء مولانا طلحہ ایوب حیدری، مولانا محبوب الرحمن اور انجمن تاجران کے صدر محمد حسین حسینی اور دیگر مقامی عہدیداران بھی موجود تھے سابق وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود کا عارفوالا پہنچنے پر کارکنان نے شاندار استقبال کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 19

عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ اور پی آئی او مبشر حسن نے محمد صالح خان اور اہل خانہ سے ملاقات کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ والد کا انتقال بڑا سانحہ ہے، والد کے انتقال سے پیدا ہونے والا خلاء کبھی پر نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ نماز جنازہ میں وزارت اطلاعات کے سینئر افسران اور میڈیا پرسنز نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 20

ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کی جان کو خطرے کا پہلا ثبوت مفرور بھگوڑے قاسم سوری کا ٹوئٹ ہے، جس میں اس نے عمران خان کے ذہنی توازن کھو بیٹھنے یعنی ان کو پاگل قرار دینے کا بیانیہ بنانے کی شروعات کی۔ انہوں نے کہا کہ اب قوم سمجھ رہی ہے کہ یہ سب مل کر کیا کرنا چاہ رہے ہیں؟ لیکن ہمیں عمران خان کی زندگی عزیز ہے اور ہمیں بانی پی ٹی آئی کو ان لوگوں سے بچانا ہے۔ فیصل واوڈا نے لکھا کہ عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے قاسم سوری کے اس گھٹیا ٹوئٹ کی تردید کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کمشنر کے مطابق شدید برف باری کے باعث شاہراہ کاغان کو ناران جانے والے سیاحوں کے لیے بند کر دیا گیا ہے جبکہ ناران اور دیگر بالائی علاقوں میں ہوٹل بند کر دیے گئے ہیں، بجلی اور دیگر سہولتیں بھی دستیاب نہیں ہیں۔ ادھر وادی کوئٹہ اور گرد و نواح میں رات گئے بارش ہوئی جبکہ محکمہ موسمیات کی جانب سے شمالی بلوچستان، بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور خطہ پوٹھوہار میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ دوسری جانب لاہور کا فضائی معیار آج بھی مضر صحت ہے جبکہ فضائی آلودگی میں بھارت کا دارالحکومت نئی دہلی سر فہرست ہے جبکہ دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور دوسرے نمبر پر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

جاں بحق اور 8 زخمی ہو گئے جس کے بعد اب ضلع کرم میں فائرنگ کے واقعات میں مرنے والے افراد کی تعداد 130 ہو گئی ہے جبکہ 186 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ پشاور پاراچنار مرکزی شاہراہ سمیت آمد و رفت کے راستے بند ہیں۔ ضلع کرم کی مرکزی شاہراہ اور پاک افغان خرلاچی بارڈر پر بھی آمد و رفت بند ہے۔ شاہراہوں کی بندش سے تیل، اشیائے خورد و نوش اور ادویات کی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر جاوید اللہ محسود کے مطابق لوئر کرم کے مختلف مقامات پر پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے دستے تعینات ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ باقی علاقوں میں بھی آج فائر بندی کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر جاوید اللہ محسود کا کہنا ہے کہ لوئر کرم کے مختلف مقامات پر پولیس، فورسز کے دستے تعینات ہیں، باقی علاقوں میں بھی آج فائر بندی کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 23

مرمت کر دی گئی۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق سی ویو روڈ پر ریفائنری کی لائن میں صبح 6 بجے ہوئی تھی۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ تیل قریبی رہائشی پروجیکٹ میں بھی داخل ہو گیا تھا۔ صبح کی اطلاع پر آئل ریفائنری اور ڈی ایچ اے کا عملہ تیل کے رساؤ کے مقام پر پہنچا تھا۔ آئل ریفائنری کے ذرائع کا کہنا ہے کہ آئل بہنے کی اطلاع پر تیل کی پمپنگ رکوا دی گئی تھی۔ پاک ریفائنری کے ایم ڈی زاہد میر نے بتایا تھا کہ سی ویو سروس روڈ پر ریفائنری ٹیم کی مرمت کے لیے ٹیم روانہ کر دی گئی تھی۔ زاہد میر کا کہنا تھا کہ معاملے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

ہے کہ کرک کے نواحی گاؤں میں بارش کی وجہ سے کمرے کی چھت گرنے کا واقعہ پیش آیا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ چھت گرنے کی وجہ سے 3 افراد اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ ڈی پی او کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں باپ، بیٹا اور بیٹی شامل ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تھا۔ دوسری جانب ضلع خیبر میں بھی بوسیدہ کمرے کی چھت گرنے کا واقعہ پیش آیا تھا جس کے باعث ایک ہی خاندان کے 13 افراد ملبے تلے دب گئے تھے۔ ریسکیو آپریشن کے دوران 5 افراد کو مردہ حالت میں جب کہ 8 افراد کو زخمی حالت میں نکال لیا گیا تھا، زخمی افراد کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 25

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری اور موثر حکومتی پالیسیوں کے باعث غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ پاکستانی سفیر برائے امریکہ کی نیویارک کے سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کے ساتھ نتیجہ خیز ملاقات ہوئی ہے۔ نیویارک چیمبر آف کامرس کا سرمایہ کاری کے لیے پاکستان کے ٹیکسٹائل، لیدر، سرجیکل اور آئی ٹی کے شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ آئی ٹی اور زراعت کے ساتھ ساتھ کان کنی اور سیاحت کے شعبوں میں بھی وسیع سرمایہ کاری کے لیے پاکستان کی بے پناہ صلاحیتوں کی یقین دہانی کی گئی ہے۔ امریکہ اور پاکستان کے درمیان تجارتی اور سرمایہ کاری تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی سرمایہ کاری دوست پالیسیاں اور جغرافیائی اہمیت غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے انتہائی موزوں ہے۔ غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے مراعات اور مواقع، پاکستان عالمی سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش مرکز ہے۔ مبصرین کے مطابق ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے ذریعے معاشی استحکام کی کاوشیں خوش آئند ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

گردوں کو ہلاک اور 9 کو زخمی کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ضلع بنوں کے علاقے بکاخیل میں آپریشن کے دوران 5 خارجی ہلاک اور 9 زخمی ہو گئے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق دوسری کارروائی ضلع خیبر میں کی گئی، 3 خارجی ہلاک ہوئے، 2 دہشت گردوں کو گرفتار بھی کیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ آپریشنز کے دوران پاک فوج کے 2 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، ضلع خیبر میں آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں پنجاب کے دارالحکومت لاہور سے تعلق رکھنے والے 25 سالہ کیپٹن محمد ذوہیب الدین نے جام شہادت نوش کیا۔ ضلع بنوں کے علاقے بکاخیل میں کیے گئے آپریشن کے دوران پنجاب کے ضلع جھنگ کے رہائشی 29 سالہ سپاہی افتخار حسین بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 27

کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ بقیہ جات 28

خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان فارن آفس وویمن ایسوسی ایشن سالانہ چیریٹی بازار 2024 کا افتتاح کیا۔ چیریٹی بازار میں مختلف سفارتخانوں کی جانب سے سٹال اور اپنے اپنے ملکوں کی ثقافتی نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس موقع پر غیر ملکی سفارتکار اور ان کے اہل خانہ کی بڑی تعداد بھی چیریٹی بازار میں موجود تھی۔ وزارت خارجہ کے آفیسران کی بڑی تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔ اس بازار کا مقصد معاشرے میں مستحق اور کمزور طبقات کی معاونت اور فلاح کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹرز میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ اپیکس کمیٹی میں وزیر اعظم نے کہا تھا سی ٹی ڈی فعال نہیں ہے، وزیر اعظم کو غلط معلومات ملی ہیں سی ٹی ڈی مستحکم ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں سی ٹی ڈی کے 16 اسٹیشنز فعال ہیں، سی ٹی ڈی نے ہزاروں دہشت گرد کارروائیاں ناکام بنائیں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ہم نے ابھی پراسیکیوشن پر کام شروع کر دیا ہے، پراسیکیوشن بہتر کام کر رہی ہے ان کو سلام پیش کرتا ہوں، آئندہ ہفتے پراسیکیوشن میں اور لوگوں کو بھی لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی میں زیر حراست ملزمان کے لیے خصوصی سیل تیار کیے ہیں، زیر حراست ملزمان کی اصلاح بہت ضروری ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ سی ٹی ڈی کو کل مزید ایک ارب روپے جاری کیے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ اب ہمیں فرانزک کے لیے پنجاب سمیت کہیں جانے کی ضرورت نہیں، 20 بم پروف گاڑیوں کی خریداری کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی اہلکاروں کی کٹس کا مسئلہ ہے، 300 کٹس کے لیے کل فنڈز مہیا کریں گے، 16 اسٹیشنز کے لیے بھی فنڈز دے رہے ہیں، ہمارے پاس بہت لمبی سرحد ہے ملک کے قربانیاں دیتے رہے گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پولیس کوٹہ 5 فیصد سے بڑھا کر 12 سے زیادہ کر دیا، شہداء کے لواحقین کو پلاٹس دے رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ بلوچستان کی طرح باقی اسمبلیاں بھی شاید پی ٹی آئی پر پابندی کی قرارداد منظور کریں گی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی قیادت ورکرز کو چھوڑ کر میدان سے بھاگی، غریب کارکن پکڑے گئے، کون سا لیڈر گرفتار ہوا؟ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ وفاق بتائے ایک ہی راستے سے وزیر اعلیٰ علی امین تیسری دفعہ کیسے فرار ہوئے، یہ صرف اسلام آباد ہاتھ لگا کر واپس آ جاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 31

اسٹریم گیس پائپ لائن)، وسط ایشیائی ریاستوں کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان ریلوے رابطے، خام تیل اور ایل این جی کی تجارت، پی آر ایل اور پی پی ایل کے اپ گریڈ پروجیکٹ کے لیے تیل و گیس کی تلاش کے آف شور پروجیکٹ زیر غور آئیں گے۔ اس کے علاوہ دو طرفہ تجارت میں اضافے پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ دونوں ممالک کا آئی جی پی کمیشن 2008 میں قائم ہوا تھا۔ مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے لئے اب تک 8 اجلاس ہو چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

ظفر اور قاری صہیب میر محمدی بھی موجود تھے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا کہ مدارس علوم دینیہ اور اسلامی اقدار کے محافظ ہیں، دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ ملک احمد خان کے خاندان کی دین اور دینی اداروں سے محبت مثالی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

انٹیلیجنس انجیئرز بیرسٹر امجد ملک نے وزیر اعظم شہباز شریف سے لاہور میں ملاقات کی اور وزیر اعظم کو ملکی معیشت کیلئے دن رات محنت کرنے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے پر مبارکباد دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بیرسٹر امجد ملک کو وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی ہے اور کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے وفاقی اور پنجاب حکومت مل کر اقدامات کریں گے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز ان کے دل کے انتہائی قریب ہیں اور اوورسیز وزارت، اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن اور اوورسیز کمیشن میں پہلی فرصت میں تعیناتیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت کام کرنے پر اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ فتنہ گروہ کی پسپائی سے عوام کو ریلیف دینے کے معاملات میں مزید تیزی آئے گی۔ وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن بیرسٹر امجد ملک نے وزیر اعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ او پی ایف اور او پی سی پنجاب مل کر سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے مل کر کام کریں گے۔ بیرسٹر امجد ملک نے اقتصادی پہیہ گھمانے اور سٹاک ایکسچینج کو بلند سطح پر لے جانے پر حکومت کو مبارکباد دی۔ بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ اگر 9 مئی کے بلوائیوں کے وقت پر ٹرائل ہو جاتے تو اب والی صورتحال مختلف ہوتی۔ انہوں نے تارکین وطن کیلئے سپیڈی ٹرائل کورٹ کا قانون پاس کروانے اور پی آئی اے کی یورپ میں ڈائریکٹ فلائٹ کی پابندی کے خاتمے پر وزیر اعظم اور ان کی ٹیم کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں مل کر بیرون ملک سوشل میڈیا پراپیگنڈا فیکٹریوں کے عمل دخل اور فیک نیوز کو روکنا ہوگا تاکہ ہیجان، عوام میں سنسنی خیزی اور نفرت کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 36

لے تیسری پارٹی کے ماہرین کے تکنیکی مدد درکار ہے تاکہ ان کی تاریخی اور ثقافتی اہمیت کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ رکھا جا سکے۔ این سی اے کی انتظامیہ نے کالج کے شاندار ورثے کو اجاگر کرنے والی ایک دستاویزی فلم پیش کی، جس میں ادارے کے فنون لطیفہ میں نمایاں کردار کو اجاگر کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایک اور دستاویزی فلم میں میو اسکول آف آرٹس کے دور میں سکھ طلبہ کی اہم شراکتوں کو دکھایا گیا۔ ان دستاویزی فلموں کے ذریعے صوبائی وزیر کو این سی اے کے ثقافتی تنوع کے تحفظ میں کردار کی گہرائی سے آگاہ کیا گیا۔ این سی اے کی انتظامیہ نے صوبائی وزیر کو آئندہ منصوبے کے بارے میں بھی آگاہ کیا، جس میں این سی اے کے پہلے سکھ وائس چانسلر پر دستاویزی فلم بنائی جائے گی، جو کالج کی تاریخ میں ایک اہم شخصیت ہیں۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ اس طرح کے سنگ میل دستاویزی شکل میں محفوظ کرنا ضروری ہے تاکہ ادارے کے شمولیت اور ثقافتی ہم آہنگی کے عزم کو اجاگر کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے بین المذاہب ہم آہنگی اور ثقافتی یکجہتی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے منصوبے امن اور مختلف کمیونٹیز کے درمیان افہام و تفہیم کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آج کا اجلاس صوبائی حکومت، این سی اے اور مختلف مذہبی کمیونٹیز کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی جانب ایک قدم ثابت ہوگا، جو ثقافتی ورثے کے تحفظ اور بین المذاہب مکالمے کے فروغ پر مرکوز ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

اپنی بادشاہت قائم کرنے کا خواب دیکھنا چھوڑ دے یہ ان کیلئے بہتر نہیں ہے، حکمران ہر شعبہ میں بری طرح ناکام ہو چکے اپنا اقتدار بچانے کیلئے جمہوریت کا گلا گھونٹ رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں اپنی بادشاہت قائم کرنے کی خواہش رکھنے والے جنرل پرویز مشرف کے عبرتناک انجام سے سبق حاصل کریں اور اللہ کے عذاب سے ڈریں کیونکہ اس کی پکڑ بہت سخت ہے۔ حکمران اگر اپنا اقتدار بچانا چاہتے ہیں تو انہیں سیاسی جماعتوں پر پابندی لگانے کی بجائے ملک میں مہنگائی اور بیروزگاری کے خاتمے کو اپنی ترجیح بنانا چاہیے۔ اگر کسی سیاسی جماعت پر پابندی لگائی گئی تو اس سے مزید انارکی پھیلنے کا خدشہ ہے، جس کے ذمہ دار حکمران ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 38

گا، اور کابینہ کی منظوری کے بعد گرانٹ تقسیم کی جائے گی۔ اس سے قبل پنجاب حکومت نے ایسٹر پر 10 ہزار خاندانوں میں پانچ پانچ ہزار روپے اور دیوالی پر 1400 ہندو خاندانوں میں 15 ہزار روپے فی خاندان تقسیم کیے تھے۔ دیوالی پر 2 کروڑ 10 لاکھ روپے مستحق خاندانوں میں تقسیم کیے گئے تھے، جو کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پہلی بار کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

ہوئے کیا، تقریب سے علامہ ڈاکٹر طارق محمود چشتی محمد شیراز نقشبندی، مولانا محمد رفاقت رضوی، غلام عباس نقشبندی، حافظ عثمان قادری، باؤ محمد نواز قادری، حاجی طالب، محمد فیصل، حافظ محمد شفیق نقشبندی اور علامہ حافظ مفتی اعجاز احمد رضوی سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مفتی محمد رمضان قادری نے کہا کہ ذکر مصطفیٰ ﷺ قیامت تک جاری رہے گا ہمیں ہر حال میں رحمت والے نبی ﷺ کی ذات پر درود و سلامت کے نذرانے پیش کرتے رہنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 40

دونوں ممالک میں باہمی تجارت کو بڑھانے کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، ازبکستان اور پاکستان میں تجارت سمیت ہر شعبے میں پارٹنرشپ کو فروغ دینے کیلئے پل کا کردار ادا کروں گا، تجارتی وفود کے دوروں کیلئے ویزا پراسس میں آسانی فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر ٹریڈ قونصلر بزم یوسوپوف اور دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک، چیئرمین میاں عتیق الرحمان، وائس چیئرمین ریاض احمد، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان، سعید خان، قمر ضیاء، شیخ عامر خالد، سعد الرحمان، فیصل سعید خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ازبکستان کے سفیر علی شیر توختائیوف نے تاشقند سے لاہور کے لئے براہ راست پرواز کو پاک ازبک تعلقات میں ایک تاریخی پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے دونوں ممالک کے تجارتی اور ثقافتی روابط کو مزید فروغ ملے گا۔ ازبکستان کی 40 ملین کی آبادی ہے جبکہ ہماری جی ڈی پی کی 6 سے 7 فیصد سالانہ گروتھ ہے۔ پاکستان کی وزارت تجارت سے بہت سے معاملات پر بات چیت جاری ہے، دونوں ممالک کے درمیان بہت سے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں اور جلد ہی دو طرفہ تجارت نئی بلندیوں کو چھوئے گی۔ انہوں نے توانائی، لاجسٹکس، زراعت اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ازبکستان کے سپیشل اکنامک زونز میں گیس اور بجلی کے نرخ انتہائی سستے ہیں، تاشقند سے لاہور کے درمیان براہ راست فضائی سروس تجارتی پارٹنرشپ کو بڑھانے میں کردار ادا کرے گی۔ پی سی ایم ای اے کے چیئرمین میاں عتیق الرحمان اور وائس چیئرمین ریاض احمد نے ازبکستان کے سفیر اور ہمراہ آنے والے وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے ہاتھ سے بنے قالینوں کو متعارف کرانے کے لئے ازبکستان میں سنگل کنٹری نمائشوں کا انعقاد اور اس کے لئے بھرپور معاونت فراہم کی جائے، ان نمائشوں کے لئے جانے والے قالینوں کو مقامی مارکیٹ میں بھی فروخت کرنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ پاکستان سے ہاتھ سے بنے قالین منگوانے پر درآمدی ٹیرف کو کم کیا جائے تاکہ اس شعبے میں تجارت کی راہ کو ہموار کیا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 42

سید عرفان حیدر اور سیکرٹری اطلاعات عمران خان کی جانب سے چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال کو لکھے گئے خط میں چار نکات کے حوالے سے استفسار کیا گیا ہے۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ جو ریٹیلرز کے علیحدہ زونز بنائے گئے تھے ان کی کارکردگی کیا ہے، ایف بی آر ود ہولڈنگ نظام کے ذریعے کتنے لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا ہے اور آئندہ نئے لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے کیا حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے، ایف بی آر کی جانب سے فیک اینڈ فلائنگ انوائسز کے حوالے سے مہم چلائی گئی اور ایف آئی آر کا اندراج کیا گیا ہے، ان ایف آئی آرز کے تحت کتنے لوگوں کے خلاف ایکشن لیا گیا اور ان سے کتنا ریونیو اکٹھا کیا گیا، ایف بی آر فیک اینڈ فلائنگ انوائسز کے خاتمے کے لیے کیا اقدامات اٹھا رہا ہے، ٹیکس نظام کے مسائل کے حل اور بہتری کے لیے کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اس حوالے سے بھی آگاہ کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 43

نے آرڈیننس کے مسودے کی اصولی منظوری بھی دیدی ہے، مجوزہ پلان کے تحت کسٹمز کو الگ کیا جائے گا، اس کے علاوہ ان لینڈ ریونیو کو موثر و بہتر بنانے کیلئے بھی متعدد اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ڈیجیٹل انوائسنگ، دستاویزی قوانین اور ٹیکس دائرہ کار کو وسیع کرنے کیلئے عملی اقدامات شروع کیے جا چکے ہیں۔ منصوبے میں کسٹمز اور سامیٹ بورڈ اور ان لینڈ ریونیو اور سامیٹ بورڈ کے قیام کی تجویز شامل ہے، ان بورڈز میں ایف بی آر کے افسران، سیکرٹری ریونیو ڈویژن، سیکرٹری فنانس ڈویژن، سیکرٹری کامرس ڈویژن، اور نجی شعبے کے اراکین شامل ہوں گے۔ حکام کا مزید کہنا ہے کہ آپریشنل امور مکمل طور پر ایف بی آر کے کنٹرول میں رہیں گے اور نجی اراکین ان میں مداخلت نہیں کریں گے۔ ان لینڈ ریونیو اور کسٹمز کے آپریشنل سربراہان سرکاری خدمات سے منتخب کیے جائیں گے اور سامیٹ بورڈز کے ذریعے ان لینڈ ریونیو اور کسٹمز کے ڈائریکٹر جنرلز کی کارکردگی جانچنے کے لیے کلیدی اشاریے متعین کیے جائیں گے، یہ بورڈز محصولات کی وصولی اور اہداف کے حصول کا جائزہ بھی لیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 44

کوالٹی انڈیکس کی شرح 318 رہی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق باغوں کے شہر لاہور کا کم سے کم درجہ حرارت 12 جبکہ زیادہ سے زیادہ 23 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے، شہر میں ہوا کی رفتار 2 کلو میٹر فی گھنٹہ جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 89 فیصد تک جا پہنچا۔ موسم کا احوال بتانے والوں کا کہنا ہے کہ لاہور میں فی الحال بارش کا کوئی امکان نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

اور مغربی بحر الکاہل میں متعلقہ فضائی حدود میں مشترکہ اسٹریٹجک فضائی گشت کیا جس کا مقصد دونوں ممالک کی فضائی افواج کی مشترکہ تربیت اور آپریشنل صلاحیتوں کو موثر طریقے سے جانچنا اور بہتر بنانا ہے۔ چین اور روس کا مشترکہ اسٹریٹجک فضائی گشت سالانہ تعاون کے منصوبے کا حصہ ہے جس کا تعلق نہ تو کسی تیسرے فریق کو نشانہ بنانا اور نہ ہی موجودہ بین الاقوامی اور علاقائی صورتحال سے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

سپریم کورٹ کا آئینی بینچ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان، محمد قیوم خان اور چوہدری اشتیاق احمد خان کی درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس نعیم اختر افغان پر مشتمل بینچ رجسٹرار کی جانب سے اٹھائے گئے اعتراضات کے خلاف دونوں اپیلوں کی سماعت کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 47

میں کہا کہ چین کے تائیوان خطے کو امریکی اسلحے کی فروخت ایک چین اصول اور 3 چین۔ امریکہ مشترکہ اعلامیوں خاص کر 17 اگست 1982 کے اعلامیہ اور چین کی خود مختاری و سلامتی کے مفادات کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ترجمان نے اتوار کے روز کہا کہ یہ فروخت عالمی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ یہ ※ تائیوان کی آزادی ※ کی علیحدگی پسند قوتوں کو شہ دیتی اور آبنائے تائیوان میں چین۔ امریکہ تعلقات اور امن و استحکام کے لیے نقصان دہ ہے۔ تائیوان کو اسلحے کی فروخت کا فیصلہ امریکی رہنماؤں کے ※ تائیوان کی آزادی ※ کی حمایت نہ کرنے کے عزم کی نفی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ چین اس کی مذمت کرتے ہوئے سختی سے مخالفت کرتا ہے اور اس نے امریکہ سے شدید احتجاج کیا ہے۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ امریکہ فوری طور پر تائیوان کو اسلحہ فراہم کرنا بند کرے اور تائیوان کی آزادی کی حامی علیحدگی پسند قوتوں کی حوصلہ افزائی اور حمایت ترک کرے۔ بصورت دیگر چین قومی خود مختاری، سلامتی و علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے مضبوط اور ٹھوس جوابی اقدامات کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 48

فرینڈشپ سوسائٹی (این زیڈ سی ایف ایس) کی آکلینڈ شاخ کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا۔ اس میں معروف رہنماؤں کے خطابات اور دو طرفہ اقتصادی اور عوامی سطح پر تبادلوں کے بارے میں پینل سیشنز شامل تھے جس میں باہمی مفاہمت اور تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ این زیڈ سی ایف ایس کی آکلینڈ شاخ کے صدر مائیک ڈاؤسن نے سوسائٹی کے بنیادی مقصد پر زور دیا تاکہ دونوں ممالک کے درمیان دوروں کی حوصلہ افزائی اور خیالات، معلومات، ثقافت اور تجارت کے تبادلوں کی سہولت کی فراہمی کے ذریعے چین اور نیوزی لینڈ کے عوام کے درمیان دوستی، مفاہمت اور خیرسگالی کو فروغ دیا جا سکے۔ آکلینڈ میں چینی قونصل جنرل چین شی چیے خاص طور پر گزشتہ دہائی میں حاصل ہونے والی تاریخی ترقی اور بے مثال تعاون کو اجاگر کیا۔ چین نے کہا کہ ایک نئے تاریخی آغاز کے مقام پر کھڑے ہو کر چین اور نیوزی لینڈ کو مستقبل کے تعاون کے لیے بے مثال مواقع اور لا محدود امکانات کا سامنا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جب دونوں فریق مجموعی صورتحال کو سمجھیں گے اور طویل مدتی نقطہ نظر اختیار کرتے ہوئے باہمی اعتماد کو فروغ دیں گے اور تعاون پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے رکاوٹوں سے بچیں گے تو چین۔ نیوزی لینڈ دوستانہ تعاون نئے ثمرات لائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 49

والی یخ بستہ ہواؤں کے سبب صبح و رات کے درجہ حرارت میں 2 سے 3 ڈگری کی متوقع ہے۔ واضح رہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شمالی بلوچستان، بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور خطہ پوٹھوہار میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور پہاڑوں پر برف باری کا امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

اعظم کیریاکوس مٹسوٹاکس سے ملاقات کی اور یونان کی پارلیمنٹ کے صدر کون قسطنطائن تاسولاس سے بات چیت کی۔ سکیلاروپولو سے ملاقات کے دوران ژاؤ نے انہیں چینی صدر شی جن پھنگ کی جانب سے خیرسگالی کا پیغام اور نیک خواہشات پہنچائیں اور کہا کہ نصف صدی سے زائد عرصہ قبل سفارتی تعلقات کے قیام کے بعد سے دونوں ممالک کے تعلقات مسلسل اور مستحکم انداز سے ترقی کر رہے ہیں۔ ژاؤ نے یہ بھی کہا کہ شی جن پھنگ اور سکیلاروپولو نے مشترکہ طور پر عالمی کلاسیکی کانفرنس کے آغاز پر مبارکباد کے پیغامات بھیجے جس میں تہذیبوں کے ورثے، ترقی، تبادلے اور ایک دوسرے کی تہذیبوں سے سیکھنے کی وکالت کی گئی ہے اور یہ دونوں قدیم تہذیبوں کے احساس ذمہ داری کی عکاسی کرتے ہیں۔ سکیلاروپولو نے ژاؤ سے درخواست کی کہ وہ ان کی دل کی گہرائیوں سے نیک تمنائیں چین کے صدر شی جن پھنگ تک پہنچائیں۔ یونان کی صدر نے کہا کہ دونوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے کے اہم معاملات کا احترام اور حمایت اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کی پیروی کی ہے جس نے دو طرفہ تعلقات کی ترقی اور باہمی مفید تعاون کو گہرا کرنے کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

تقریباً 400 شرکاء نے اجلاس میں تعاون و ترقی کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ کانفرنس کی میزبانی شنہوا نیوز ایجنسی اور مقامی حکام نے مشترکہ طور پر کی تھی۔ شرکاء نے بات چیت سے سمندری شاہراہ ریشم کے شہروں میں نئی توانائی پیدا کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ مقامی عہدیداروں کا کہنا تھا کہ ژے جیانگ اعلیٰ معیار کے بیلٹ اینڈ روڈ تعاون کو مزید فروغ دے گا اور شہروں کے درمیان تبادلے و تعاون کے فروغ میں سمندری شاہراہ ریشم میں پیشرفت کرے گا۔ شنہوا کے نائب صدر لیو جیان نے کانفرنس میں کہا کہ شنہوا بیلٹ اینڈ روڈ اسٹریٹیجک نیٹ ورک کا بانی ہے۔ وہ اعلیٰ معیار کے تھنک ٹینک کی تحقیق، وسائل کے اشتراک اور عالمی تبادلے کے ذریعے سمندری شاہراہ ریشم کے شہروں کے روشن مستقبل کے لئے تمام فریقین کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

علاقہ معتبرین معززین نے شرکت کی پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال عمرانی جب جلسہ گاہ پہنچے تو ان کا شاندار استقبال کیا گیا ان کے ہمراہ سردارزادہ میر علی نواز خان عمرانی، میر فرید خان عمرانی سمیت دیگر شامل تھے پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال عمرانی شان ثاقب ابڑو نیاز علی عمرانی ارشاد احمد عمرانی عبداللہ قریشی شاہ اللہ گولہ منصور خان عمرانی ارشاد خان جمالی نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی غریب مظلوم محکوم عوام کی نمائندہ پارٹی ہے میر صادق عمرانی 55 سالوں سے شہید ذوالفقار علی بھٹو کے نظریے پر قائم ہیں آج ہم پیپلز پارٹی کی 57 واں یوم تاسیس منا رہے ہیں اور کہا کہ صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام شروع کرائے ہیں جس سے مخالفین بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں سابقہ دور میں پٹ فیڈر کینال کا زرعی پانی سیاسی پنڈاروں پر دیا جا رہا تھا جس سے غریب کسانوں چھوٹے زمینداروں کا پانی بند کر کے اونے پونے زمینیں خریدی گئیں لیکن میر صادق عمرانی کسانوں زمینداروں کو زرعی پانی دے کر کسانوں زمینداروں کو خود زمین آباد کرنے کا حق دیا ہے اور نصیر آباد میں میڈیکل کالج ٹرانسپلانٹ سینٹر کمپلیکس طرز کی ہسپتالوں کا سنگ بنیاد رکھنے کے لیے بلاول زرداری بھٹو جلد نصیر آباد تشریف لائیں گے۔ انشاء اللہ پانچ سالوں میں پیپلز پارٹی ترقیاتی منصوبوں کے جال بچھا کر مخالفین کو علاقے سے بھاگنے پر مجبور کریں گے اور بیروزگاروں کو میرٹ پر نوکریاں فراہم کریں گے اور کہا کہ پیپلز پارٹی نے خوشحال نصیر آباد کی بنیاد رکھ دی ہے جبکہ جیالوں کا لہو گرمانے کیلئے محفل موسیقی کا بھی انعقاد کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

تزویراتی رہنمائی میں چین۔ ہنگری تعلقات ایک نئے دور کے لیے سدا بہار جامع تزویراتی شراکت داری میں تبدیل ہوئے ہیں۔ دونوں فریقین کے درمیان سیاسی اعتماد گہرا ہونے پر تبصرہ کرتے ہوئے اوربان نے کہا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان دوستی ہمیں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے لیے ایک مضبوط ستون فراہم کرتی ہے۔ شنہوا کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں اوربان نے کہا کہ میں چین کے ساتھ تعاون کے لیے کئی شعبوں اور امکانات کو دیکھتا ہوں۔ انہوں نے بوداپسٹ۔ بلغراد ریلوے کا دونوں ممالک کے درمیان عملی تعاون کی ایک مثال کے طور پر ذکر کیا۔ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) اور چین اور وسطی و مشرقی یورپی ممالک کے درمیان تعاون کے تحت ایک اہم منصوبے کے طور پر بوداپسٹ۔ بلغراد ریلوے 2025 تک مکمل طور پر فعال ہونے کی توقع ہے۔ اس وقت تک یہ ریلوے مشرقی اور وسطی یورپ کو جوڑنے کے لیے ایک اہم مرکز کے طور پر کام کرے گی جس سے ہنگری، سربیا اور ارد گرد کے علاقوں میں لاجسٹکس اور مسافروں کی نقل و حرکت کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 54

ہوا دونوں گزرگاہوں کے ساتھ 45 بڑے اور درمیانے درجے کے شہروں کو پانی کی فراہمی کو یقینی بنائی گئی۔ ملک کے جنوب تا شمال پانی کی منتقلی منصوبے کو رواں سال 10 برس مکمل ہوئے ہیں۔ حتمی طور پر اس کی مرکزی، مشرقی اور مغربی 3 گزرگاہیں ہوں گی۔ اس میں مرکزی گزرگاہ سب سے اہم ہے جو چین کے وسطی صوبے ہوبے میں ڈان جیانگ کو ذخیرہ گاہ سے شروع ہوتی ہے اور ہینان اور ہیبے سے گزرتی ہوئی بیجنگ اور تھیان جن پہنچتی ہے۔ مشرقی گزرگاہ مشرقی صوبے جیانگسو سے تھیان جن اور شان ڈونگ کے علاقوں میں پانی منتقل کرتی ہے۔ چائنہ ساؤتھ ٹو نارتھ واٹر ڈائیورژن کارپوریشن لمیٹڈ کے چیئرمین وانگ ان نان نے فورم کو بتایا کہ وسطی گزرگاہ کا فالو اپ منصوبہ ہموار انداز میں آگے بڑھ رہا ہے جبکہ مشرقی گزرگاہ کے لیے فالو اپ منصوبے اور مغربی گزرگاہ پر ابتدائی کام بھی جاری ہے۔ چین کے آبی تحفظ کے منصوبوں میں سرمایہ کاری رواں سال کے ابتدائی 10 ماہ کے دوران 9.10 کھرب یوآن (66.151 ارب امریکی ڈالر) کے لگ بھگ رہی جو گزشتہ برس سے 7.11 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

دونوں فریقوں پر زور دیا کہ وہ باہمی احترام اور حمایت کی عمدہ روایات کو آگے بڑھائیں، باہمی تزویراتی اعتماد کو گہرا کریں، باہمی مفید تعاون کو بڑھائیں اور چین۔ کرغزستان جامع تزویراتی شراکت داری کو ایک نئے دور میں نئی سطح تک لے کر جائیں۔ چھنگ دو میں 5 ویں چین۔ وسطی ایشیا وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کرنے والے کولوبائیف نے کہا کہ کرغزستان چین کے ساتھ اعلیٰ سطح تبادلوں کے اگلے مرحلے کی تیاری کا منتظر ہے اور اعلیٰ سطح تزویراتی مذاکرات کے طریقہ کار کے قیام اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

شرکاء کے 15 سوالات کے جوابات دیئے جن کی عمریں 8 سے 22 سال کے درمیان تھیں۔ خلا بازوں سے بات چیت پر مبنی تقریب کے دوران سوالات میں خلائی جہاز اور خلائی سوٹ میں آرام سے لیکر کھانے، آلات کے استعمال اور خلائی اسٹیشن پر روزمرہ کی سرگرمیوں تک جیسے موضوعات شامل تھے۔ یہ تقریب کئی سنگ میلوں کی علامت تھی جن میں چین اور بلغاریہ کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ، بلغاریہ اکیڈمی آف سائنسز (بی اے ایس) کی 155 ویں سالگرہ اور بلغاریہ کے پہلے خلا باز جارجی ایوانوف کے مشن کی 45 ویں سالگرہ شامل ہیں۔ اس میں خلائی سائنس کے لیکچرز، سوالات اور تیان گونگ خلائی اسٹیشن کے ماڈل کی نمائش بھی شامل تھی۔

بقیہ بقیہ جات 57

سمندری حقوق اور مفادات کا مضبوطی سے حفاظت کا عہد بھی کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کامیابیاں اور کوانٹم انوویشن کیوٹیکیشن کنسورشیم کی اہم مشترکہ کامیابیاں یکے بعد دیگرے جاری کی گئی ہیں، جن میں کوانٹم اینٹنگلمنٹ کمپیوٹر ویلیشن کوانٹم نیٹ ورک، "تھیان یو آن" کوانٹم سولیٹر، اور کلاز، کلاؤڈ، نیٹ ورکس اور پلیٹ فارمز میں کوانٹم مواصلات کا انضمام اور جدت شامل ہیں۔ بہت سے نتائج اول درجے کے عالمی معیار تک پہنچ چکے ہیں۔ کوانٹم سائنس اور تکنیکی کامیابیوں کی تبدیلی کو تیز کرنے کے لئے، چین کی ریاستی کونسل کے قومی ملکیتی اثاثوں کی نگرانی و انتظام کے کمیشن نے اس سال اپریل میں چائنا ٹیلی کام سمیت 13 کاروباری اداروں کی جانب سے کوانٹم کیوٹیکیشن انوویشن کنسورشیم قائم کرنے کو فروغ دیا۔ حالیہ برسوں میں، چین کی کوانٹم سائنس اور ٹیکنالوجی میں مسلسل جدت طراز پیش رفت سامنے آئی ہے، جو کوانٹم صنعت کی تیز رفتار ترقی کو آگے بڑھا رہی ہے۔ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق 2023 میں عالمی کوانٹم انفارمیشن سرمایہ کاری کا حجم 38.6 ارب امریکی ڈالر تک جا پہنچا جبکہ چین کی مجموعی سرمایہ کاری 15 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ اس وقت چین نے 10 ہزار کلو میٹر سے زائد کوانٹم کیوٹیکیشن کا مرکزی نیٹ ورک تعمیر کیا ہے جس میں ملک بھر کے کئی صوبوں، بلدیات اور خود اختیار علاقوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

مخالفت کرتا ہے، تائیوان انتظامیہ کے رہنما کے کسی بھی نام پر اور کسی بھی بہانے سے امریکہ کا دورہ کرنے کی سختی سے مخالفت کرتا ہے، اور امریکہ کی جانب سے تائیوان کے علیحدگی پسندوں اور ان کی علیحدگی پسند کارروائیوں کے لئے کسی بھی قسم کی ملی بھگت اور حمایت کی سختی سے مخالفت کرتا ہے۔ چین لائی چھینگ ڈہ کی "ٹرانزٹ" کیلئے امریکی انتظام کی شدید مذمت کرتا ہے اور صورتحال پر گہری نظر رکھتے ہوئے قومی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لئے ٹھوس اور مضبوط اقدامات اٹھائے گا۔ اسی دن چین کی ریاستی کونسل کے دفتر امور تائیوان نے کہا کہ علیحدگی کی تکمیل کے لئے لائی چھینگ ڈہ انتظامیہ کی جانب سے کوئی بھی سازش، بین الاقوامی برادری میں ایک چین کے اصول پر عمل پیرا ہونے کی بنیادی صورتحال کو تبدیل نہیں کر سکتی اور چین کی مکمل وحدت کے عمومی تاریخی رجحان کو روک نہیں سکتی۔ ہم امریکہ پر زور دیتے ہیں کہ وہ ایک چین کے اصول اور تین چین امریکہ مشترکہ اعلامیوں کی شقوں کی پاسداری کرتے ہوئے لائی چھینگ ڈہ اور ڈی پی پی انتظامیہ کی تائیوان کی علیحدگی کی نوعیت اور نقصان کو صحیح معنوں میں سمجھے اور تائیوان کے مسئلے پر انتہائی احتیاط سے کام لے۔

بقیہ بقیہ جات 60

پروفیسر حبیب اللہ جاموٹ، رئیس حاجی نوروز خان ابڑی، بشکل خان سومرو، محمد آصف بدوزئی کا خطاب تفصیلات کے مطابق دنیا بھر کی طرح ڈھاڈر میں بھی سندھی کلچر آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام سندھی کلچر ڈے کی مناسبت سے ریلی کا انعقاد ڈھاڈر اڈہ سے ہوتا ہوا شاہی چوک رند علی پہنچا تو اس موقع پر ریلی میں شامل نوجوانوں نے ڈھول کی تھاپ پر ثقافتی رقص کر کے کلچر میں رنگ ڈال دیا بعد ازاں ڈھاڈر پریس کلب پہنچ کر ریلی کے شرکاء سے پروفیسر حبیب اللہ جاموٹ، حاجی رئیس نوروز خان ابڑی، بشکل خان سومرو، محمد آصف بدوزئی، ساجد علی چنہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج دنیا بھر میں سندھی ٹوپی اجرک ڈے شایان شان اور قومی جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

کے مختلف علاقوں میں بھی انٹرنیٹ سروس کی سست روی کے باعث صارفین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ براؤزنگ اور ڈاؤن لوڈنگ میں مسائل کا سامنا ہے، انٹرنیٹ سست ہونے سے آن لائن کاروبار کرنے والے بھی پریشان ہیں۔ پشاور میں صارفین کا کہنا ہے کہ وائس نوٹ، تصاویر، ویڈیو اپلوڈنگ اور ڈاؤن لوڈنگ میں مشکلات ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 62

میں نیا پاکستان منزلیں آسان میں 30 ارب روپے کی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ نیا پاکستان منزلیں آسان منصوبہ کی فزیبلٹی رپورٹ کے بغیر اور قانونی تقاضے پورے کیے بغیر شروع کیا گیا، منصوبے میں 30 ارب روپے کی مالی بے انتظامی کی نشاندہی ہوئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ نیا پاکستان منزلیں آسان منصوبے کا پی سی 2 بھی تیار نہیں کیا گیا تھا، منصوبے میں پلاننگ کمیشن کی ہدایات نظر انداز کی گئیں۔ نیا پاکستان منزلیں آسان منصوبہ کا ریکارڈ بھی فراہم نہیں کیا گیا۔ سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کو مالی بے ضابطگی سے متعلق کوئی جواب نہیں دیا۔

بعدالت جناب حافظ خالد محمود
صاحب سول جج درجہ اول بھیرہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

عنوان: رانی مدثر وغیرہ بنام عوام الناس

بنام عوام الناس، رانی مدثر بیوہ، آصف مدثر نابالغ 3۔ نور فاطمہ نابالغ دختران 4۔ محمد سفیان، آصف پسر مدثر حسن اقوام قریشی سکنائے گلو والا تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا ترکہ متوفی مدثر حسن بابت پنشن بمعہ ٹھکانہ واجبات محکمہ تعلیم سرگودھا۔

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل، سائل نے درخواست برائے سرٹیفکیٹ جانشینی عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس میں بتقرر 6-12-24 پیشی مقرر ہوئی۔ لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

لاہور، ازبکستان کے سفیر کو پی سی ایم ای اے کے دورہ کے موقع پر چیئرمین میاں عتیق الرحمن قالین کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

مستحق مسیحی خاندانوں کیلئے کرسمس گرانٹ 5 سے بڑھا کر 15 کروڑ کرنے کا فیصلہ

10 ہزار مستحق مسیحی خاندان فائدہ اٹھا سکیں گے، ہر خاندان کو 15 ہزار روپے تقسیم کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے کرسمس کے موقع پر مستحق مسیحی خاندانوں کیلئے کرسمس 5 کروڑ سے بڑھا کر 15 کروڑ روپے کی گرانٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے جس سے 10 ہزار مستحق مسیحی خاندان فائدہ اٹھا سکیں گے۔ گرانٹ کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت دے دی گئی ہے جس کے تحت ہر خاندان کو 15 ہزار روپے تقسیم کیے جائیں گے۔ متعلقہ اضلاع کی انتظامیہ کی تصدیق کے بعد ڈیٹا پنجاب کابینہ کو ارسال کیا جائے گا، اور کابینہ کی منظوری کے بعد گرانٹ تقسیم کی جائے گی۔ اس سے قبل پنجاب حکومت نے ایسٹر پر 10 ہزار خاندانوں میں پانچ پانچ ہزار روپے اور دیوالی پر 1400 ہندو خاندانوں میں 15 ہزار روپے فی خاندان تقسیم کیے تھے۔ دیوالی پر 2 کروڑ 10 لاکھ روپے مستحق خاندانوں میں تقسیم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

لاہور، چائنہ اسکیم کے علاقے میں دکانداروں نے تجاوزات قائم کر رکھی ہیں

سمندری شاہراہ ریشم کے شہروں میں تعاون کے فروغ پر کانفرنس کا انعقاد

تقریباً 400 شرکاء نے اجلاس میں تعاون و ترقی کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا

ہانگ ژو (شنہوا) سمندری شاہراہ ریشم شہروں کے اثر و رسوخ پر میرز تبادلہ کانفرنس چین کے صوبے ژے جیانگ کے ساحلی شہر وین ژو میں منعقد ہوئی۔ اس کا مقصد سمندری شاہراہ ریشم کے ساتھ شہروں کے درمیان باہمی مفید تعاون اور اختراع کو آسان بنانا تھا۔ ملکی اور غیر ملکی سرکاری عہدیداروں اور عالمی تنظیموں کے نمائندوں سمیت تقریباً 400 شرکاء نے اجلاس میں تعاون و ترقی کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ کانفرنس کی میزبانی شنہوا نیوز ایجنسی اور مقامی حکام نے مشترکہ طور پر کی تھی۔ شرکاء نے بات چیت سے سمندری شاہراہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ادارے فعال کردار ادا کریں، سنی علماء کونسل

ملک پر قربان ہونے والے پاک فوج کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ادارے فعال کردار ادا کریں۔ بلوچستان، خیبر پختونخواہ اور پارہ چنار کے دلخراش واقعات نے ہر محب وطن کے دل کو زخمی کیا۔ ملک پر قربان ہونے والے پاک فوج کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں ہونے والی دہشتگردی میں ملک اور قوم کا جو نقصان ہوا اس پر دل رنجیدہ ہے۔

ملک کسی بھی انتشاری سیاست کا متحمل نہیں ہے، محمد سلیم رضا

پنجاب میں ترقی کی رفتار دیکھ کر دیگر صوبوں کو حسد کرنے کی بجائے مریم نواز کی پالیسیوں کو اپنانا چاہیے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ ملک کسی بھی انتشاری سیاست کا متحمل نہیں ہے۔ پنجاب کی تقدیر بدل چکی ہے، جس کے باعث دیگر صوبائی حکومتوں کے ہاتھ پاں پھولے ہوئے ہیں۔ پنجاب میں ترقی کی رفتار دیکھ کر دیگر صوبوں کو حسد کرنے کی بجائے مریم نواز کی پالیسیوں کو اپنانا چاہیے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف ملک کو اپنے پاں پر کھڑا کرنے کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو پاکستان لا رہے ہیں۔ بدقسمتی سے ایک سیاسی جماعت کے احتجاجوں کے باعث غیر ملکی سرمایہ کار بغیر سرمایہ کاری کیے واپس چلے جاتے ہیں ہ

معیشت اور کاروبار کی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ معیشت اور کاروبار کی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، سیاسی افراتفری اور انتشار کی فضاء سے ملکی اور غیر سرمایہ کاری متاثر ہو رہی ہے، حکومت، اپوزیشن سے اپیل ہے میثاق معیشت کے لئے پیشرفت کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کی بقاء کیلئے اتحاد اور معیشت کا مضبوط ہونا بے حد ضروری ہے جس کیلئے سب کو اپنے سیاسی اور ذاتی اختلافات کو پس پشت ڈالنا ہوگا۔ سیاسی جماعتیں ایک دوسرے پر تنقید ضرور کریں لیکن مایوسی نہ پھیلائی جائے اس سے نہ صرف غیر ملکی بلکہ ملکی سرمایہ کاری بھی متاثر ہو رہی ہے۔

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ میں ایس آئی ایف سی کا کلیدی کردار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کا کلیدی کردار ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری اور موثر حکومتی پالیسیوں کے باعث غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ پاکستانی سفیر برائے امریکا کی نیویارک کے سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کے ساتھ نتیجہ خیز ملاقات ہوئی جس میں نیویارک چیمبر آف کامرس نے سرمایہ کاری کیلئے پاکستان کے ٹیکسٹائل، لیدر، سرجیکل اور آئی ٹی کے شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

صدر انڈر گراؤنڈ کیبلنگ پروجیکٹ اہلیان راولپنڈی کے مکینوں کیلئے نئے دور کا آغاز

ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس میجر جنرل عرفان احمد ملک کی خصوصی کاوشوں سے فیزون کی تکمیل

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کنٹونمنٹ کی حدود میں صدر کے بازاروں میں انڈر گراؤنڈ کیبلنگ پروجیکٹ سے تمام بجلی کے پول کو ختم کر دیے گئے ہیں اور بجلی کی تاروں کو انڈر گراؤنڈ کر دیا گیا اور شہریوں کے دیرینہ مسائل کے پیش نظر پیدل چلنے اور پارکنگ جیسے بڑے مسائل پر قابو پا لیا گیا، یہ منصوبہ ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس میجر جنرل عرفان احمد ملک کے وژن کی عکاس ہے جس سے پورے راولپنڈی میں ایک ایسے شاندار منصوبے کا قیام ہے۔

ہم کسی بھی سیاسی جماعت پر پابندی کے حامی نہیں، جے یو آئی

حکمران ہر شعبہ میں بری طرح ناکام ہو چکے، اپنا اقتدار بچانے کیلئے جمہوریت کا گلا گھونٹ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہم کسی بھی سیاسی جماعت پر پابندی کے حامی نہیں ہیں، برسر اقتدار طبقہ ملک میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

لاہور، دوسرے شہروں سے آئے پردیسی رات قیام کرنے کے لئے پناہ گاہ کھلنے کا انتظار کر رہے ہیں

پی ٹی آئی پر پابندی لگانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا، محمد حسین

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پر پابندی لگنے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا، سیاسی کارکنوں پر فائرنگ ریاستی جبر کی انتہا ہے پوری قوم شہید کارکنوں کے اہلخانہ کے ساتھ کھڑی ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ حکمران اپنے دھاندلی زدہ اقتدار کو بچانے کیلئے ریاستی طاقت کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں یہ اپنے منطقی انجام سے بچ نہیں سکیں گے انہیں ہر ظلم کا حساب دینا پڑے گا، ملک کے آئین اور جمہوری اقدار کے مطابق پر امن احتجاج ہر سیاسی پارٹی اور شہری کا حق ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایڈز سے بچاؤ کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایڈز سے بچاؤ کا عالمی دن منایا گیا۔ ایڈز کا عالمی دن دنیا میں پہلی بار 1987 میں منایا گیا، اس دن کو منانے کا مقصد ایڈز جیسے مہلک مرض سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر کے بارے میں آگاہی اور لوگوں کو معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں صحت اور مختلف این جی اوز کی جانب سے سیمینارز اور خصوصی واکس کا اہتمام کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ایڈز کے مرض کو دریافت ہوئے 25 سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے۔

چین کے وزیر خارجہ کی کرغز ہم منصب سے ملاقات

دوطرفہ عملی تعاون کے تازہ نتائج دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے بے پناہ امکانات کو مکمل طور پر ظاہر کرتے ہیں

چھنگ دو (شنہوا) چین کے وزیر خارجہ وانگ یی نے چین کے جنوب مغربی شہر چھنگ دو میں کرغزستان کے وزیر خارجہ کولو بائیوف زین بیک مولدو کانووچ سے ملاقات کی ہے۔ وانگ یی نے کہا ہے کہ دوطرفہ عملی تعاون کے تازہ نتائج دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے بے پناہ امکانات کو مکمل طور پر ظاہر کرتے ہیں۔ وانگ نے دونوں فریقوں پر زور دیا کہ وہ باہمی احترام اور حمایت کی عمدہ روایات کو آگے بڑھائیں، باہمی تزویراتی اعتماد کو گہرا کریں، باہمی مفید تعاون کو بڑھائیں اور چین-کرغزستان جامع تزویراتی شراکت داری کو ایک نئے دور میں نئی سطح تک لے کر جائیں۔ چھنگ دو میں 5 ویں چین-وسطی ایشیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

حضور ﷺ کے ذکر کی محفل سجانا بہت بڑی سعادت ہے، مفتی محمد رمضان قادری

پر فتن دور میں نبی ﷺ کی سیرت و کردار پر بیان کرانے کیلئے محفل سجانے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک شاہدرہ کے صدر مفتی محمد رمضان قادری نے کہا ہے کہ حضور ﷺ کے ذکر کی محفل سجانے بہت سعادت ہے، رحمت والے نبی ﷺ جیسا نہ کوئی نہ قیامت تک آئے گا ہم درود سلام کے نذرانے ہم لحہ پیش کرتے ہیں، اس پر فتن دور میں نبی ﷺ کی سیرت و کردار پر بیان کرانے کیلئے محفل سجانے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شاہدرہ میں محفل میلاد مصطفی سے خطاب کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

عوام کو سیاسی آزادی و بنیادی حقوق میسر نہیں، حافظ بلال درانی

عوام مہنگائی سے تنگ آ چکے اور حکمران آئے روز انہیں پیٹرول قیمت میں اضافہ کے تحفے دے رہی ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) ضلع لاہور کے سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد بلال درانی نے کہا ہے کہ عوام کو سیاسی آزادی اور بنیادی حقوق میسر نہیں ہیں۔ سردیوں کا موسم شروع ہوتے ہی بجلی اور گیس کی لوڈ شیڈنگ حکومت کی عدم موجودگی کا احساس دلاتی ہے۔ عوام مہنگائی سے تنگ آ چکے ہیں اور حکمران آئے روز انہیں پیٹرول کی قیمت میں اضافے کے تحفے دے رہے ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ حکمران عوام کے بنیادی مسائل کو بھی اپنی ترجیح بنائیں۔

سموگ کا روگ کم نہ ہوا، لاہور آج بھی دنیا کا آلودہ ترین شہر

باغوں کے شہر لاہور میں فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 303 ریکارڈ کی گئی

کینٹ کے علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 519 پر جا پہنچا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پھر پہلے نمبر پر آ گیا۔ باغوں کے شہر لاہور میں فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 303 ریکارڈ کی گئی، کینٹ کے علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 519 پر جا پہنچا، یو ایس قونصلیٹ کے علاقے میں اے کیو آئی 410 ریکارڈ کیا گیا، ایم ایم عالم روڈ گلبرگ میں ایئر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

ایف بی آر تنظیم نو کیلئے رواں ماہ آرڈیننس جاری ہونے کا امکان

وزیراعظم نے آرڈیننس کے مسودے کی اصولی منظوری بھی دیدی ہے، ذرائع

پہلے مرحلے کے تحت شارٹ ٹرم پلان پر عملدرآمد پہلے سے جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی تنظیم نو اور اصلاحات کے نفاذ کیلیے رواں ماہ آرڈیننس جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ آرڈیننس کے تحت طویل المیعاد اصلاحات متعارف کروائی جائیں گی جبکہ پہلے مرحلے کے تحت شارٹ ٹرم پلان پر عملدرآمد پہلے سے جاری ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

پاکستان ٹیکس بار کا معلومات کے حصول کے لئے چیئرمین ایف بی آر کو خط

ریفنڈز کے علیحدہ زونز کی کارکردگی، ود ہولڈنگ نظام کے ذریعے کتنے لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا گیا آگاہ کیا جائے

فیک اینڈ فلائنگ انوائسز کے حوالے سے مہم چلائی گئی، ایف آئی آرز کے تحت کتنے لوگوں کے خلاف، کتنا ریونیو اکٹھا ہوا

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے اقدامات سے متعلق معلومات کیلئے آرٹیکل 19 اے کے تحت خط ارسال کر دیا۔ پاکستان ٹیکس بار کے صدر انور کاشف ممتاز، سینئر نائب صدور زاہد عتیق چودھری، فاروق مجید، نائب صدر عاشق علی رانا، جنرل سیکرٹری ریحان صدیقی، جوائنٹ سیکرٹری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

ازبکستان کے سفیر کا کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کا دورہ

پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کی برآمدات، باہمی تجارت کے فروغ بارے تبادلہ خیال

ہاتھ سے بنے قالینوں کو متعارف کرانے کیلئے ازبکستان میں سنگل کنٹری نمائشوں کا انعقاد کرایا جائے، چیئرمین عتیق الرحمان

لاہور (این این آئی) پاکستان میں ازبکستان کے سفیر علی شیر توقتایف نے پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کی برآمدات سمیت باہمی تجارت کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ ازبکستان کے سفیر علی شیر توقتایف نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ این سی اے میں مذہبی عبادت گاہوں میں تکنیکی مدد کے حوالے سے ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چین روس مشترکہ فضائی گشت کا موجودہ بین الاقوامی صورتحال سے کوئی تعلق نہیں، چینی وزارت دفاع

بیجنگ (این این آئی) چینی اور روسی افواج نے مشترکہ اسٹریٹجک فضائی گشت کیا۔ چینی وزارت دفاع کے ترجمان زانگ شیاؤ گانگ نے اتوار کے روز اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ 29 سے 30 نومبر تک چینی اور روسی فضائی افواج نے بحیرہ جاپان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

پریس کلب کے سامنے نجی ٹی وی کے زیر اہتمام مرکزی تقریب کا انعقاد

سندھ کے نامور فنکاروں نے سندھی گیت پیش کئے، سندھی اجرک اور ٹوپی پہنے بچوں بڑوں کے جئے سندھ نعرے

سکھر (این این آئی) سکھر میں بھی یوم سندھ ثقافت جوش و خروش کیساتھ منایا گیا، سماجی، سیاسی تنظیموں سمیت شہریوں کی جانب سے ریلیوں کا انعقاد، پریس کلب کے سامنے نجی ٹی وی کے زیر اہتمام مرکزی تقریب کا انعقاد، سندھ کے نامور فنکاروں نے سندھی گیت پیش کئے، سندھی اجرک اور ٹوپی پہنے بچوں بڑوں کے جئے سندھ نعرے، ریلیوں کے شرکاء کا شہر کی سڑکوں کی پر رقص، بچوں کو چہرے پر خوشی کے رنگ، سیکورٹی کے سخت انتظامات تفصیلات کے مطابق ملک کے دیگر شہروں خصوصاً سندھ بھر کی طرح سکھر اضلاع میں بھی سندھ کے ثقافتی دن کے موقع پر یوم ثقافت نہایت جوش و خروش کیساتھ منایا گیا اس حوالے سے سکھر اور اسکے گردونواح کی مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کی جانب سے ریلیاں نکالی گئیں۔

الیکشن ایکٹ میں ترمیم کیخلاف پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت 4 دسمبر کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کا 6 رکنی آئینی بینچ الیکشن ایکٹ 2017 میں ترامیم پر عملدرآمد کے خلاف تحریک انصاف کی جانب سے دائر درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

لاہور، ن لیگ و پی ٹی آئی کے سابق عہدیداران مرکزی مسلم لیگ میں شمولیت کے موقع پر یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت این سی اے میں اجلاس

مذہبی عبادت گاہوں کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے لیے درکار تکنیکی تعاون پر تفصیل سے گفتگو کی گئی

این سی اے کی انتظامیہ نے کالج کے شاندار ورثے کو اجاگر کرنے والی ایک دستاویزی فلم پیش کی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ نے نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں مذہبی عبادت گاہوں بشمول گردواروں، گرجا گھروں اور دیگر روحانی اہمیت کے مقامات کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے لیے درکار تکنیکی تعاون پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں این سی اے کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری اور کالج کے فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ مذہبی مقامات کی بحالی اور تحفظ کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

لاہور، قلی مسافروں کے انتظار میں ریلوے اسٹیشن کے داخلی راستے میں بیٹھے ہوئے ہیں

پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے رکنیت سازی مہم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا

پی ٹی آئی کے سابق یوسی چیئرمین میاں مقبول، مرزا شہباز، تبسم جٹ کا شمولیت کا اعلان

رکنیت سازی مہم میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری پروفیسر سیف اللہ خالد نے خصوصی شرکت کی

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے اپنی رکنیت سازی مہم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا۔ پی ٹی آئی کے سابق یوسی چیئرمین میاں مقبول، مرزا شہباز اور تبسم جٹ نے پاکستان مرکزی مسلم لیگ میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ رکنیت سازی مہم میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری پروفیسر سیف اللہ خالد نے خصوصی شرکت کی جبکہ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی بھی موجود تھے۔ اس کے علاوہ شیخ صداقت علی، محمد اعجاز احمد، چوہدری معاذ اشتیاق اور سعد شاہین نے بھی تقریب میں شرکت کی۔

چین کی تائیوان کو امریکی اسلحے کی فروخت کی مخالفت اور احتجاج

چین کی خودمختاری و سلامتی کے مفادات کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ترجمان

بیجنگ (شنہوا) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ چین کے تائیوان خطے کو امریکی اسلحے کی فروخت کی چین سخت مذمت کرتے ہوئے اس کی سختی سے مخالفت کرتا ہے اور امریکہ سے شدید احتجاج بھی کیا ہے۔ امریکی محکمہ دفاع نے 30 نومبر کو اعلان کیا تھا کہ محکمہ خارجہ نے تائیوان کو 38 کروڑ 50 لاکھ امریکی ڈالر مالیت کے ہتھیاروں کی فروخت کی منظوری دی ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے جمعہ کو امریکی اقدام کے جواب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

لاہور، موسم کی شدت میں اضافے کے باعث حاجی کیمپ کے باہر لگے لنڈا بازار سے خریداری کرنے والوں کا رش

آکلینڈ میں چین-نیوزی لینڈ دوستی گہرا کرنیکے بارے میں سیمینار کا انعقاد

آکلینڈ، نیوزی لینڈ (شنہوا) چین اور نیوزی لینڈ کے درمیان عملی تعاون کو بڑھانے اور دوستی کو گہرا کرنے کے بارے میں منعقدہ ایک سیمینار میں شرکت کرنے والی دونوں ممالک کی اہم شخصیات نے چین اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے لیے باہمی خواہشات پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ سیمینار آکلینڈ میں نیوزی لینڈ چائنہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

چین کے اعلیٰ قانون ساز کا یونان کے ساتھ روایتی دوستی کو فروغ دینے کا عہد

ایتھنز (شنہوا) چین کے اعلیٰ قانون ساز ژاؤ لے جی نے یونان کے ساتھ روایتی دوستی کو آگے بڑھانے اور باہمی حمایت کو مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ یونان کے اپنے سرکاری خیر سگالی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

ڈمپر ہوں یا ٹینکر یہ موت کی علامت بن چکے ہیں، منعم ظفر

یونیورسٹی روڈ پر بھی ٹینکر چل رہے ہیں، طلبا احتجاج کر رہے ہیں، اس ٹینکر مافیا کو روکا جائے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے کہا ہے کہ ڈمپر ہوں یا ٹینکر یہ موت کی علامت بن چکے ہیں۔ کراچی میں ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کل جمالی پل کے پاس اندوہناک حادثے میں ڈمپر نے میاں بیوی کو کچل دیا، حادثے کی ذمہ داری واٹر بورڈ اور حکومت سندھ پر عائد ہوتی ہے۔ منعم ظفر نے کہا کہ ریڈ لائن پر کام کے باعث

کراچی میں موسم سرد ہونے لگا، درجہ حرارت 2.7 ڈگری گر گیا

بلوچستان میں داخل ہونے والے مغربی سلسلے کے اثرات 5 دسمبر سے کراچی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں رات کے وقت خنکی بڑھ گئی سے کم سے کم پارہ گزشتہ روز کے مقابلے میں 2.7 ڈگری گر گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج صبح کم سے کم درجہ حرارت 17.7 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ بلوچستان میں داخل ہونے والے مغربی سلسلے کے اثرات 5 دسمبر سے کراچی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔ بلوچستان کی جانب سے چلنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

پیپلز پارٹی غریب مظلوم محکوم عوام کی نمائندہ پارٹی ہے، میر محمد بلال عمرانی

میر صادق عمرانی 55 سالوں شہید ذوالفقار علی بھٹو کے نظریے پر قائم ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کے احکامات پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال عمرانی کی زیر صدارت یوم تاسیس کے حوالے سے عمرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں شہریوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

چین کا عروج تمام ممالک کے لیے ایک موقع ہے، ہنگری عہدیدار

اس سال چین اور ہنگری کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ ہے

بیجنگ (شنہوا) ہنگری کے وزیر اعظم کے سیاسی ڈائریکٹر بلاز اینڈراس اوربان نے کہا ہے کہ چین کا عروج تمام ممالک کے لیے ایک موقع ہے اور ہنگری چین کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کے لیے تیار ہے۔ اس سال چین اور ہنگری کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ ہے۔ دونوں ممالک کی قیادت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

چین میں بڑے منصوبے سے 76.5 ارب مکعب میٹر پانی شمال کی سمت منتقل

حتمی طور پر اس کی مرکزی، مشرقی اور مغربی 3 گزرگاہیں ہوں گی

بیجنگ (شنہوا) چین کے جنوب تا شمال پانی منتقلی منصوبے کی مشرقی اور وسطی گزرگاہوں سے ملک کے خشک سالی کے شکار شمالی علاقوں کو 76.5 ارب مکعب میٹر پانی منتقل کیا گیا ہے۔ قومی آبی نظام اور منصوبے کی اعلیٰ معیار کی ترقی سے متعلق ایک فورم میں پیش کردہ اعداد و شمار کے مطابق اس منصوبے سے 18 کروڑ 50 لاکھ سے زائد افراد کو فائدہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

چائنہ کوسٹ گارڈ کا ہوانگ یان ڈاؤ کے اطراف گشت کا انعقاد

بیجنگ (شنہوا) چائنہ کوسٹ گارڈ (سی سی جی) نے چین کے ہوانگ یان ڈاؤ اور اطراف کے علاقے کے پانیوں میں گشت کیا ہے۔ چائنہ کوسٹ گارڈ نے ایک بیان میں کہا کہ اس نے ہوانگ یان ڈاؤ اور اس کے اطراف کے علاقوں میں قانون نافذ کرنے والے گشت میں اضافہ کر دیا ہے اور نومبر سے متعلقہ پانیوں میں انتظام اور کنٹرول کو مضبوط بنایا ہے۔ بیان میں چین کی علاقائی خودمختاری،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کراچی، قصبہ کالونی میں نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر برآمد، تاحال شناخت نہیں ہو سکی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی میں نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر ملا ہے۔ پولیس کے مطابق اسلامیہ کالونی میں نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر ملا ہے، خاتون کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس نے کہا کہ مقتولہ خاتون کے دھڑ کی بھی تلاش جاری ہے، مقتولہ کی شناخت کی کوشش کر رہے ہیں۔

جامعہ بلوچستان کے طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبرز کی آئی جی ایف سی سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کے طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبرز نے آئی جی ایف سی سے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق یونیورسٹی آف بلوچستان کے طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبرز نے ہیڈکوارٹرز ایف سی بلوچستان (نارتھ) کا دورہ کیا، ایف سی ہیڈکوارٹرز آمد پر فیکلٹی ممبرز اور طلباء کی جانب سے یادگار شہداء پر سلامی دی گئی۔

سندھی کلچر آرگنائزنگ کمیٹی ڈھاڈر کی جانب سے سندھی ٹوپی اجرک ڈے کی مناسبت سے ریلی نکالی گئی

بولان (این این آئی) سندھی کلچر آرگنائزنگ کمیٹی ڈھاڈر کی جانب سے سندھی ٹوپی اجرک ڈے کی مناسبت سے ریلی کا انعقاد ڈھول کی تھاپ پر نوجوانوں کا ثقافتی رقص، ہزاروں سالوں پر محیط سندھی کلچر مہر محبت کی داستانیں سمیٹ رہی ہے آج کے دن سندھی کلچر دنیا میں منانے کا مقصد سندھی زبان ثقافت روایات امن پسندی کو زندہ رکھنا ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

چین کی کوانٹم سائنس اور ٹیکنالوجی میں متعدد بڑی اختراعات

چین نے 10 ہزار کلومیٹر سے زائد کوانٹم کمیونیکیشن کا مرکزی نیٹ ورک تعمیر کر لیا

بیجنگ (این این آئی) کوانٹم ٹیکنالوجی اینڈ انڈسٹری کانفرنس 2024 ختم ہوگئی۔ چین نے کوانٹم سائنس اور ٹیکنالوجی میں متعدد بڑی اختراعات سامنے لائی ہیں۔ موجودہ کانفرنس نے کوانٹم انڈسٹری کی جدت طراز کامیابیوں کے لئے 5،000 مربع میٹر کا نمائشی علاقہ قائم کیا، جس نے کوانٹم ٹیکنالوجی کے 50 سے زیادہ چینی اپ سٹریم اور ڈاؤن اسٹریم معروف کاروباری اداروں کو نمائش میں شرکت کے لئے راغب کیا۔ کوانٹم فیلڈ میں اہم سائنسی اور تکنیکی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

لاہور کاریگر گیزر تیار کر رہا ہے

چین کی لائی چھنگ ڈہ کا ''ٹرانزٹ'' انتظام کرنے پر امریکہ کی شدید مذمت

چین علاقائی سالمیت کے دفاع کے لئے ٹھوس اور مضبوط اقدامات اٹھائے گا، وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے چین کے تائیوان کے رہنما لائی چھنگ ڈہ کی امریکہ کے راستے ''ٹرانزٹ'' پر تبصرہ کرتے ہوئے نشاندہی کی کہ چین، امریکہ اور تائیوان کے درمیان کسی بھی قسم کے سرکاری تبادلے کی سختی سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

کراچی اور پشاور کے مختلف علاقوں میں انٹرنیٹ کی اسپیڈ شدید متاثر

کئی علاقوں میں وائی فائی سروس میں بھی خلل آ رہا ہے، صارفین کو مشکلات کا سامنا

کراچی، پشاور (این این آئی) کراچی اور پشاور کے مختلف علاقوں میں انٹرنیٹ کی رفتار شدید متاثر ہونے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ صارفین کے مطابق کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد، گلشن اور کارساز کے کئی مقامات پر انٹرنیٹ اسپیڈ متاثر ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ کئی علاقوں میں وائی فائی سروس میں بھی خلل آ رہا ہے۔ دوسری جانب پشاور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

پی ٹی آئی دور کے منصوبے ''نیا پاکستان منزلیں آسان'' منصوبے میں اربوں روپے کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو کی رپورٹ میں نیا پاکستان منزلیں آسان میں 30 ارب روپے کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت میں شروع کئے گئے منصوبے ''نیا پاکستان منزلیں آسان'' منصوبے میں اربوں روپے کی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ پنجاب اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو کی رپورٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

IAS
GRADUATION
Ceremony
INSTITUTE OF ADMINISTRATIVE SCIENCES

لاہور، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ آف ایڈمنسٹریٹو سائنسز کے زیر اہتمام تقریب تقسیم اسناد میں طالبہ کو سند پیش کر رہے ہیں

اعلان تقرری

ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
قوت

محمد اعجاز
تحصیل رپورٹر کوٹ مومن
0300-0907590
مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔
ادارہ